عَلٰۤى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	شَىۡءٍ	: شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔
اَمۡرُهٗۤ	: امر، آمر، مامور، امور۔	تُرۡجَعُوۡنَ	: رجوع، راجع، رجعت پسندی۔

مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ	نَارًا	فَاِذَآ ①	اَنْتُمْ	مِّنْهُ	تُوْقِدُوْنَ ﴿80﴾
سرسبز درخت سے	آگ	پھر یکایک	تم	اس سے	تم سب آگ جلاتے ہو

اَوَلَيْسَ	الَّذِیْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ
اور (بھلا) کیا نہیں	جس نے	پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین (کو)

وقف غفران

بِقٰدِرٍ ②	عَلٰٓی	اَنْ	يَّخْلُقَ	مِثْلَهُمْ ط	بَلٰی ق	وَ
قادر	(اس بات) پر	کہ	وہ پیدا کرے	ان کی مثل	ہاں کیوں نہیں	اور

هُوَ الْخَلّٰقُ ③④	الْعَلِيْمُ ﴿81﴾ ④	اِنَّمَآ	اَمْرُهٗٓ	اِذَآ ①
وہی سب کچھ پیدا کرنے والا	سب کچھ جاننے والا ہے	بیشک صرف	اسکا حکم	جب

اَرَادَ	شَيْئًا ⑤	اَنْ	يَّقُوْلَ	لَهٗ	كُنْ
وہ ارادہ کرتا ہے	کسی چیز کا	(یہ ہوتا ہے) کہ	وہ کہتا ہے	اس کو	ہوجا

فَيَكُوْنُ ﴿82﴾ ⑥	فَسُبْحٰنَ ⑥	الَّذِیْ ⑦	بِيَدِهٖ
تو وہ ہوجاتی ہے	سو پاک ہے	(وہ ذات) جو	اُس کے ہاتھ میں

ع 16 5 4

مَلَكُوْتُ	كُلِّ شَیْءٍ	وَّ ⑧	اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ ﴿83﴾ ⑨ ع
بادشاہی (ہے)	ہر چیز (کی)	اور	اسی کی طرف	تم سب لوٹائے جاؤگے۔

ضروری وضاحت

① اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک یا یکا یک کیا جاتا ہے۔ ② یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ③ هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں وہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ اَلْخَلَّاقُ اور اَلْعَلِيْمُ دونوں میں مبالغے کا مفہوم ہے۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو، سو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔ ⑦ اَلَّذِیْ واحد مذکر اور اَلَّذِيْنَ جمع مذکر کے لیے ہے۔ ⑧ وَ کا ترجمہ کبھی اور کبھی حالانکہ اور کبھی قسم ہے کیا جاتا ہے۔ ⑨ تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

ایاتُھا 182 — 37 سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ مَكِّيَّةٌ 56 — رُكُوعَاتُهَا 5

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

وَالصّٰٓفّٰتِ	قسم ہے صف باندھنے والی (جماعتوں) کی
صَفًّا ۙ﴿1﴾	خوب صف باندھنا۔ ﴿1﴾
فَالزّٰجِرٰتِ زَجۡرًا ۙ﴿2﴾	پھر ان کی جو ڈانٹنے والی ہیں زبردست ڈانٹنا۔ ﴿2﴾
فَالتّٰلِيٰتِ ذِكۡرًا ۙ﴿3﴾	پھر انکی جو تلاوت کرنے والی ہیں ذکر (یعنی قرآن) کی ﴿3﴾
اِنَّ اِلٰهَكُمۡ لَوَاحِدٌ ؕ﴿4﴾	بے شک تمہارا معبود یقیناً ایک ہے۔ ﴿4﴾
رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ	(وہی) آسمانوں اور زمین کا رب ہے
وَمَا بَيۡنَهُمَا	اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے
وَرَبُّ الۡمَشَارِقِ ؕ﴿5﴾	اور تمام مشرقوں کا رب ہے۔ ﴿5﴾
اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنۡيَا	بے شک ہم نے مزین کیا دنیوی آسمان کو
بِزِيۡنَةِ ۣالۡكَوَاكِبِ ۙ﴿6﴾	ستاروں کی زینت سے۔ ﴿6﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الصّٰٓفّٰتِ	صف بندی، صف اوّل۔	وَ	مال ودولت، عفوودرگزر، قول واقرار۔
فَالزّٰجِرٰتِ	زجروتوبیخ۔	رَبُّ	رب تعالیٰ، رب العالمین، مربی۔
فَالتّٰلِيٰتِ	تلاوت، وحی متلو۔	الۡمَشَارِقِ	مشرق ومغرب، شرق وغرب۔
اِلٰهَكُمۡ	الٰہ العالمین، الوہیت، یاالٰہی۔	زَيَّنَّا	زیب وزینت، مزیّن، تزئین وآرائش۔
لَوَاحِدٌ	واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔	السَّمَآءَ	کتب سماویہ، ارض وسماء۔
السَّمٰوٰتِ	کتب سماویہ، ارض وسماء۔	الدُّنۡيَا	دنیاوآخرت، دین و دنیا، دنیاداری۔
الۡاَرۡضِ	ارض وسماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔	بِزِيۡنَةِ	زیب وزینت، مزیّن، تزئین وآرائش۔
بَيۡنَهُمَا	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	الۡكَوَاكِبِ	کوکب، کواکب۔

اٰیَاتُہَا 182 — 37 سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ مَکِّیَّۃٌ 56 — رُکُوْعَاتُہَا 5

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَ ①	الصّٰٓفّٰتِ ②③	صَفًّا (1) لا	فَالزّٰجِرٰتِ ②③④
قسم ہے	صف باندھنے والی (جماعتوں) کی	خوب صف باندھنا	پھر (ان کی جو) ڈانٹنے والی ہیں

زَجْرًا (2) لا	فَالتّٰلِیٰتِ ②③④	ذِکْرًا (3) لا
زبردست ڈانٹنا	پھر (ان کی جو) تلاوت کرنے والی ہیں	ذکر (یعنی قرآن کی)

اِنَّ ⑤	اِلٰـھَکُمْ	لَوَاحِدٌ ⑥ (4) ط	رَبُّ
بیشک	تمہارا معبود	یقیناً ایک ہے	رب

السَّمٰوٰتِ ②	وَ ①	الْاَرْضِ	وَ ①	مَا	بَیْنَھُمَا
آسمانوں (کا)	اور	زمین (کا)	اور	جو (کچھ)	ان دونوں کے درمیان

وَ ①	رَبُّ	الْمَشَارِقِ (5) ط	اِنَّا ⑦
اور	رب	تمام مشرقوں کا	بے شک ہم نے

زَیَّنَّا	السَّمَآءَ الدُّنْیَا	بِزِیْنَۃِ الْکَوَاکِبِ (6) لا
ہم نے مزین کیا	دنیاوی آسمان (کو)	ایک آرائش (یعنی) ستاروں سے

ضروری وضاحت

① وَ کا ترجمہ کبھی اور کبھی حالانکہ اور کبھی قسم ہے کیا جاتا ہے۔② ات اور ۃ اسم کے ساتھ مؤنث کی علامات ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ الصّٰٓفّٰتِ فَالزّٰجِرٰتِ فَالتّٰلِیٰتِ سے مراد فرشتے ہیں یا مجاہدین اور نمازیوں کی جماعتیں ہیں۔④ علامت فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو، سو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔⑤ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔⑥ علامت لَ اسم، فعل، حرف کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔⑦ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

وَحِفۡظًا مِّنۡ كُلِّ شَيۡطٰنٍ مَّارِدٍ ﴿7﴾	اور ہر سرکش شیطان سے حفاظت کے لیے۔ ﴿7﴾
لَا يَسَّمَّعُوۡنَ اِلَى الۡمَلَاِ الۡاَعۡلٰى	وہ کان نہیں لگا سکتے اوپر کی مجلس کی طرف
وَيُقۡذَفُوۡنَ مِنۡ كُلِّ جَانِبٍ ﴿8﴾	اور ہر جانب سے (ان پر انگارے) پھینکے جاتے ہیں۔ ﴿8﴾
دُحُوۡرًا وَّلَهُمۡ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ﴿9﴾	بھگانے کے لیے اور انکے لیے دائمی عذاب ہے ﴿9﴾
اِلَّا مَنۡ خَطِفَ الۡخَطۡفَةَ	مگر جو کوئی اچانک اچک لے جھٹ سے
فَاَتۡبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿10﴾	تو پیچھا کرتا ہے اس کا ایک چمکتا ہوا شعلہ۔ ﴿10﴾
فَاسۡتَفۡتِهِمۡ اَهُمۡ	پس آپ پوچھیے ان (کافروں) سے کیا وہ
اَشَدُّ خَلۡقًا	زیادہ سخت (مشکل) ہیں پیدا کرنے کے لحاظ سے
اَمۡ مَّنۡ خَلَقۡنَا	یا (وہ) جنہیں ہم نے پیدا کیا
اِنَّا خَلَقۡنٰهُمۡ مِّنۡ طِيۡنٍ لَّازِبٍ ﴿11﴾	بیشک ہم نے پیدا کیا ان (انسانوں) کو لیس دار مٹی سے۔ ﴿11﴾
بَلۡ عَجِبۡتَ	بلکہ آپ نے (انکے انکارِ آخرت پر) تعجب کیا
وَيَسۡخَرُوۡنَ ﴿12﴾	اور وہ مذاق اڑاتے ہیں۔ ﴿12﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

حِفۡظًا	: حافظ، محافظ، حفاظت، تحفظ۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
يَسَّمَّعُوۡنَ	: سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع، سامع۔
اِلَى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
الۡاَعۡلٰى	: اعلیٰ وارفع، اعلیٰ مقام، علوّ ومنزلت ۔
جَانِبٍ	: جانب، جانبین، منجانب، عقبی جانب۔
اِلَّا	: اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
فَاَتۡبَعَهٗ	: اتباع، تابع، متبع سنت۔
شِهَابٌ	: شہاب ثاقب۔
فَاسۡتَفۡتِهِمۡ	: فتویٰ، مفتی، دالافتاء، استفتاء۔
اَشَدُّ	: شدید، شدت، مشدد، تشدد۔
خَلۡقًا	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
مِّنۡ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
بَلۡ	: بلکہ۔
عَجِبۡتَ	: عجب، عجیب، تعجب، عجائب گھر۔
يَسۡخَرُوۡنَ	: تمسخر اڑانا، مسخرہ پن۔

وَ	حِفْظًا	مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ﴿7﴾	لَا يَسَّمَّعُوْنَ ①
اور	حفاظت (کے لیے)	ہر سرکش شیطان سے	نہیں وہ سب کان لگا سکتے

اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى	وَ	يُقْذَفُوْنَ ②	مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ﴿8﴾
اوپر کی مجلس کی طرف	اور	وہ سب پھینکے جاتے ہیں	ہر جانب سے

دُحُوْرًا	وَّلَهُمْ ③	عَذَابٌ	وَّاصِبٌ ﴿9﴾	اِلَّا	مَنْ ④	خَطِفَ
بھگانے (کے لیے)	اور ان کے لیے	عذاب	دائمی	مگر	جو	اچک لے

الْخَطْفَةَ	فَاَتْبَعَهٗ	شِهَابٌ ⑤	ثَاقِبٌ ﴿10﴾	فَاسْتَفْتِهِمْ
جھٹ سے	تو پیچھا کرتا ہے اسکا	ایک شعلہ	چمکتا ہوا	پس آپ پوچھیے ان (کافروں) سے

اَ	هُمْ	اَشَدُّ ⑥	خَلْقًا	اَمْ ⑦	مَّنْ ④	خَلَقْنَا
کیا	وہ	زیادہ سخت ہیں	پیدا کرنے (کے لحاظ سے)	یا (وہ)	جنہیں	ہم نے پیدا کیا

اِنَّا ⑧	خَلَقْنٰهُمْ	مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ﴿11﴾
بے شک ہم نے	ہم نے پیدا کیا ان کو	لیس دار مٹی سے

بَلْ	عَجِبْتَ	وَ	يَسْخَرُوْنَ ﴿12﴾
بلکہ	آپ نے تعجب کیا	اور	وہ سب مذاق اڑاتے ہیں

ضروری وضاحت

①لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔②يُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔③لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔④مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔⑤ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥اَشَدَّ کے اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑦اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔⑧اِنَّا دراصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔

وَاِذَا ذُكِّرُوْا	اور جب وہ نصیحت کیے جائیں
لَا يَذْكُرُوْنَ ﴿13﴾ وَاِذَا	(تو) وہ نصیحت قبول نہیں کرتے۔ ﴿13﴾ اور جب
رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ﴿14﴾	وہ کوئی نشانی دیکھیں (تو) وہ مذاق اڑاتے ہیں۔ ﴿14﴾
وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿15﴾	اور وہ کہتے ہیں نہیں ہے یہ مگر ایک واضح جادو۔ ﴿15﴾
ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا	کیا جب ہم مر جائیں گے اور ہم ہو جائیں گے مٹی
وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿16﴾	اور ہڈیاں کیا بیشک ہم واقعی اٹھائے جانیوالے ہیں ﴿16﴾
اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿17﴾	اور (بھلا) کیا ہمارے پہلے باپ دادا (بھی)۔ ﴿17﴾
قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ﴿18﴾	کہہ دیجیے ہاں اور تم ذلیل وخوار ہو گے۔ ﴿18﴾
فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ	سو بیشک صرف وہ ایک ہی ڈانٹ (زور کی آواز) ہو گی
فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿19﴾	تو اچانک وہ (زندہ ہو کر) دیکھ رہے ہوں گے۔ ﴿19﴾
وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا	اور وہ کہیں گے ہائے ہماری بربادی
هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿20﴾	یہ (تو) جزا کا دن ہے۔ ﴿20﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ذُكِّرُوْا	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	مُّبِيْنٌ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	مِتْنَا	موت وحیات، حیاتی مماتی۔
رَاَوْا	رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	تُرَابًا	تربت، ابوتراب۔
اٰيَةً	آیت، آیات قرآنی۔	لَمَبْعُوْثُوْنَ	بعث بعد الموت، بعثت، مبعوث۔
قَالُوْٓا	قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	اٰبَآؤُنَا	آباؤاجداد، آبائی علاقہ۔
هٰذَا	لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس، حامل رقعہ ہٰذا۔	الْاَوَّلُوْنَ	اوّل وآخر، اوّل انعام، اوّل پوزیشن۔
اِلَّا	اِلَّا ماشاء اللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔	وَّاحِدَةٌ	واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔
سِحْرٌ	سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔	يَنْظُرُوْنَ	نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔

وَ اِذَا ①	ذُكِّرُوْا ②	لَا	يَذْكُرُوْنَ ﴿13﴾	وَ اِذَا ①
اور جب	وہ سب نصیحت کیے جائیں	(تو) نہیں	وہ سب نصیحت قبول کرتے	اور جب

رَاَوْا	اٰيَةً	يَّسْتَسْخِرُوْنَ ﴿14﴾	وَقَالُوْٓا ③
وہ سب دیکھیں	کوئی نشانی	(تو) وہ سب مذاق اڑاتے ہیں	اور وہ سب کہتے ہیں

اِنْ ④	هٰذَآ	اِلَّا	سِحْرٌ	مُّبِيْنٌ ﴿15﴾	ءَ اِذَا ①	مِتْنَا
نہیں	یہ	مگر	ایک جادو	واضح	کیا جب	ہم مر جائیں گے

وَكُنَّا ③	تُرَابًا	وَّعِظَامًا	ءَ اِنَّا	لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿16﴾
اور ہم ہو جائیں گے	مٹی	اور ہڈیاں	کیا بیشک ہم	واقعی سب اٹھائے جانیوالے

اَوَ	اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ⑤ ﴿17﴾	قُلْ ⑥	نَعَمْ	وَاَنْتُمْ
اور کیا	ہمارے پہلے باپ دادا (بھی)	آپ کہہ دیجیے	ہاں	اور تم

دَاخِرُوْنَ ﴿18﴾	فَاِنَّمَا ⑦	هِيَ	زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ	فَاِذَا
سب ذلیل وخوار ہونیوالے (ہو)	سو بیشک صرف	وہ	ایک ہی ڈانٹ (ہوگی)	تو اچانک (زندہ ہوکر)

هُمْ يَنْظُرُوْنَ ⑧ ﴿19﴾	وَقَالُوْا ③	يٰوَيْلَنَا	هٰذَا	يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿20﴾
وہ سب دیکھ رہے ہوں گے	اور وہ سب کہیں گے	ہائے ہماری بربادی	یہ (تو)	جزا کا دن (ہے)

ضروری وضاحت

① اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک یا یکا یک کیا جاتا ہے۔② فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔③ یہ فعل گزرے ہوئے زمانے کا ہے ضرورتاً اس کا ترجمہ حال اور مستقبل میں کیا گیا ہے۔④ اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑤ یہاں وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥ قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے قواعد کی رو سے وٗ کو گرایا گیا ہے۔⑦ اِنَّ کیساتھ مَا ہو تو اس میں صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧ هُمْ اور یہ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔

هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ	یہی فیصلے کا دن ہے
ع 1/21/5 الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ع (21)	(وہ) جو تھے تم اس کا انکار کرتے۔ (21)
اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ	(فرشتوں سے کہا جائے گا) اکٹھا کرو (ان لوگوں کو) جنہوں نے
ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ	ظلم کیا اور ان کے جوڑوں کو
وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ لا (22)	اور (ان کو) جن کی وہ عبادت کرتے تھے۔ (22)
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ	اللہ کے سوا پھر لے چلو انہیں
الربع اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ الربع (23)	جہنم کے راستے کی طرف۔ (23)
وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ	اور (ابھی) ٹھہراؤ انہیں بے شک یہ
مَّسْئُوْلُوْنَ لا (24) مَا لَكُمْ	سوال کیے جانے والے ہیں۔ (24) کیا ہے تمہیں
لَا تَنَاصَرُوْنَ (25)	تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے۔ (25)
بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ (26)	بلکہ وہ آج فرمانبردار ہیں۔ (26)
وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ	اور متوجہ ہوگا ان کا بعض بعض پر (یعنی ایک دوسرے کی طرف)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَوْمُ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
الْفَصْلِ : فیصلہ، فیصل۔
تُكَذِّبُوْنَ : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
اُحْشُرُوْا : حشر، روزِ محشر، حشر و نشر۔
اَزْوَاجَهُمْ : زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
يَعْبُدُوْنَ : عبد، عابد، معبود، عبادت، عبادالرحمن۔
فَاهْدُوْهُمْ : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
اِلٰى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
صِرَاطِ : صراط مستقیم، پل صراط۔
وَقِفُوْهُمْ : وقف، وقفہ، موقوف۔
مَّسْئُوْلُوْنَ : سوال، سائل، مسئول۔
تَنَاصَرُوْنَ : نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔
الْيَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
مُسْتَسْلِمُوْنَ : تسلیم و رضا، سلامتی، اسلام۔
اَقْبَلَ : قبول، قبولیت، مقبول، اقبال۔

ع 21 1 5

هٰذَا	يَوْمُ الْفَصْلِ	الَّذِيْ ①	كُنْتُمْ	بِهٖ	تُكَذِّبُوْنَ ﴿21﴾ ع
یہی	فیصلے کا دن (ہے)	(وہ) جو	تھے تم	اس کا	تم سب انکار کرتے

اُحْشُرُوا ②	الَّذِيْنَ ①	ظَلَمُوْا	وَ	اَزْوَاجَهُمْ ③
تم سب اکٹھا کرو	(ان لوگوں کو) جن	سب نے ظلم کیا	اور	ان کے جوڑوں کو

وَ	مَا ④	كَانُوْا	يَعْبُدُوْنَ ﴿22﴾ لا	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ⑤
اور	(ان کو) جن کی	وہ سب تھے	وہ سب عبادت کرتے	اللہ کے سوا

الربع

فَاهْدُوْهُمْ ③	اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ﴿23﴾ الربع	وَ	قِفُوْهُمْ ③
پھر تم لے چلو انہیں	جہنم کے راستے کی طرف	اور	تم سب ٹھہراؤ انہیں

اِنَّهُمْ	مَّسْئُوْلُوْنَ ⑥ ﴿24﴾ لا	مَا	لَكُمْ	لَا تَنَاصَرُوْنَ ⑦ ﴿25﴾
بیشک وہ	سب سوال کیے جانیوالے (ہیں)	کیا (ہے)	تم کو	تم سب ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے

بَلْ	هُمُ	الْيَوْمَ	مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿26﴾
بلکہ	وہ	آج	سب فرمانبردار (ہیں)

وَ	اَقْبَلَ	بَعْضُهُمْ ③	عَلٰى بَعْضٍ
اور	متوجہ ہوگا	ان کا بعض	بعض پر (یعنی ایک دوسرے کی طرف)

ضروری وضاحت

① الَّذِیْ واحد مذکر اور الَّذِیْنَ جمع مذکر کے لیے ہے۔ ② فعل کے شروع میں أ اور آخر میں وا ہو تو اس میں حکم دینے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے اور فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔ ④ مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔ ⑤ لفظ دُوْنَ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ⑥ مَفْعُوْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا جانے والے کا مفہوم ہے۔ ⑦ اس فعل میں موجود تَ اور ا میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔

يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿27﴾	ایک دوسرے سے سوال کریں گے۔ ﴿27﴾
قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا	وہ کہیں گے بے شک تم آتے تھے ہمارے پاس
عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿28﴾	دائیں (اور بائیں) طرف سے۔ ﴿28﴾
قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا	وہ (لیڈر جواباً) کہیں گے بلکہ تم (خود ہی) نہیں تھے
مُؤْمِنِيْنَ ﴿29﴾	ایمان لانے والے۔ ﴿29﴾
وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ	اور نہیں تھا ہمارا تم پر کوئی زور
بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿30﴾	بلکہ تم (خود) تھے حد سے بڑھنے والے لوگ۔ ﴿30﴾
فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَآ	سو ثابت ہو چکی ہم پر ہمارے رب کی بات
اِنَّا لَذَآىِٕقُوْنَ ﴿31﴾	بے شک ہم ضرور چکھنے والے ہیں (عذاب)۔ ﴿31﴾
فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا	پس ہم نے گمراہ کیا تمہیں بلاشبہ ہم تھے
غٰوِيْنَ ﴿32﴾ فَاِنَّهُمْ يَوْمَىِٕذٍ	(خود بھی) گمراہ۔ ﴿32﴾ پس بے شک وہ اس دن
فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿33﴾	عذاب میں مشترک ہوں گے۔ ﴿33﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَتَسَآءَلُوْنَ : سوال، سائل، مسئول۔
قَالُوْٓا : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔
الْيَمِيْنِ : یمین و یسار، میمنہ و میسرہ۔
بَلْ : بلکہ۔
مُؤْمِنِيْنَ : ایمان، مومن، امن۔
عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
مِّنْ : منجانب، من و عن، من حیث القوم۔
سُلْطٰنٍ : سلطان، سلطانی گواہ، سلطنت۔

قَوْمًا : قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
طٰغِيْنَ : طاغوت، طغیانی، طاغوتی نظام۔
فَحَقَّ : حق و باطل، حقیقت، حق گوئی۔
رَبِّنَآ : ربّ، ربِّ کائنات، ربِّ ذوالجلال۔
لَذَآىِٕقُوْنَ : ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔
فَاَغْوَيْنٰكُمْ : مغوی، اغوا، اغواکار۔
يَوْمَىِٕذٍ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
مُشْتَرِكُوْنَ : مشترک، اشتراک، شراکت۔

يَتَسَآءَلُوْنَ ① ﴿27﴾	قَالُوْٓا ②	اِنَّكُمْ	كُنْتُمْ
وہ ایک دوسرے سے سوال کریں گے	وہ سب کہیں گے	بے شک تم	تھے تم

تَاْتُوْنَنَا	عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿28﴾	قَالُوْا ②	بَلْ
تم سب آتے ہمارے پاس	دائیں (اور بائیں) طرف سے	وہ سب (جواباً) کہیں گے	بلکہ

لَّمْ تَكُوْنُوْا	مُؤْمِنِيْنَ ﴿29﴾ ج	وَمَا	كَانَ ③	لَنَا ④
تم سب (خود ہی) نہیں تھے	سب ایمان لانے والے	اور نہیں	تھا	ہمارے لیے

عَلَيْكُمْ	مِّنْ سُلْطٰنٍ ج ⑤⑥	بَلْ	كُنْتُمْ	قَوْمًا
تم پر	کوئی زور	بلکہ	تم (خود) تھے	لوگ

طٰغِيْنَ ﴿30﴾	فَحَقَّ	عَلَيْنَا	قَوْلُ رَبِّنَآ صلے	اِنَّا ⑦
سب حد سے بڑھنے والے	سو ثابت ہو چکی	ہم پر	ہمارے رب کی بات	بے شک ہم

لَذَآئِقُوْنَ ﴿31﴾	فَاَغْوَيْنٰكُمْ ⑧	اِنَّا ⑦	كُنَّا	غٰوِيْنَ ﴿32﴾
ضرور چکھنے والے (ہیں عذاب)	پس ہم نے گمراہ کیا تمہیں	بلاشبہ ہم	تھے ہم (خود بھی)	سب گمراہ

فَاِنَّهُمْ	يَوْمَئِذٍ	فِي الْعَذَابِ	مُشْتَرِكُوْنَ ﴿33﴾
پس بے شک وہ	اس دن	عذاب میں	سب مشترک (ہوں گے)

ضروری وضاحت

① اس فعل میں موجود تَ اور ا میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔ ② یہ فعل گزرے ہوئے زمانے کا ہے ضرورتاً اس کا ترجمہ مستقبل میں کیا گیا ہے۔ ③ کَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔ ④ لَنَا میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔ ⑤ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔ ⑧ کُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو تمہیں کیا جاتا ہے۔

اِنَّا كَذٰلِكَ نَفۡعَلُ بِالۡمُجۡرِمِيۡنَ ﴿34﴾	بیشک ہم اسی طرح کیا کرتے ہیں مجرموں کے ساتھ ﴿34﴾
اِنَّهُمۡ كَانُوۡۤا	بے شک وہ (ایسے لوگ) تھے (کہ)
اِذَا قِيۡلَ لَهُمۡ لَاۤ اِلٰهَ	جب ان سے کہا جاتا کوئی (سچا) معبود نہیں
اِلَّا اللّٰهُ ۙ يَسۡتَكۡبِرُوۡنَ ۙ ﴿35﴾	اللہ کے سوا (تو) وہ تکبر کرتے ہیں۔ ﴿35﴾
وَيَقُوۡلُوۡنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوۡۤا	اور وہ کہتے کیا بیشک ہم واقعی چھوڑنے والے ہیں
اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجۡنُوۡنٍ ؕ ﴿36﴾	اپنے معبودوں کو ایک دیوانے شاعر کی وجہ سے۔ ﴿36﴾
بَلۡ جَآءَ بِالۡحَقِّ	بلکہ وہ آیا ہے حق کے ساتھ
وَصَدَّقَ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ﴿37﴾	اور اس نے تصدیق کی تمام رسولوں کی۔ ﴿37﴾
اِنَّكُمۡ لَذَآئِقُوا	بے شک تم (اب) ضرور چکھنے والے ہو
الۡعَذَابِ الۡاَلِيۡمِ ﴿38﴾ ۚ وَمَا تُجۡزَوۡنَ	دردناک عذاب ﴿38﴾ اور نہیں تم بدلہ دیے جاؤ گے
اِلَّا مَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ۙ ﴿39﴾	مگر (اسی کا) جو تم عمل کرتے تھے۔ ﴿39﴾
اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ	مگر اللہ کے بندے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَذٰلِكَ : کما حقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔	مَّجۡنُوۡنٍ : مجنون، جنون۔
نَفۡعَلُ : فعل، فاعل، مفعول، افعال۔	صَدَّقَ : تصدیق، مصدقہ۔
بِالۡمُجۡرِمِيۡنَ : جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔	الۡمُرۡسَلِيۡنَ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
قِيۡلَ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	لَذَآئِقُوا : ذائقہ، خوش ذائقہ، بد ذائقہ۔
اِلَّا : اِلّاماشاءاللہ، اِلّا قلیل، اِلّا یہ کہ۔	الۡاَلِيۡمِ : عذابِ الیم، الم ناک، رنج والم۔
يَسۡتَكۡبِرُوۡنَ : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔	تُجۡزَوۡنَ : جزاء وسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔
لَتَارِكُوۡۤا : ترک، ترکہ، مال متروکہ، تارک صلاۃ۔	تَعۡمَلُوۡنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
لِشَاعِرٍ : شعر، شاعر، شاعری۔	عِبَادَ : عبد، عابد، معبود، عبادت، عبادالرحمن۔

اِنَّا ①	كَذٰلِكَ	نَفْعَلُ	بِالْمُجْرِمِيْنَ ② ﴿34﴾	اِنَّهُمْ
بے شک ہم	اسی طرح	ہم کیا کرتے ہیں	سب مجرموں کے ساتھ	بیشک وہ

كَانُوْٓا	اِذَا قِيْلَ ③	لَهُمْ	لَآ اِلٰهَ ④	اِلَّا اللّٰهُ ۙ
سب تھے (کہ)	جب کہا جاتا	ان سے	کوئی (سچا) معبود نہیں	اللہ کے سوا

يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿35﴾ ۙ	وَ	يَقُوْلُوْنَ	اَئِنَّا ⑤	لَتَارِكُوْٓا
(تو) وہ سب تکبر کرتے تھے	اور	وہ سب کہتے	کیا بیشک ہم	واقعی سب چھوڑنے والے (ہیں)

اٰلِهَتِنَا	لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ⑥ ﴿36﴾ ط	بَلْ	جَآءَ	بِالْحَقِّ ②
اپنے معبودوں (کو)	ایک دیوانے شاعر کی وجہ سے	بلکہ	وہ آیا ہے	حق کے ساتھ

وَصَدَّقَ	الْمُرْسَلِيْنَ ﴿37﴾	اِنَّكُمْ	لَذَآئِقُوا
اور اس نے تصدیق کی	تمام رسولوں کی	بے شک تم	سب (اب) ضرور چکھنے والے ہو

الْعَذَابِ	الْاَلِيْمِ ﴿38﴾ ج	وَ	مَا	تُجْزَوْنَ ⑦	اِلَّا
عذاب	دردناک	اور	نہیں	تم سب بدلہ دیے جاؤ گے	مگر

مَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ ﴿39﴾ ۙ	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ
(اسی کا) جو	تم تھے	تم سب عمل کرتے	مگر	اللہ کے بندے

ضروری وضاحت

① اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ③ قِيْلَ دراصل قُوِلَ تھا، قواعد کی رو سے وکوی کیا گیا ہے۔ ④ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اسکا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔ ⑤ أ اگر الگ استعمال ہو تو اسکا ترجمہ کیا ہوتا ہے۔ ⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ تُجْزَوْنَ اصل میں تُجْزَيُوْنَ تھا ت پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے قواعد کی رو سے یا کو گرایا گیا ہے۔

الْمُخْلَصِيْنَ ﴿40﴾	چنے ہوئے (یعنی وہ اس عذاب سے محفوظ رہیں گے)۔ ﴿40﴾
اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿41﴾	یہی لوگ ہیں (کہ) انکے لیے مقرر رزق ہے۔ ﴿41﴾
فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ﴿42﴾	(یعنی ہر طرح کے) میوے، اور وہ معزز ہونگے۔ ﴿42﴾
فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿43﴾	نعمتوں کے باغات میں۔ ﴿43﴾
عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿44﴾	تختوں پر آمنے سامنے (بیٹھے) ہونگے۔ ﴿44﴾
يُطَافُ عَلَيْهِمْ	پھرایا جائے گا ان پر
بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿45﴾	(شراب کے) جاری چشمے سے (بھرا) جام۔ ﴿45﴾
بَيْضَآءَ لَذَّةٍ	(جو) سفید (یعنی صاف شفاف) لذت والی (ہوگی)
لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿46﴾ لَا فِيْهَا	پینے والوں کے لیے۔ ﴿46﴾ نہ اس میں (یعنی اس سے
غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿47﴾	سر کا چکرانا ہوگا اور نہ وہ اس سے مدہوش ہونگے۔ ﴿47﴾
وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ	اور ان کے پاس نیچی نگاہ رکھنے والیاں
عِيْنٌ ﴿48﴾	بڑی بڑی آنکھوں والی (عورتیں) ہونگی۔ ﴿48﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْمُخْلَصِيْنَ	خالص، خلوص، مخلص۔	مِّنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
مُّكْرَمُوْنَ	کرم، اکرام، تکریم، محترم ومکرم۔	بَيْضَآءَ	ید بیضا، ابیض، بیاض۔
فِيْ	فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔	لَذَّةٍ	لذت، لذیذ۔
النَّعِيْمِ	نعمت، انعام، منعم حقیقی۔	لِّلشّٰرِبِيْنَ	شراب، شربت، مشروب، اکل وشرب۔
عَلٰى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
مُّتَقٰبِلِيْنَ	مقابلہ، تقابل، تقابلی جائزہ، بالمقابل۔	وَّ	صبر وتحمل، حسن وجمال، سحر وافطار۔
يُطَافُ	طواف، طواف بیت اللہ۔	عِنْدَهُمْ	عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔
بِكَاْسٍ	کاسہ، کاسۂ گدائی۔	عِيْنٌ	عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔

مَّعۡلُوۡمٌ ﴿41﴾	رِزۡقٌ	لَهُمۡ ③	اُولٰٓئِكَ ②	الۡمُخۡلَصِيۡنَ ① ﴿40﴾
مقرر	رزق (ہے)	ان کے لیے	یہی (لوگ ہیں کہ)	سب چنے ہوئے

فِيۡ جَنّٰتِ النَّعِيۡمِ ④ ﴿43﴾	مُّكۡرَمُوۡنَ ﴿42﴾	هُمۡ	وَ	فَوَاكِهُ
نعمتوں کے باغات میں	سب معزز (ہونگے)	وہ سب	اور	میوے

عَلَيۡهِمۡ	يُطَافُ ⑤	مُّتَقٰبِلِيۡنَ ﴿44﴾	عَلٰى سُرُرٍ
ان پر	وہ پھرایا جائے گا	سب آمنے سامنے (بیٹھے ہونگے)	تختوں پر

لَذَّةٍ ④	بَيۡضَآءَ	مِّنۡ مَّعِيۡنٍ ﴿45﴾	بِكَاۡسٍ ⑥
لذت والی (ہوگی)	(جو) سفید (یعنی صاف شفاف)	(شراب کے) جاری چشمے سے	جام

غَوۡلٌ	فِيۡهَا	لَا	لِّلشّٰرِبِيۡنَ ﴿46﴾
سر کا چکرانا (ہوگا)	اس میں	نہ	پینے والوں کے لیے

وَ	يُنۡزَفُوۡنَ ﴿47﴾	عَنۡهَا ⑦	هُمۡ	وَلَا
اور	وہ سب مدہوش ہونگے	اس سے	وہ سب	اور نہ

عِيۡنٌ ﴿48﴾	قٰصِرٰتُ الطَّرۡفِ ④	عِنۡدَهُمۡ
بڑی بڑی آنکھوں والی (عورتیں ہونگی)	نیچی نگاہ رکھنے والیاں	ان کے پاس

ضروری وضاحت

①اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔②اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہی لوگ ہے کبھی ضرورتاً یہی لوگ بھی کردیا جاتا ہے۔③لَهُمۡ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ کیا گیا ہے۔④ات اور ۃ مونث کی علامات ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤يُطَافُ دراصل يُطۡوَفُ تھا یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے قواعد کی رو سے وَ کو الف سے بدلا گیا ہے۔⑥یہاں بِ کے ترجمہ کی ضرورت نہیں ہے۔⑦هَا واحد مونث کی علامت ہے کبھی جمع کے لیے بھی آتی ہے۔

كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿49﴾	گویا کہ وہ چھپا کر رکھے ہوئے انڈے ہوں۔ ﴿49﴾
فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ	پھر متوجہ ہوگا انکا بعض بعض پر (یعنی ایک دوسرے کی طرف)
يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿50﴾	ایک دوسرے سے سوال کریں گے۔ ﴿50﴾
قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّيْ	ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا بے شک میں،
كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ ﴿51﴾ يَّقُوْلُ ءَاِنَّكَ	میرا ایک ساتھی تھا۔ ﴿51﴾ وہ کہتا تھا کیا بے شک تو
لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ﴿52﴾	واقعی تصدیق کرنے والوں میں سے ہے۔ ﴿52﴾
ءَاِذَا مِتْنَا	(اس بات کی کہ) کیا جب ہم مر جائیں
وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا	اور ہم مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے
ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ﴿53﴾	کیا بیشک ہم واقعی بدلہ دیے جانے والے ہیں۔ ﴿53﴾
قَالَ هَلْ اَنْتُمْ	(پھر) وہ کہے گا کیا (جہنم میں اس شخص کو) تم
مُّطَّلِعُوْنَ ﴿54﴾	جھانک کر دیکھنے والے ہو۔ ﴿54﴾
فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ	پھر وہ جھانکے گا تو وہ دیکھے گا اس (ساتھی) کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَاَنَّهُنَّ	: کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔	لِيْ	: لہٰذا، الحمدللہ۔
بَيْضٌ	: ید بیضا، ابیض، بیضوی شکل۔	الْمُصَدِّقِيْنَ	: تصدیق، مصدقہ۔
فَاَقْبَلَ	: ایجاب وقبول، اقبال۔	مِتْنَا	: موت، میت، اموات۔
بَعْضُهُمْ	: بعض، بعض اوقات۔	وَ	: صبر وتحمل، حسن وجمال، سحر وافطار۔
عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	تُرَابًا	: تربت، ابوتراب۔
يَّتَسَآءَلُوْنَ	: سوال، سائل، مسئول۔	قَالَ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔
قَالَ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	مُّطَّلِعُوْنَ	: اطلاع، مطّلع۔
مِّنْهُمْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	فَرَاٰهُ	: رویت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔

كَاَنَّهُنَّ ①	بَيۡضٌ	مَّكۡنُوۡنٌ ② ﴿49﴾	فَاَقۡبَلَ	بَعۡضُهُمۡ
گویا کہ وہ	انڈے (ہوں)	چھپا کر رکھے ہوئے	پھر متوجہ ہوگا	ان کا بعض

عَلٰى بَعۡضٍ	يَّتَسَآءَلُوۡنَ ③ ﴿50﴾	قَالَ ④	قَآئِلٌ ⑤	مِّنۡهُمۡ
بعض پر	وہ سب ایک دوسرے سے سوال کریں گے	کہے گا	ایک کہنے والا	اُن میں سے

اِنِّىۡ	كَانَ	لِىۡ	قَرِيۡنٌ ⑤ ﴿51﴾ لا	يَّقُوۡلُ	ءَ اِنَّكَ
بیشک میں	تھا	میرے لیے	ایک ساتھی	وہ کہتا تھا	کیا بے شک تو

لَمِنَ الۡمُصَدِّقِيۡنَ ⑥ ﴿52﴾	ءَ	اِذَا	مِتۡنَا
واقعی تصدیق کرنے والوں میں سے (ہے)	کیا	جب	ہم مر گئے

وَ	كُنَّا	تُرَابًا	وَّ	عِظَامًا	ءَ	اِنَّا
اور	ہم ہو گئے	مٹی	اور	ہڈیاں	کیا	بیشک ہم

لَمَدِيۡنُوۡنَ ⑦ ﴿53﴾	قَالَ ④	هَلۡ	اَنۡتُمۡ
واقعی سب بدلہ دیے جانے والے (ہیں)	وہ کہے گا	کیا	تم

مُّطَّلِعُوۡنَ ⑥ ﴿54﴾	فَاطَّلَعَ	فَرَاٰهُ
سب جھانک کر دیکھنے والے ہو	پھر وہ جھانکے گا	تو وہ دیکھے گا اس (ساتھی) کو

ضروری وضاحت

①هُنَّ جمع مؤنث کی علامت ہے۔② مَفۡعُوۡلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہے۔③ اس فعل میں موجود تَ اور ا میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔④ قَالَ زمانہ ماضی کا فعل ہے، ضرورتاً ترجمہ مستقبل میں کیا گیا ہے۔
⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔⑥ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ لَ اسم، فعل اور حرف کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔

فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿55﴾	جہنم کے وسط میں۔ ﴿55﴾
قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ	(تو) وہ کہے گا اللہ کی قسم یقیناً تو قریب تھا (کہ)
لَتُرْدِيْنِ ﴿56﴾ وَ لَوْلَا	واقعی تو مجھے ہلاک کر دیتا۔ ﴿56﴾ اور اگر نہ ہوتی
نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ	میرے رب کی مہربانی (تو) یقیناً میں (بھی) ہوتا
مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿57﴾	(عذاب میں) حاضر کیے جانے والوں میں سے۔ ﴿57﴾
اَفَمَا نَحْنُ	تو (بھلا) کیا (یہ درست ہے کہ) نہیں ہم
بِمَيِّتِيْنَ ﴿58﴾	ہرگز مرنے والے ہیں۔ ﴿58﴾
اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى	سوائے ہماری پہلی موت کے (جو دنیا میں آچکی)
وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿59﴾	اور نہ ہم ہرگز عذاب دیے جانے والے ہیں۔ ﴿59﴾
اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿60﴾	بلاشبہ یقیناً یہ ہی بڑی کامیابی ہے۔ ﴿60﴾
لِمِثْلِ هٰذَا	اسی طرح کی (کامیابی) کے لیے
فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ﴿61﴾	پس چاہیے کہ عمل کریں عمل کرنے والے۔ ﴿61﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لفظ	وضاحت	لفظ	وضاحت
فِيْ	فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔	مَوْتَتَنَا	موت وحیات، میت، اموات۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	الْاُوْلٰى	نفخہ اولیٰ، قرون اولی، قعدہ اولیٰ۔
نِعْمَةُ	نعمت، انعام، منعم حقیقی۔	بِمُعَذَّبِيْنَ	عذاب، دردناک عذاب۔
رَبِّيْ	ربّ، ربِّ کائنات، ربِّ ذوالجلال۔	هٰذَا	حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔
مِنَ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	الْفَوْزُ	فوز وفلاح، عہدے پر فائز ہونا۔
الْمُحْضَرِيْنَ	حاضر، حاضری، استحضار۔	الْعَظِيْمُ	اجر عظیم، معظم، تعظیم، عظمت۔
بِمَيِّتِيْنَ	موت، میت، اموات۔	لِمِثْلِ	مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
اِلَّا	اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔	فَلْيَعْمَلِ	عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔

فِیْ سَوَآءِ الْجَحِیْمِ ﴿55﴾	قَالَ	تَاللّٰهِ ①	اِنْ ②
جہنم کے وسط میں	(تو) وہ کہے گا	اللہ کی قسم	یقیناً

كِدْتَّ	لَتُرْدِیْنِ ﴿56﴾ ③ لا	وَ	لَوْلَا ④	نِعْمَةُ
تو قریب تھا (کہ)	واقعی تو ہلاک کر دیتا مجھے	اور	اگر نہ (ہوتی)	مہربانی

رَبِّیْ	لَكُنْتُ	مِنَ الْمُحْضَرِیْنَ ﴿57﴾
میرے رب کی	یقیناً میں ہوتا	(عذاب میں) حاضر کیے جانے والوں میں سے

اَفَمَا	نَحْنُ	بِمَیِّتِیْنَ ﴿58﴾ ⑤ لا	اِلَّا
تو (بھلا) کیا نہیں	(ایسا نہیں کہ) ہم	کبھی مرنے والے (نہیں) ہیں	سوائے

مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰی	وَ	مَا	نَحْنُ	بِمُعَذَّبِیْنَ ﴿59﴾ ⑤⑥
ہماری پہلی موت کے	اور	نہ	ہم	کبھی عذاب دیے جانے والے ہیں

اِنَّ	هٰذَا	لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿60﴾
بلاشبہ	یہ	یقیناً وہی ہے بڑی کامیابی

لِمِثْلِ هٰذَا	فَلْیَعْمَلِ	الْعٰمِلُوْنَ ﴿61﴾
اسی طرح کی (کامیابی) کے لیے	پس چاہیے کہ وہ عمل کریں	سب عمل کرنے والے

ضروری وضاحت

① تَ یہاں قسم کیلئے اور یہ صرف لفظ اللہ کے ساتھ استعمال ہوتی ہے۔② اِنْ دراصل اِنَّ تھا تخفیف کیلئے یہ اِنْ کیا گیا ہے۔
③ لَتُرْدِیْنِ اصل میں لَتُرْدِیْنِیْ تھا فعل کے آخر میں یْ آئے تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔④ لَوْلَا کے
بعد اگر اسم ہو تو ترجمہ اگر نہ اور اگر فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہ ہوتا ہے۔⑤ مَا کے بعد اسی جملے میں اگر بِ ہو تو اس جملے میں تاکید کا مفہوم
شامل ہو جاتا ہے اور بِ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑥ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جانے والا کا مفہوم ہوتا ہے۔

اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ	کیا یہ بہتر ہے مہمانی کے طور پر یا
شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿62﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهَا	زقوم (تھوہر) کا درخت۔ ﴿62﴾ بیشک ہم نے بنایا اسے
فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿63﴾	ظالموں کے لیے ایک آزمائش۔ ﴿63﴾
اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿64﴾	بلاشبہ وہ درخت نکلتا (اُگتا) ہے جہنم کی تہہ میں۔ ﴿64﴾
طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿65﴾	اسکے خوشے، گویا کہ وہ شیطانوں کے سر ہیں۔ ﴿65﴾
فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا	پس بیشک وہ ضرور اس میں سے کھانے والے ہیں
فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿66﴾	پھر اس سے پیٹ بھرنے والے ہیں۔ ﴿66﴾
ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا	پھر بے شک ان کے لیے اس پر
لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿67﴾	یقیناً گرم پانی کی آمیزش ہوگی۔ ﴿67﴾
ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِالَى الْجَحِيْمِ ﴿68﴾	پھر بلاشبہ ان کا لوٹنا ہوگا یقیناً جہنم کی طرف۔ ﴿68﴾
اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ﴿69﴾	بیشک انہوں نے پایا اپنے باپ دادا کو گمراہ۔ ﴿69﴾
فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ	تو وہ ان کے قدموں کے نشانات پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

خَيْرٌ	: خیر، خیریت، خیر و عافیت۔	مِنْهَا	: منجانب، من و عن، من حیث القوم۔
شَجَرَةُ	: شجر و شجر، شجر کاری مہم، شجر ممنوعہ۔	الْبُطُوْنَ	: بطنِ مادر۔
فِتْنَةً	: فتنہ و فساد، فتنہ پرور، فتنہ برپا ہونا۔	عَلَيْهَا	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
لِّلظّٰلِمِيْنَ	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	مَرْجِعَهُمْ	: رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
تَخْرُجُ	: خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	اِلَى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
فِيْٓ	: فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔	اٰبَآءَهُمْ	: آباؤ اجداد، آبائی علاقہ۔
رُءُوْسُ	: رأس المال، رئیس، رؤساء۔	ضَآلِّيْنَ	: ضلالت و گمراہی۔
لَاٰكِلُوْنَ	: اکل و شرب، ماکولات و مشروبات۔	اٰثٰرِهِمْ	: آثار، آثار قدیمہ۔

اَ	ذٰلِكَ ①	خَيْرٌ	نُّزُلًا	اَمْ ②	شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ③ (62)
کیا	یہ	بہتر (ہے)	مہمانی (کے طور پر)	یا	زقوم (تھوہر) کا درخت

اِنَّا	جَعَلْنٰهَا	فِتْنَةً ③④	لِّلظّٰلِمِيْنَ (63)	اِنَّهَا
بے شک ہم	ہم نے بنایا اسے	ایک آزمائش	ظالموں کے لیے	بلاشبہ وہ

شَجَرَةٌ ③	تَخْرُجُ ③	فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ (64) لا	طَلْعُهَا	كَاَنَّهٗ
درخت	نکلتا ہے	جہنم کی تہہ میں	اسکے خوشے	گویا کہ وہ

رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ (65)	فَاِنَّهُمْ	لَاٰكِلُوْنَ ⑤	مِنْهَا
شیطانوں کے سر (ہیں)	پس بیشک وہ	ضرور سب کھانے والے (ہیں)	اس میں سے

فَمَالِـُٔوْنَ ⑤	مِنْهَا	الْبُطُوْنَ ⑥ (66) ط	ثُمَّ	اِنَّ ⑦	لَهُمْ	عَلَيْهَا
پھر سب بھرنے والے (ہیں)	اس سے	پیٹ	پھر	بیشک	ان کے لیے	اس پر

لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ⑧ (67)	ثُمَّ	اِنَّ ⑦	مَرْجِعَهُمْ	لَاِلَى الْجَحِيْمِ (68)
یقیناً گرم پانی کی آمیزش ہوگی	پھر	بلاشبہ	ان کا لوٹنا ہوگا	یقیناً جہنم کی طرف

اِنَّهُمْ ⑦	اَلْفَوْا	اٰبَآءَهُمْ	ضَآلِّيْنَ (69) لا	فَهُمْ	عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ
بیشک اُن	سب نے پایا	اپنے باپ دادا کو	سب گمراہ	تو وہ	انکے قدموں کے نشانات پر

ضروری وضاحت

① ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔ ② اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔ ③ ۃ اور ت مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ⑥ الْبُطُوْنَ میں وْنَ جمع کی علامت نہیں بلکہ واوٗ جمع کے لیے اور نون اصل لفظ کا حصہ ہے۔ ⑦ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ⑧ یہاں مِنْ کا ترجمہ کی ضرورتاً کیا گیا ہے۔

يُهْرَعُوْنَ ﴿70﴾	دوڑائے چلے جاتے ہیں۔ ﴿70﴾
وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ	اور بلاشبہ یقیناً گمراہ ہوئے ان سے پہلے
اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿71﴾ لا	اگلے لوگوں میں سے اکثر۔ ﴿71﴾
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بھیجے ان میں
مُّنْذِرِيْنَ ﴿72﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ	کئی ڈرانے والے۔ ﴿72﴾ پھر دیکھیے کیسا ہوا
عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿73﴾ لا	ڈرائے جانے والوں کا انجام۔ ﴿73﴾ لا
اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ	سوائے اللہ کے بندوں کے
الْمُخْلَصِيْنَ ﴿74﴾ ع	خالص کیے (چنے) ہوئے۔ ﴿74﴾ ع
وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ	اور بلاشبہ یقیناً نوح نے ہمیں پکارا
فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿75﴾ صلے	تو یقیناً (ہم) اچھے قبول کرنے والے ہیں۔ ﴿75﴾
وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ	اور ہم نے نجات دی اسے اور اسکے گھر والوں کو
مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿76﴾ صلے	بڑی مصیبت سے۔ ﴿76﴾

ع 2 53 6

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	صبر وتحمل، حسن وجمال، سحر وافطار۔	عَاقِبَةُ	عالم عقبیٰ، عاقبت نااندیش۔
ضَلَّ	ضلالت وگمراہی۔	الْمُخْلَصِيْنَ	خالص، خلوص، مخلص۔
قَبْلَهُمْ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	نَادٰىنَا	نداء، منادی، ندائے ملت۔
الْاَوَّلِيْنَ	اوّل درجہ، اوّل انعام یافتہ، اوّلین فرصت۔	فَلَنِعْمَ	نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
اَرْسَلْنَا	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	الْمُجِيْبُوْنَ	مستجاب الدعاء، جواب۔
مُّنْذِرِيْنَ	بشارت وانذار، نذیر۔	نَجَّيْنٰهُ	نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔
فَانْظُرْ	نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔	الْكَرْبِ	کرب، کرب وبلا۔
كَيْفَ	کیفیت، بہرکیف، کوائف۔	الْعَظِيْمِ	اجر عظیم، معظم، تعظیم۔

يُهۡرَعُوۡنَ ① (70)	وَ	لَقَدۡ	ضَلَّ	قَبۡلَهُمۡ
وہ سب دوڑائے چلے جاتے ہیں	اور	بلاشبہ یقیناً	گمراہ ہوئے	ان سے پہلے

اَكۡثَرُ الۡاَوَّلِيۡنَ (71) لا	وَ	لَقَدۡ	اَرۡسَلۡنَا ②
اگلے لوگوں (میں سے) اکثر	اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے بھیجے

فِيۡهِمۡ	مُّنۡذِرِيۡنَ ③ (72)	فَانۡظُرۡ ④	كَيۡفَ	كَانَ
ان میں	ڈرانے والے	پھر آپ دیکھیے	کیسا	ہوا

عَاقِبَةُ ⑥	الۡمُنۡذَرِيۡنَ ⑦ (73) لا	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ
انجام	ڈرائے جانے والوں کا	سوائے	اللہ کے بندوں کے

ع 53 2 6

الۡمُخۡلَصِيۡنَ ⑦ (74) ع	وَ	لَقَدۡ	نَادٰىنَا
خالص کیے (چنے) ہوئے	اور	بلاشبہ یقیناً	ہمیں پکارا

نُوۡحٌ	فَلَنِعۡمَ ④	الۡمُجِيۡبُوۡنَ (75) صلے	وَ	نَجَّيۡنٰهُ ②
نوح نے	تو یقیناً اچھے	قبول کرنے والے ہیں	اور	ہم نے نجات دی اسے

وَ	اَهۡلَهٗ	مِنَ الۡكَرۡبِ الۡعَظِيۡمِ (76) صلے
اور	اسکے گھر والوں (کو)	بڑی مصیبت سے

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② نا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ④ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔ ⑤ کَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔ ⑥ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑦ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ﴿77﴾	اور ہم نے بنایا اسکی اولاد کو ہی باقی رہنے والے۔ ﴿77﴾
وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ	اور ہم نے (باقی) چھوڑا اس پر (یعنی اس کا ذکر خیر)
فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿78﴾ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ	پیچھے آنے والوں میں۔ ﴿78﴾ (کہ) سلام ہو نوح پر
فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿79﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ	تمام جہانوں میں۔ ﴿79﴾ بے شک ہم اسی طرح
نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿80﴾	بدلہ دیتے ہیں نیکی کرنے والوں کو۔ ﴿80﴾
اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿81﴾	بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا۔ ﴿81﴾
ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿82﴾	پھر ہم نے غرق کر دیا دوسروں کو۔ ﴿82﴾
وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ	اور بے شک اس (نوح) کے گروہ میں سے
لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿83﴾ اِذْ جَآءَ	یقیناً ابراہیم (بھی) ہے۔ ﴿83﴾ جب وہ آیا
رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿84﴾	اپنے رب کے پاس پاک صاف دل کے ساتھ۔ ﴿84﴾
اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ	جب اس نے کہا اپنے باپ اور اپنی قوم سے
مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ﴿85﴾	تم کس چیز کی عبادت کرتے ہو۔ ﴿85﴾

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ذُرِّيَّتَهٗ : ذریت آدم، ذریت ابلیس۔
الْبٰقِيْنَ : باقی، بقایا، بقیہ۔
تَرَكْنَا : ترک، ترکہ، مال متروکہ، تارک صلاۃ۔
الْاٰخِرِيْنَ : آخرت، یوم آخرت، آخری۔
الْعٰلَمِيْنَ : الہ العالمین، عالم اسلام، اقوام عالم۔
كَذٰلِكَ : کما حقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔
نَجْزِي : جزا وسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔
الْمُحْسِنِيْنَ : احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔

عِبَادِنَا : عبد، عابد، عبادالرحمن۔
الْمُؤْمِنِيْنَ : ایمان، مومن، امن۔
اَغْرَقْنَا : غرق، غرقاب، مستغرق۔
الْاٰخَرِيْنَ : اوّلین وآخرین، یوم آخرت، آخری۔
بِقَلْبٍ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔
سَلِيْمٍ : مسلم، مسلمان، سلیم الفطرت، اسلام۔
لِاَبِيْهِ : آباؤاجداد، آبائی علاقہ۔
تَعْبُدُوْنَ : عبادت، معبود، عبادت گاہ۔

وَ	جَعَلْنَا ①	ذُرِّيَّتَهٗ ②	هُمُ الْبٰقِيْنَ ③④ (77)	وَتَرَكْنَا ①
اور	ہم نے بنایا	اسکی اولاد کو	ہی باقی رہنے والے	اور ہم نے باقی چھوڑا

عَلَيْهِ	فِي الْاٰخِرِيْنَ (78)	سَلٰمٌ	عَلٰى نُوْحٍ	فِي الْعٰلَمِيْنَ (79)
اس پر	پیچھے آنے والوں میں	(کہ) سلام (ہو)	نوح پر	تمام جہانوں میں

اِنَّا	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ ⑤ (80)	اِنَّهٗ
بے شک ہم	اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	سب نیکی کرنے والوں (کو)	بیشک وہ

مِنْ عِبَادِنَا ⑥	الْمُؤْمِنِيْنَ ⑤ (81)	ثُمَّ	اَغْرَقْنَا ①	الْاٰخَرِيْنَ (82)
ہمارے بندوں میں سے	ایمان لانے والے	پھر	ہم نے غرق کردیا	دوسروں کو

وَاِنَّ	مِنْ شِيْعَتِهٖ	لَاِبْرٰهِيْمَ (83)	اِذْ	جَآءَ
اور بے شک	اس کے گروہ میں سے	یقیناً ابراہیم (ہے)	جب	وہ آیا

رَبَّهٗ	بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ (84)	اِذْ	قَالَ
اپنے رب کے پاس	پاک صاف دل کے ساتھ	جب	اس نے کہا

لِاَبِيْهِ	وَ	قَوْمِهٖ	مَاذَا	تَعْبُدُوْنَ (85)
اپنے باپ سے	اور	اپنی قوم (سے)	کس چیز کی	تم سب عبادت کرتے ہو

وقف لازم

ضروری وضاحت

① نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔② ہٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے اور فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔③ هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔
④ یْنَ جمع مذکر کی علامت ہے، یہاں اس کے الگ ترجمہ کی ضرورت نہیں۔⑤ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑥ نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

اَئِفْكًا اٰلِهَةً	کیا جھوٹے گھڑے ہوئے معبودوں کو
دُوْنَ اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ﴿86﴾ فَمَا ظَنُّكُمْ	تم چاہتے ہو اللہ کے سوا ﴿86﴾ تو تمہارا کیا خیال ہے
بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿87﴾	جہانوں کے رب کے بارے میں۔ ﴿87﴾
فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ﴿88﴾	پس اس نے دیکھا ایک نظر دیکھنا ستاروں میں۔ ﴿88﴾
فَقَالَ اِنِّيْ سَقِيْمٌ ﴿89﴾	پھر اس نے کہا بے شک میں بیمار ہوں۔ ﴿89﴾
فَتَوَلَّوْا عَنْهُ	چنانچہ وہ واپس چلے گئے اس سے
مُدْبِرِيْنَ ﴿90﴾	پیٹھ پھیرتے ہوئے۔ ﴿90﴾
فَرَاغَ اِلٰٓى اٰلِهَتِهِمْ	پھر متوجہ ہوا ان کے معبودوں کی طرف
فَقَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿91﴾	پس اس نے کہا کیا تم کھاتے نہیں ہو۔ ﴿91﴾
مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿92﴾	کیا ہے تمہیں (کہ) تم بولتے نہیں ہو۔ ﴿92﴾
فَرَاغَ عَلَيْهِمْ	پھر وہ متوجہ ہوا ان پر
ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ ﴿93﴾	دائیں ہاتھ سے مارتے ہوئے۔ ﴿93﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تُرِيْدُوْنَ	: ارادہ، مرید، مراد۔	مُدْبِرِيْنَ	: ادبارِ زمانہ، دُبر۔
ظَنُّكُمْ	: سوءِ ظن، بدظن، ظنِ غالب، حسنِ ظن۔	اِلٰٓى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
الْعٰلَمِيْنَ	: الٰہ العالمین، رحمۃ للعلمین، اقوامِ عالم۔	اٰلِهَتِهِمْ	: الٰہ العالمین، یا الٰہی۔
فَنَظَرَ	: نظر، نظارہ، منظر، منظورِ نظر، تناظر۔	اَلَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
فِي	: فی الحال، اظہارِ مافی الضمیر، فی الحقیقت۔	تَاْكُلُوْنَ	: اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔
النُّجُوْمِ	: علم نجوم، نجومی۔	عَلَيْهِمْ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
فَقَالَ	: قول، قائل، مقولہ، اقوالِ زرّیں۔	ضَرْبًا	: ضربِ کاری۔
سَقِيْمٌ	: سُقم، سقیم۔	بِالْيَمِيْنِ	: یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔

أَئِفْكًا	اٰلِهَةً ①	دُوْنَ اللّٰهِ	تُرِيْدُوْنَ ﴿86﴾ ط
کیا جھوٹے گھڑے ہوئے	معبودوں (کو)	اللہ کے سوا	تم سب چاہتے ہو

فَمَا ②③	ظَنُّكُمْ	بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿87﴾ ④	فَنَظَرَ ②
تو کیا	تمہارا خیال ہے	جہانوں کے رب کے بارے میں	پس اس نے دیکھا

نَظْرَةً ⑤⑥	فِي النُّجُوْمِ ﴿88﴾ لا	فَقَالَ ②	اِنِّيْ
ایک نظر دیکھنا	ستاروں میں	پھر اس نے کہا	بے شک میں

سَقِيْمٌ ﴿89﴾	فَتَوَلَّوْا ②⑦	عَنْهُ	مُدْبِرِيْنَ ﴿90﴾ ⑧
بیمار (ہوں)	چنانچہ وہ سب واپس چلے گئے	اس سے	پیٹھ پھیرتے ہوئے

فَرَاغَ ②	اِلٰٓى اٰلِهَتِهِمْ	فَقَالَ ②	اَلَا
پھر متوجہ ہوا	ان کے معبودوں کی طرف	پس اس نے کہا	کیا نہیں

تَاْكُلُوْنَ ﴿91﴾ ج	مَا ③	لَكُمْ	لَا	تَنْطِقُوْنَ ﴿92﴾
تم سب کھاتے ہو	کیا (ہے)	تم کو (کہ)	نہیں	تم سب بولتے ہو

فَرَاغَ ②	عَلَيْهِمْ	ضَرْبًا	بِالْيَمِيْنِ ﴿93﴾ ④
پھر وہ متوجہ ہوا	ان پر	مارتے ہوئے	دائیں (ہاتھ) سے

ضروری وضاحت

①یہاں ة واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔②فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔③مَا کا ترجمہ کبھی جو کبھی نہیں اور کبھی کیا کیا جاتا ہے۔④بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی کے بارے میں کیا جاتا ہے۔⑤ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑧اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ﴿94﴾	تو وہ آئے اس کی طرف دوڑتے ہوئے۔﴿94﴾
قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ	اس نے کہا کیا تم عبادت کرتے ہو (اسکی)
مَا تَنْحِتُوْنَ ﴿95﴾ وَاللّٰهُ	جسے تم (خود) تراشتے ہو۔﴿95﴾ حالانکہ اللہ نے
خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿96﴾	تمہیں پیدا کیا اور (اسے بھی) جو تم کرتے ہو۔﴿96﴾
قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا	وہ کہنے لگے تم بناؤ اسکے لیے ایک عمارت (مقام)
فَاَلْقُوْهُ فِي الْجَحِيْمِ ﴿97﴾	پھر پھینک دو اُسے بھڑکتی ہوئی آگ میں۔﴿97﴾
فَاَرَادُوْا بِهٖ	چنانچہ انہوں نے ارادہ کیا اس کے ساتھ
كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ	ایک چال چلنے کا تو ہم نے کر دیا انہی کو
الْاَسْفَلِيْنَ ﴿98﴾ وَقَالَ اِنِّيْ	سب سے نیچا۔﴿98﴾ اور اس نے کہا بے شک میں
ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّيْ	جانے والا ہوں اپنے رب کی طرف
سَيَهْدِيْنِ ﴿99﴾	عنقریب ضرور وہ راستہ دکھائے گا مجھے۔﴿99﴾
رَبِّ هَبْ لِيْ	اے میرے رب تو عطا فرما مجھے (ایک لڑکا)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَاَقْبَلُوْٓا	: ایجاب وقبول، قبولیت، مقبول۔	فِي	: فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔
قَالَ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	فَاَرَادُوْا	: ارادہ، مرید، مراد۔
تَعْبُدُوْنَ	: عبادت، معبود، عبادت گاہ۔	بِهٖ	: بالمقابل، بسبب، بالکل۔
مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	الْاَسْفَلِيْنَ	: سفلی علم، سفلہ پن۔
خَلَقَكُمْ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	اِلٰى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
تَعْمَلُوْنَ	: عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔	رَبِّيْ	: ربّ، ربِّ کائنات، ربِّ ذوالجلال۔
ابْنُوْا	: بنیاد، سنگِ بنیاد۔	سَيَهْدِيْنِ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
فَاَلْقُوْهُ	: القاء۔	هَبْ	: ہبہ کرنا، کسبی اور وہبی۔

فَاَقْبَلُوْٓا ①	اِلَيْهِ	يَزِفُّوْنَ ﴿94﴾	قَالَ	اَ
تو وہ سب آئے	اس کی طرف	وہ سب دوڑ رہے تھے	اس نے کہا	کیا

تَعْبُدُوْنَ	مَا	تَنْحِتُوْنَ ﴿95﴾ لا	وَاللّٰهُ ②	خَلَقَكُمْ ③
تم سب عبادت کرتے ہو	(اسکی) جسے	تم سب (خود) تراشتے ہو	حالانکہ اللہ نے	پیدا کیا تمہیں

وَ	مَا	تَعْمَلُوْنَ ﴿96﴾	قَالُوا	ابْنُوْا	لَهٗ
اور	(اسے بھی) جو	تم سب کرتے ہو	وہ سب کہنے لگے	تم سب بناؤ	اس کے لیے

بُنْيَانًا ④	فَاَلْقُوْهُ ①	فِي الْجَحِيْمِ ﴿97﴾	فَاَرَادُوْا ①
ایک عمارت	پھر پھینک دو اسے	بھڑکتی ہوئی آگ میں	چنانچہ انہوں نے ارادہ کیا

بِهٖ	كَيْدًا ④	فَجَعَلْنٰهُمُ ①	الْاَسْفَلِيْنَ ⑤ ﴿98﴾	وَ
اس کے ساتھ	ایک چال (چلنے کا)	تو ہم نے کر دیا انہیں	سب سے نیچا	اور

قَالَ	اِنِّيْ	ذَاهِبٌ	اِلٰى رَبِّيْ
اس نے کہا	بے شک میں	جانے والا (ہوں)	اپنے رب کی طرف

سَيَهْدِيْنِ ⑥⑦ ﴿99﴾	رَبِّ	هَبْ	لِيْ
عنقریب ضرور وہ راستہ دکھائے گا مجھے	(اے) میرے رب	تو عطا فرما	مجھ کو

ضروری وضاحت

① فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو، پھر اور کبھی چنانچہ بھی کیا جاتا ہے۔ ② وَ کا ترجمہ عموماً اور ہے، کبھی حالانکہ، قسم یا جبکہ بھی ہوتا ہے۔
③ کُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے اور علامت یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ فعل کے شروع میں سَ میں عموما عنقریب اور ضرور کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ دراصل سَیَهْدِیْنِیْ تھا فعل کے آخر میں یْ لگانی ہو تو درمیان میں نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٠٠﴾ فَبَشَّرْنٰهُ	نیکوں میں سے۔ ﴿100﴾ تو ہم نے خوشخبری دی اسے
بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿١٠١﴾ فَلَمَّا بَلَغَ	ایک بردبار لڑکے کی۔ ﴿101﴾ پھر جب وہ پہنچا
مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ	اس کے ساتھ دوڑنے (کی عمر) کو، اس نے کہا
يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ	اے میرے بیٹے بیشک میں دیکھتا ہوں خواب میں
اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ	کہ بے شک میں ذبح کر رہا ہوں تجھے
فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ؕ	پس تو دیکھ تو کیا خیال کرتا ہے
قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ	اس نے کہا اے میرے ابا جان آپ کر گزریے
مَا تُؤْمَرُ ۫ سَتَجِدُنِيْٓ	جو آپکو حکم دیا جارہا ہے آپ عنقریب ضرور پائیں گے مجھے
اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٠٢﴾	اگر اللہ نے چاہا صبر کرنے والوں میں سے۔ ﴿102﴾
فَلَمَّآ اَسْلَمَا	پھر جب وہ دونوں مطیع ہو گئے
وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ۚ ﴿١٠٣﴾	اور اس نے لٹا دیا اسے پیشانی کے بل۔ ﴿103﴾
وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ۙ ﴿١٠٤﴾	اور ہم نے پکارا اسے کہ اے ابراہیم۔ ﴿104﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنَ : منجانب، من حیث القوم، من وعن۔
الصّٰلِحِيْنَ : صالح، صلح، اعمال صالحہ۔
فَبَشَّرْنٰهُ : بشارت، مبشر، بشیر۔
بِغُلٰمٍ : حور و غلمان۔
حَلِيْمٍ : حلم، حلیم و بردبار، حلیم الطبع۔
بَلَغَ : بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ، تبلیغ۔
مَعَهُ : مع اہل و عیال، معیت، مع دوست و احباب۔
السَّعْيَ : سعی، سعی و کوشش، سعی لاحاصل۔

اَرٰى : رؤیت ہلال، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔
اَذْبَحُكَ : ذبح، مذبح، ذبیحہ، مذبوحہ۔
افْعَلْ : فعل، فاعل، مفعول، افعال۔
تُؤْمَرُ : امر، آمر، مامور، امور۔
سَتَجِدُنِيْٓ : وجود، موجود، وجد۔
اَسْلَمَا : اسلام، تسلیم و رضا، سر تسلیم خم۔
لِلْجَبِيْنِ : الحمد للہ، لہٰذا / جبین، مہ جبین، جبینِ نیاز۔
نَادَيْنٰهُ : نداء، منادی، ندائے ملت۔

مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿100﴾	فَبَشَّرْنٰهُ①	بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ②③ ﴿101﴾	فَلَمَّا	بَلَغَ
نیکوں میں سے	تو ہم نے خوشخبری دی اسے	ایک بردبار لڑکے کی	پھر جب	وہ پہنچا

مَعَهُ①	السَّعْيَ	قَالَ	يٰبُنَيَّ	اِنِّيْٓ
اس کے ساتھ	دوڑنے (کی عمر) کو	اس نے کہا	اے میرے (پیارے) بیٹے	بیشک میں

اَرٰى	فِي الْمَنَامِ	اَنِّيْٓ	اَذْبَحُكَ	فَانْظُرْ
میں دیکھتا ہوں	خواب میں	کہ بے شک میں	میں ذبح کر رہا ہوں تجھے	پس تو دیکھ

مَاذَا	تَرٰى ؕ	قَالَ	يٰٓاَبَتِ④	افْعَلْ	مَا
کیا	تو دیکھتا (خیال کرتا) ہے	اس نے کہا	اے (میرے) ابا جان	آپ کر گزریے	جو

تُؤْمَرُ ز	سَتَجِدُنِيْٓ⑤	اِنْ	شَآءَ اللّٰهُ
آپ کو حکم دیا جا رہا ہے	عنقریب ضرور آپ پائیں گے مجھے	اگر	اللہ نے چاہا

مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿102﴾	فَلَمَّآ	اَسْلَمَا	وَ	تَلَّهٗ
صبر کرنے والوں میں سے	پھر جب	وہ دونوں مطیع ہو گئے	اور	اس نے لِٹا دیا اسے

لِلْجَبِيْنِ ج ﴿103﴾	وَ	نَادَيْنٰهُ①	اَنْ	يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ لا ﴿104﴾
پیشانی کے بل	اور	ہم نے پکارا اُسے	کہ	اے ابراہیم

ضروری وضاحت

①فعل کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اسے کیا جاتا ہے اور اگر اس سے پہلے ساکن حرف ہو یا اسے اگلے لفظ سے ملایا جائے تو اُلٹا پیش کو صرف پیش دے دیتے ہیں۔② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ③ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ اصل میں یَا اَبِیْ تھا پیار سے والد کو بلانے کے لیے ت کا اضافہ ہوتا ہے اور آخر سے یْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے۔⑤ فعل کے شروع میں سَ میں عموماً عنقریب اور ضرور کا مفہوم ہوتا ہے۔

قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ	یقیناً تو نے سچ کر دکھایا (اپنا) خواب
اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي	بے شک ہم اسی طرح بدلہ دیتے ہیں
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿105﴾	نیکی کرنے والوں کو۔﴿105﴾
اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ﴿106﴾	بے شک یہی یقیناً کھلی آزمائش ہے۔﴿106﴾
وَفَدَيْنٰهُ	اور ہم نے بدلے میں دیا اس (اسماعیل) کے
بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ﴿107﴾ وَتَرَكْنَا	ایک عظیم ذبیحہ۔﴿107﴾ اور ہم نے (باقی) چھوڑا
عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿108﴾ ۖ	اس پر (یعنی اس کا ذکر خیر) پیچھے آنے والوں میں۔﴿108﴾
سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿109﴾	سلام ہو ابراہیم پر۔﴿109﴾
كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿110﴾	اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں نیکی کرنے والوں کو۔﴿110﴾
اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿111﴾	بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا۔﴿111﴾
وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا	اور ہم نے خوشخبری دی اسے اسحاق کی (جو) نبی ہوگا
مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿112﴾	(اور) نیک لوگوں میں سے (ہوگا)۔﴿112﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

صَدَّقْتَ	تصدیق، صدقِ دل، صادق و امین۔	فَدَيْنٰهُ	فدیہ، فدا۔
الرُّءْيَا	تعبیر الرؤیا، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔	بِذِبْحٍ	ذبح، ذبیحہ، مذبح۔
كَذٰلِكَ	کما حقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔	عَظِيْمٍ	عظیم، اعظم، معظم، تعظیم۔
نَجْزِي	جزا و سزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔	تَرَكْنَا	ترک، ترکہ، مال متروکہ، تارک صلوٰۃ۔
الْمُحْسِنِيْنَ	احسن جزا، حسن، احسان، محسن انسانیت۔	الْاٰخِرِيْنَ	آخرت، یوم آخرت، آخری۔
الْبَلٰٓؤُا	بلا، ابتلا و آزمائش، مبتلا۔	عِبَادِنَا	عبد، عابد، عباد الرحمٰن۔
الْمُبِيْنُ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	بَشَّرْنٰهُ	بشارت، مبشر، بشیر۔
وَ	شام و سحر، لیل و نہار، شان و شوکت۔	الصّٰلِحِيْنَ	صالح، صلح، اعمال صالحہ۔

قَدْ ①	صَدَّقْتَ	الرُّءْيَا ۚ	اِنَّا ②	كَذٰلِكَ
یقیناً	تونے سچ کردکھایا	(اپنا) خواب	بے شک ہم	اسی طرح

نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ ③ ﴿105﴾	اِنَّ ①	هٰذَا	لَهُوَ ①
ہم بدلہ دیتے ہیں	نیکی کرنے والوں (کو)	بیشک	یہی	یقیناً وہ

الْبَلٰٓؤُا	الْمُبِيْنُ ﴿106﴾	وَ	فَدَيْنٰهُ ④
آزمائش (ہے)	کھلی	اور	ہم نے بدلے میں دیا اس (اسماعیل) کے

بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ⑤⑥ ﴿107﴾	وَ	تَرَكْنَا ④	عَلَيْهِ
ایک عظیم ذبیحہ	اور	ہم نے (باقی) چھوڑا	اس پر

فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿108﴾ ۖ	سَلٰمٌ	عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿109﴾	كَذٰلِكَ
پیچھے آنے والوں میں	سلام (ہو)	ابراہیم پر	اسی طرح

نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ ③ ﴿110﴾	اِنَّهٗ	مِنْ عِبَادِنَا ⑦	الْمُؤْمِنِيْنَ ③ ﴿111﴾
ہم بدلہ دیتے ہیں	نیکی کرنے والوں (کو)	بیشک وہ	ہمارے بندوں میں سے	سب ایمان لانے والے

وَبَشَّرْنٰهُ ④	بِاِسْحٰقَ	نَبِيًّا	مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿112﴾
اور ہم نے خوشخبری دی اسے	اسحاق کی	نبی (ہوگا)	(اور) نیک لوگوں میں سے (ہوگا)

ضروری وضاحت

① قَدْ فعل کے شروع میں اِنَّ اسم کے شروع میں اور لَـ اسم، فعل، حرف کے شروع میں تاکید کی علامت ہوتی ہے۔ ② اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔ ③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ④ فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ⑤ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ⑦ نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، یا اپنا کیا جاتا ہے۔

وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ؕ	اور ہم نے برکت نازل کی اس پر اور اسحاق پر
وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ	اور ان دونوں کی اولاد میں سے کوئی نیکی کرنیوالا ہے
وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ﴿113﴾ ع 3/39/7	اور کوئی واضح ظلم کرنے والا ہے اپنے نفس پر۔ ﴿113﴾
وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے احسان کیا موسیٰ پر
وَهٰرُوْنَ ﴿114﴾ وَنَجَّيْنٰهُمَا	اور ہارون پر ﴿114﴾ اور ہم نے نجات دی ان دونوں کو
وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿115﴾	اور ان دونوں کی قوم کو بہت بڑی مصیبت سے۔ ﴿115﴾
وَنَصَرْنٰهُمْ	اور ہم نے مدد کی ان کی
فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿116﴾	تو وہی غلبہ حاصل کرنے والے ہوئے۔ ﴿116﴾
وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿117﴾	اور ہم نے دی ان دونوں کو واضح کتاب۔ ﴿117﴾
وَهَدَيْنٰهُمَا	اور ہم نے ہدایت دی ان دونوں کو
الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿118﴾ وَتَرَكْنَا	سیدھے راستے کی۔ ﴿118﴾ اور ہم نے (باقی) چھوڑا
عَلَيْهِمَا	ان دونوں پر (یعنی ان دونوں کا ذکرِ خیر)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بٰرَكْنَا	: برکت، برکات، مبارک، تبرک۔	الْعَظِيْمِ	: اجرِ عظیم، معظم، تعظیم۔
ذُرِّيَّتِهِمَا	: ذریت آدم، ذریت ابلیس۔	نَصَرْنٰهُمْ	: نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔
ظَالِمٌ	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	الْغٰلِبِيْنَ	: غالب، غلبہ، مغلوب، ظنِ غالب۔
لِنَفْسِهٖ	: نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔	الْمُسْتَبِيْنَ	: بیان، مبیّنہ طور پر، دلیل بیّن۔
مُبِيْنٌ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	هَدَيْنٰهُمَا	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
مَنَنَّا	: ممنون، عبدالمنان۔	الصِّرَاطَ	: صراطِ مستقیم، پلِ صراط۔
نَجَّيْنٰهُمَا	: نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔	الْمُسْتَقِيْمَ	: صراطِ مستقیم، خطِ مستقیم، استقامت۔
الْكَرْبِ	: کرب، کرب و بلا۔	تَرَكْنَا	: ترک، ترکہ، مال متروکہ، ترکِ تعلق۔

وَ	بٰرَکْنَا ①	عَلَیْهِ	وَ	عَلٰٓی اِسْحٰقَ ؕ	وَ
اور	ہم نے برکت نازل کی	اس پر	اور	اسحاق پر	اور

مِنْ ذُرِّیَّتِهِمَا ②	مُحْسِنٌ ③④	وَّظَالِمٌ ④⑤	لِّنَفْسِهٖ ⑥
اُن دونوں کی اولاد میں سے	کوئی نیکی کرنے والا	اور کوئی ظلم کرنے والا	اپنے نفس پر

ع 3 39 7

مُبِیْنٌ ﴿113﴾	وَلَقَدْ	مَنَنَّا	عَلٰی مُوْسٰی	وَ	هٰرُوْنَ ﴿114﴾
واضح	اور بلاشبہ یقیناً	ہم نے احسان کیا	موسیٰ پر	اور	ہارون (پر)

وَ	نَجَّیْنٰهُمَا ①②	وَقَوْمَهُمَا ②	مِنَ الْکَرْبِ الْعَظِیْمِ ﴿115﴾
اور	ہم نے نجات دی ان دونوں کو	اور ان دونوں کی قوم کو	بہت بڑی مصیبت سے

وَ	نَصَرْنٰهُمْ ①	فَکَانُوْا	هُمُ الْغٰلِبِیْنَ ﴿116﴾
اور	ہم نے مدد کی ان کی	تو تھے وہ سب	وہی سب غلبہ حاصل کرنے والے

اٰتَیْنٰهُمَا ①②	الْکِتٰبَ ⑦	الْمُسْتَبِیْنَ ﴿117﴾	وَ	هَدَیْنٰهُمَا ①②
ہم نے دی ان دونوں کو	کتاب	واضح	اور	ہم نے ہدایت دی ان دونوں کو

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ﴿118﴾	وَ	تَرَکْنَا ①	عَلَیْهِمَا ②
سیدھے راستے کی	اور	ہم نے (باقی) چھوڑا	ان دونوں پر

ضروری وضاحت

① فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ② هُمَا یا هِمَا میں کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔ ⑤ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ⑥ اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی پر بھی کیا جاتا ہے۔ ⑦ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿119﴾	پیچھے آنے والوں میں۔ ﴿119﴾
سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿120﴾	(کہ) موسیٰ اور ہارون پر سلام ہو۔ ﴿120﴾
اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي	بے شک ہم اسی طرح بدلہ دیتے ہیں
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿121﴾ اِنَّهُمَا	نیکی کرنے والوں کو۔ ﴿121﴾ بے شک وہ دونوں
مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿122﴾	ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔ ﴿122﴾
وَ اِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿123﴾	اور بیشک الیاس یقیناً رسولوں میں سے تھا۔ ﴿123﴾
اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿124﴾	جب اس نے کہا اپنی قوم سے کیا تم ڈرتے نہیں ہو ﴿124﴾
اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّ تَذَرُوْنَ	کیا تم بعل (بت) کو پکارتے ہو اور تم چھوڑ دیتے ہو
اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ﴿125﴾	پیدا کرنے والوں میں سب سے بہتر کو۔ ﴿125﴾
اللّٰهَ رَبَّكُمْ	یعنی اللہ کو (جو) تمہارا رب ہے
وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿126﴾	اور تمہارے پہلے آباء واجداد کا رب ہے۔ ﴿126﴾
فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ	تو انہوں نے جھٹلا دیا اسے، سو یقیناً وہ سب

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلَيْهِمَا	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	قَالَ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔
الْاٰخِرِيْنَ	: آخرت، یوم آخرت، آخری۔	لِقَوْمِهٖ	: قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
كَذٰلِكَ	: کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔	تَدْعُوْنَ	: دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
نَجْزِي	: جزاء وسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔	اَحْسَنَ	: احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔
الْمُحْسِنِيْنَ	: احسن جزا، حسن، احسان، محسن۔	الْخَالِقِيْنَ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
عِبَادِنَا	: عبد، عابد، عبادالرحمن۔	اٰبَآئِكُمْ	: آباؤ اجداد، آبائی علاقہ۔
الْمُؤْمِنِيْنَ	: ایمان، مومن، امن۔	الْاَوَّلِيْنَ	: اوّل درجہ، اوّل انعام یافتہ۔
الْمُرْسَلِيْنَ	: رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	فَكَذَّبُوْهُ	: کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔

فِي الْاٰخِرِيْنَ ۖ﴿119﴾	سَلٰمٌ	عَلٰى مُوْسٰى	وَ	هٰرُوْنَ ﴿120﴾
پیچھے آنے والوں میں	سلام (ہو)	موسیٰ پر	اور	ہارون (پر)

اِنَّا ①	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ ② ﴿121﴾
بے شک ہم	اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	نیکی کرنے والوں (کو)

اِنَّهُمَا ③	مِنْ عِبَادِنَا ④	الْمُؤْمِنِيْنَ ② ﴿122﴾	وَ	اِنَّ ⑤
بے شک وہ دونوں	ہمارے بندوں میں سے	سب ایمان لانے والے (تھے)	اور	بیشک

اِلْيَاسَ	لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿123﴾ط	اِذْ	قَالَ	لِقَوْمِهٖ ⑥
الیاس	یقیناً رسولوں میں سے (تھا)	جب	اس نے کہا	اپنی قوم سے

اَلَا	تَتَّقُوْنَ ﴿124﴾	اَ	تَدْعُوْنَ	بَعْلًا	وَّ
کیا نہیں	تم سب ڈرتے	کیا	تم سب پکارتے ہو	بعل (بت کو)	اور

تَذَرُوْنَ	اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ⑦ ﴿125﴾ لا	اللّٰهَ	رَبَّكُمْ ⑧
تم سب چھوڑ دیتے ہو	پیدا کرنے والوں میں سب سے بہتر	اللہ کو	(جو) تمہارا رب ہے

وَرَبَّ	اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ⑧ ﴿126﴾	فَكَذَّبُوْهُ	فَاِنَّهُمْ
اور رب (ہے)	تمہارے پہلے آباء واجداد کا	تو انہوں نے جھٹلا دیا اُسے	سو یقیناً وہ سب

ضروری وضاحت

①اِنَّا دراصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔②اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔③هُمَا میں کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، یا اپنا کیا جاتا ہے۔⑤اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔⑥قَالَ کے بعد لِ کا ترجمہ سے کیا جاتا ہے۔⑦اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑧كُمْ کا ترجمہ اسم کے آخر میں تمہارا اور فعل کے آخر میں تمہیں کیا جاتا ہے۔

لَمُحۡضَرُوۡنَ ﴿127﴾	ضرور حاضر کیے جانے والے ہیں۔ ﴿127﴾
اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ	سوائے اللہ کے (ان) بندوں کے
الۡمُخۡلَصِيۡنَ ﴿128﴾	(جو) خالص (چُنے) ہوئے ہیں۔ ﴿128﴾
وَتَرَكۡنَا عَلَيۡهِ	اور ہم نے (باقی) چھوڑا اس پر (یعنی اس کا ذکر خیر)
فِى الۡاٰخِرِيۡنَ ﴿129﴾	پیچھے آنے والوں میں۔ ﴿129﴾
سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلۡ يَاسِيۡنَ ﴿130﴾ اِنَّا	(کہ) سلام ہو الیاسین پر۔ ﴿130﴾ بے شک ہم
كَذٰلِكَ نَجۡزِى الۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿131﴾	اسی طرح بدلہ دیتے ہیں نیکی کرنے والوں کو۔ ﴿131﴾
اِنَّهٗ مِنۡ عِبَادِنَا الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿132﴾	بلاشبہ وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا۔ ﴿132﴾
وَاِنَّ لُوۡطًا لَّمِنَ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ﴿133﴾	اور بیشک لوط (بھی) یقیناً رسولوں میں تھا۔
اِذۡ نَجَّيۡنٰهُ وَاَهۡلَهٗۤ	جب ہم نے نجات دی اسے اور اس کے گھر والوں
اَجۡمَعِيۡنَ ﴿134﴾ اِلَّا عَجُوۡزًا	سب کو۔ ﴿134﴾ سوائے ایک بڑھیا کے
فِى الۡغٰبِرِيۡنَ ﴿135﴾	(جو) پیچھے رہ جانے والوں میں سے تھی۔ ﴿135﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَمُحۡضَرُوۡنَ : حاضر، حاضری، استحضار۔	نَجۡزِى : جزا و سزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔
اِلَّا : اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔	الۡمُحۡسِنِيۡنَ : احسن جزا، حسن، احسان، محسن۔
عِبَادَ : عبد، عابد، عباد الرحمن۔	الۡمُؤۡمِنِيۡنَ : ایمان، مومن، امن۔
الۡمُخۡلَصِيۡنَ : خالص، خلوص، مخلص۔	الۡمُرۡسَلِيۡنَ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
تَرَكۡنَا : ترک، ترکہ، مال متروکہ، ترک تعلق۔	نَجَّيۡنٰهُ : نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔
الۡاٰخِرِيۡنَ : آخرت، یوم آخرت، آخری۔	اَجۡمَعِيۡنَ : جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
عَلٰٓى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	اِلَّا : اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
كَذٰلِكَ : کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔	عَجُوۡزًا : عاجز، عاجزی، عجز و نیاز۔

لَمُحْضَرُوْنَ ﴿127﴾ ①	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ
ضرور سب حاضر کیے جانے والے (ہیں)	سوائے	اللہ کے (ان) بندوں کے

الْمُخْلَصِيْنَ ﴿128﴾ ①	وَ	تَرَكْنَا ②	عَلَيْهِ
سب چُنے ہوئے (ہیں)	اور	ہم نے (باقی) چھوڑا	اس پر

فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿129﴾	سَلٰمٌ	عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿130﴾ ③
پیچھے آنے والوں میں	سلام (ہو)	الیاس پر

اِنَّا ④	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ ﴿131﴾ ①	اِنَّهٗ
بے شک ہم	اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	نیکی کرنے والوں (کو)	بلاشبہ وہ

مِنْ عِبَادِنَا	الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿132﴾ ①	وَ	اِنَّ ⑤	لُوْطًا
ہمارے بندوں میں سے	ایمان لانے والے (تھے)	اور	بے شک	لوط

لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿133﴾ ⑤	اِذْ نَجَّيْنٰهُ ② ⑥	وَاَهْلَهٗٓ
یقیناً رسولوں میں سے (تھے)	جب ہم نے نجات دی اسے	اور اس کے گھر والوں (کو)

اَجْمَعِيْنَ ﴿134﴾	اِلَّا	عَجُوْزًا	فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿135﴾
سب کے سب کو	سوائے	ایک بڑھیا (کے)	(جو) پیچھے رہ جانے والوں میں سے (تھی)

ضروری وضاحت

① اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ③ اِلْيَاسِيْنَ حضرت الیاس علیہ السلام کا ایک تلفظ ہے جیسے طور سینا کو طور سینین کہا گیا ہے۔ ④ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔ ⑤ اِنَّ اور لَ دونوں میں تاکید کا مفہوم ہے۔
⑥ اِذْ اور اِذَا کا ترجمہ جب ہے اِذْ عموماً ماضی کے لیے اور اِذَا عموماً مستقبل کے لیے استعمال ہوتا ہے

ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِیْنَ ﴿136﴾	پھر ہم نے ہلاک کر دیا دوسروں کو۔ ﴿136﴾
وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ	اور بے شک تم یقیناً گزرتے ہو
عَلَیْهِمْ مُّصْبِحِیْنَ ﴿137﴾	ان (کے گھروں) پر سے صبح جاتے ہوئے۔ ﴿137﴾
وَبِالَّیْلِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿138﴾ ع 4/25/8	اور رات کو، تو کیا تم سمجھتے نہیں۔ ﴿138﴾
وَاِنَّ یُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ﴿139﴾	اور بیشک یونس بھی یقیناً رسولوں میں سے تھا۔ ﴿139﴾
اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿140﴾	جب وہ بھاگ کر گیا بھری ہوئی کشتی کی طرف۔ ﴿140﴾
فَسَاهَمَ فَكَانَ	پھر قرعہ میں شریک ہوا تو وہ ہو گیا
مِنَ الْمُدْحَضِیْنَ ﴿141﴾	ہارنے والوں میں سے۔ ﴿141﴾
فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ	پھر مچھلی نے اُسے نگل لیا اس حال میں کہ وہ
مُلِیْمٌ ﴿142﴾	(خود کو) ملامت کرنے والا تھا۔ ﴿142﴾
فَلَوْلَاۤ اَنَّهٗ كَانَ	پھر اگر نہ (ایسا ہوتا) کہ بے شک وہ تھا
مِنَ الْمُسَبِّحِیْنَ ﴿143﴾	تسبیح کرنے والوں میں سے۔ ﴿143﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْاٰخَرِیْنَ : آخرت، یوم آخرت، آخری۔
عَلَیْهِمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
مُّصْبِحِیْنَ : صبح، علی الصبح، صبح صادق۔
وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
بِالَّیْلِ : لیل ونہار، لیلۃ القدر۔
اَفَلَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
تَعْقِلُوْنَ : عقل، عاقل، معقول۔

لَمِنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
الْمُرْسَلِیْنَ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
اِلَى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
فَسَاهَمَ : سہم، سہیم وشریک۔
مُلِیْمٌ : ملامت۔
الْمُسَبِّحِیْنَ : تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔

ثُمَّ	دَمَّرْنَا ①	الْاٰخَرِیْنَ ﴿136﴾	وَ	اِنَّكُمْ ②
پھر	ہم نے ہلاک کردیا	دوسروں کو	اور	بے شک تم

لَتَمُرُّوْنَ ②	عَلَیْهِمْ	مُّصْبِحِیْنَ ③ ﴿137﴾ لا	وَ	بِالَّیْلِ ④ ط
یقیناً تم سب گزرتے ہو	ان (کے گھروں) پر (سے)	صبح کرتے ہوئے	اور	رات کو

ع 4 25 8

اَفَلَا ⑤	تَعْقِلُوْنَ ﴿138﴾ ع	وَ	اِنَّ ②	یُوْنُسَ
تو کیا نہیں	تم سب سمجھتے	اور	بیشک	یونس

لَمِنَ ② الْمُرْسَلِیْنَ ﴿139﴾ ط	اِذْ	اَبَقَ	اِلَى الْفُلْكِ	الْمَشْحُوْنِ ⑥ ﴿140﴾ لا
یقیناً رسولوں میں سے (تھا)	جب	بھاگ کر گیا	کشتی کی طرف	بھری ہوئی

فَسَاهَمَ	فَكَانَ ⑦	مِنَ الْمُدْحَضِیْنَ ﴿141﴾ ج	فَالْتَقَمَهُ
پھر قرعہ میں شریک ہوا	تو وہ ہوگیا	ہارنے والوں میں سے	پھر نگل لیا اُسے

الْحُوْتُ	وَ	هُوَ	مُلِیْمٌ ﴿142﴾	فَلَوْلَآ ⑧
مچھلی نے	اس حال میں کہ	وہ	(خودکو) ملامت کرنے والا تھا	پھر اگر نہ (ایسا ہوتا)

اَنَّهٗ	كَانَ	مِنَ الْمُسَبِّحِیْنَ ③ ﴿143﴾ لا
کہ بے شک وہ	تھا	تسبیح کرنے والوں میں سے

ضروری وضاحت

① نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔② اِنَّ اور لَ دونوں میں تاکید کا مفہوم ہے۔③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔⑤ أَ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ مَفْعُوْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا ہوا کا مفہوم ہے۔⑦ كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوگیا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔⑧ لَوْلَا کے بعد فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ورنہ اگر نہ ہوتا ہے۔

لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖۤ اِلٰى يَوْمِ	(تو) یقیناً وہ رہتا اسکے پیٹ میں اس دن تک (جس میں)
يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴۴﴾	لوگ زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے۔﴿۱۴۴﴾
فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ	پھر ہم نے پھینک دیا اسے چٹیل میدان میں
وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾ وَاَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ	جبکہ وہ بیمار تھا۔﴿۱۴۵﴾ اور ہم نے اگا دیا اس پر
شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿۱۴۶﴾	ایک درخت (پودہ) بیل دار۔﴿۱۴۶﴾
وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ	اور ہم نے بھیجا اسے ایک لاکھ یا (اس سے بھی)
يَزِيْدُوْنَ ﴿۱۴۷﴾ فَاٰمَنُوْا	وہ زیادہ ہونگے۔﴿۱۴۷﴾ پس وہ ایمان لے آئے
فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۴۸﴾	تو ہم نے انہیں فائدہ دیا ایک وقت (مقرر) تک
فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ	سو آپ پوچھیے ان سے کیا آپ کے رب کے لیے
الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۱۴۹﴾	(تو) بیٹیاں ہیں اور ان کے لیے بیٹے۔﴿۱۴۹﴾
اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا	یا ہم نے پیدا کیا فرشتوں کو مؤنث
وَّهُمْ شٰهِدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾	اور وہ (اس وقت) موجود تھے۔﴿۱۵۰﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِيْ	فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔	فَمَتَّعْنٰهُمْ	متاع کارواں، مال ومتاع۔
بَطْنِهٖ	بطنِ مادر۔	فَاسْتَفْتِهِمْ	فتویٰ، مفتی، دارالافتاء، استفتاء۔
يُبْعَثُوْنَ	بعث بعد الموت، بعثت، مبعوث۔	الْبَنَاتُ	بنت حوا، مدرسۃ البنات، بنات جامعہ۔
سَقِيْمٌ	سُقم، سقیم، سقیم الحال (کمزور، مریض)۔	الْبَنُوْنَ	ابنائے جامعہ، عیسٰی ابن مریم، ابن عمر۔
اَنْۢبَتْنَا	نباتات وجمادات۔	خَلَقْنَا	خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
شَجَرَةً	حجر و شجر، شجرکاری مہم، شجر ممنوعہ۔	الْمَلٰٓئِكَةَ	ملک الموت، ملائکہ۔
اَرْسَلْنٰهُ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	اِنَاثًا	مؤنث و مذکر، تذکیر و تانیث۔
يَزِيْدُوْنَ	زیادہ، مزید، زائد۔	شٰهِدُوْنَ	شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔

النصف

لَلَبِثَ	فِيْ بَطْنِهٖٓ	اِلٰى يَوْمِ	يُبْعَثُوْنَ ①(144)
(تو) یقیناً وہ رہتا	اسکے پیٹ میں	اس دن تک (جس میں)	وہ سب زندہ کر کے اُٹھائے جائیں گے

فَنَبَذْنٰهُ ②	بِالْعَرَآءِ ③	وَ	هُوَ	سَقِيْمٌ (145)	وَ
پھر ہم نے پھینک دیا اسے	چٹیل میدان میں	جبکہ	وہ	بیمار (تھا)	اور

اَنْۢبَتْنَا	عَلَيْهِ	شَجَرَةً ④⑤	مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ⑥(146)	وَ	اَرْسَلْنٰهُ
ہم نے اگا دیا	اس پر	ایک درخت (پودہ)	بیل دار	اور	ہم نے بھیجا اسے

اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ ④	اَوْيَزِيْدُوْنَ (147)	فَاٰمَنُوْا	فَمَتَّعْنٰهُمْ ⑦
سو ہزار (ایک لاکھ) کی طرف	یا وہ سب زیادہ ہونگے	پس وہ سب ایمان لے آئے	تو ہم نے فائدہ دیا انہیں

اِلٰى حِيْنٍ ⑤(148)	فَاسْتَفْتِهِمْ	اَ	لِرَبِّكَ	الْبَنَاتُ ④
ایک وقت (مقرر) تک	سو آپ پوچھیے ان سے	کیا	آپکے رب کے لیے	(تو) بیٹیاں (ہیں)

وَ	لَهُمُ	الْبَنُوْنَ (149)	اَمْ	خَلَقْنَا
اور	ان کے لیے	سب بیٹے	یا	ہم نے پیدا کیا

الْمَلٰٓئِكَةَ ⑧	اِنَاثًا	وَّ	هُمْ	شٰهِدُوْنَ (150)
فرشتوں (کو)	مؤنث	اور	وہ	سب موجود (تھے)

ضروری وضاحت

①اگر یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔② ہٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُسے اور ہٗ سے پہلے اگر الف ہو تو یہ ہٗ ہوجاتا ہے۔③ یہاں بِ کا ترجمہ ضرورتاً میں کیا گیا ہے۔④ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
⑦ هُمْ یا هِمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔⑧ یہاں ة واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔

اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ	خبردار بے شک وہ اپنے جھوٹ ہی سے
لَيَقُوْلُوْنَ ﴿151﴾ وَلَدَ اللّٰهُ ۙ	یقیناً کہتے ہیں۔ ﴿151﴾ (کہ) اللہ نے اولاد جنی
وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿152﴾	اور بے شک وہ یقیناً جھوٹے ہیں۔ ﴿152﴾
اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿153﴾	کیا اس نے پسند کیا (ترجیح دی) بیٹیوں کو بیٹوں پر۔ ﴿153﴾
مَا لَكُمْ ۣ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿154﴾	کیا ہے تم کو؟ تم کیسا فیصلہ کر رہے ہو۔ ﴿154﴾
اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿155﴾	تو کیا تم غور نہیں کرتے۔ ﴿155﴾
اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿156﴾	یا تمہارے پاس کوئی واضح دلیل ہے۔ ﴿156﴾
فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ	تو لاؤ اپنی کتاب
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿157﴾ وَجَعَلُوْا	اگر ہو تم سچے۔ ﴿157﴾ اور انہوں نے بنادی
بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ	اس (اللہ) کے درمیان اور جنوں کے درمیان
نَسَبًا ۭ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ	رشتہ داری، اور بلاشبہ یقیناً جنوں نے جان لیا کہ
اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿158﴾	بے شک وہ ضرور حاضر کیے جانے والے ہیں۔ ﴿158﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَيَقُوْلُوْنَ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	سُلْطٰنٌ : سلطان، سلطانی گواہ، سلطانیت۔
وَلَدَ : ولادت، ولد، اولاد، مولود۔	مُّبِيْنٌ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
لَكٰذِبُوْنَ : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	صٰدِقِيْنَ : صداقت، صدق دل، صادق وامین۔
الْبَنَاتِ : بنت حوا، مدرسۃ البنات، بنات جامعہ۔	بَيْنَهٗ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
الْبَنِيْنَ : ابنائے جامعہ، عیسیٰ ابن مریم، ابن عمر۔	الْجِنَّةِ : جن، جنات، جن وانس۔
كَيْفَ : کیفیت، بہرکیف، کوائف۔	نَسَبًا : نسبت، نسب نامہ، سلسلہ نسب۔
تَحْكُمُوْنَ : محکمہ، حکم، تحکیم۔	عَلِمَتِ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
تَذَكَّرُوْنَ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	لَمُحْضَرُوْنَ : حاضر، حاضری، استحضار۔

اَلَآ ①	اِنَّهُمْ	مِّنْ اِفْكِهِمْ ②	لَيَقُوْلُوْنَ ﴿151﴾ لا
خبردار	بے شک وہ	اپنے جھوٹ (ہی) سے	یقیناً وہ سب کہتے ہیں

وَلَدَ اللّٰهُ لا	وَ	اِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ ﴿152﴾	اَصْطَفَى ③
(کہ) اللہ نے اولاد جنی	اور	بے شک وہ	یقیناً سب جھوٹے ہیں	کیا اس نے پسند کیا

الْبَنَاتِ	عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿153﴾ ط	مَا	لَكُمْ ④ قف	كَيْفَ	تَحْكُمُوْنَ ﴿154﴾
بیٹیوں (کو)	بیٹوں پر	کیا (ہے)	تم کو؟	کیسے	تم سب فیصلہ کر رہے ہو

اَفَلَا ⑤	تَذَكَّرُوْنَ ⑥ ﴿155﴾ ج	اَمْ	لَكُمْ	سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿156﴾ لا
تو کیا نہیں	تم سب غور کرتے	یا	تمہارے پاس	کوئی واضح دلیل (ہے)

فَاْتُوْا	بِكِتٰبِكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ ﴿157﴾	وَ
تو تم سب لاؤ	اپنی کتاب کو	اگر	ہو تم	سب سچے	اور

جَعَلُوْا	بَيْنَهٗ	وَ	بَيْنَ الْجِنَّةِ	نَسَبًا ط	وَ
انہوں نے بنادی	اس (اللہ) کے درمیان	اور	جنوں کے درمیان	رشتہ داری	اور

لَقَدْ	عَلِمَتِ ⑦	الْجِنَّةُ	اِنَّهُمْ	لَمُحْضَرُوْنَ ⑧ ﴿158﴾ لا
بلاشبہ یقیناً	جان لیا	جنوں نے	کہ بیشک وہ	ضرور سب حاضر کیے جانے والے (ہیں)

ضروری وضاحت

① اَلَا حرف تنبیہ ہے اسکا ترجمہ سنو، آگاہ رہو یا خبردار ہوتا ہے۔ ② هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔
③ یہ دراصل اَاِصْطَفٰی تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے اِ گرایا گیا ہے۔ ④ لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ
استعمال ہوا ہے۔ ⑤ اَ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ ذ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم
ہے۔ ⑦ یہاں تِ کو اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔ ⑧ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہے۔

سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ ﴿159﴾	پاک ہے اللہ ان (باتوں) سے جو وہ بیان کرتے ہیں ﴿159﴾
اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ	سوائے اللہ کے (ان) بندوں کے
الۡمُخۡلَصِيۡنَ ﴿160﴾	(جو) خالص کیے (چنے) ہوئے ہیں۔ ﴿160﴾
فَاِنَّكُمۡ وَمَا تَعۡبُدُوۡنَ ﴿161﴾	پس بیشک تم اور (وہ) جن کی تم عبادت کرتے ہو ﴿161﴾
مَاۤ اَنۡتُمۡ عَلَيۡهِ بِفٰتِنِيۡنَ ﴿162﴾	نہیں ہو تم اس پر (یعنی اللہ کے خلاف) ہرگز بہکانے والے ﴿162﴾
اِلَّا مَنۡ هُوَ صَالِ	مگر (اسے) جو داخل ہونے والا ہے
الۡجَحِيۡمِ ﴿163﴾	بھڑکتی آگ میں۔ ﴿163﴾
وَمَا مِنَّاۤ	اور نہیں ہے ہم (فرشتوں) میں سے (کوئی)
اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعۡلُوۡمٌ ﴿164﴾	مگر اس کے لیے ایک مقام مقرر ہے۔ ﴿164﴾
وَّ اِنَّا لَنَحۡنُ	اور بے شک ہم یقیناً
الصَّآفُّوۡنَ ﴿165﴾	صف باندھے کھڑے رہنے والے ہیں۔ ﴿165﴾
وَ اِنَّا لَنَحۡنُ الۡمُسَبِّحُوۡنَ ﴿166﴾	اور بے شک ہم یقیناً تسبیح کرنے والے ہیں۔ ﴿166﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سُبۡحٰنَ	: تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔	وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
عَمَّا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
يَصِفُوۡنَ	: وصف، موصوف، توصیف، اوصاف۔	مِنَّاۤ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
اِلَّا	: اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔	مَقَامٌ	: مقام ومرتبہ، مقام محمود، اعلیٰ مقام۔
عِبَادَ	: عبد، عابد، عبادالرحمن۔	مَّعۡلُوۡمٌ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
الۡمُخۡلَصِيۡنَ	: خالص، خلوص، مخلص۔	الصَّآفُّوۡنَ	: صف بندی، صف اوّل۔
تَعۡبُدُوۡنَ	: معبود، عبادت، عبادت گاہ۔	الۡمُسَبِّحُوۡنَ	: تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔
صَالِ	: وصل، وصول، واصل جہنم، وصال۔		

سُبۡحٰنَ اللّٰهِ	عَمَّا ①	يَصِفُوۡنَ ﴿159﴾ لا	اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ
پاک ہے اللہ	(اُن باتوں) سے جو	وہ سب بیان کرتے ہیں	سوائے اللہ کے (ان) بندوں کے

الۡمُخۡلَصِيۡنَ ② ﴿160﴾	فَاِنَّكُمۡ	وَمَا	تَعۡبُدُوۡنَ ﴿161﴾ لا
(جو) سب خالص کیے ہوئے	پس بے شک تم	اور جن کی	تم سب عبادت کرتے ہو

مَآ	اَنۡتُمۡ	عَلَيۡهِ	بِفٰتِنِيۡنَ ③ ﴿162﴾ لا	اِلَّا
نہیں (ہو)	تم	اس پر (یعنی اللہ کے خلاف)	ہرگز سب بہکانے والے	مگر

مَنۡ	هُوَ ④	صَالِ ⑤	الۡجَحِيۡمِ ﴿163﴾	وَمَا
(اسے) جو	وہ	داخل ہونے والا	بھڑکتی آگ (میں)	اور نہیں

مِنَّآ	اِلَّا	لَهٗ	مَقَامٌ ⑥	مَّعۡلُوۡمٌ ﴿164﴾ لا
ہم میں سے	مگر	اس کے لیے	ایک مقام	مقرر

وَّ	اِنَّا ⑦	لَنَحۡنُ ⑧	الصَّآفُّوۡنَ ﴿165﴾ ج
اور	بے شک ہم	یقیناً ہم	سب صف باندھے کھڑے رہنے والے

وَ	اِنَّا ⑦	لَنَحۡنُ	الۡمُسَبِّحُوۡنَ ⑨ ﴿166﴾
اور	بے شک ہم	یقیناً ہم	سب تسبیح کرنے والے ہیں

ضروری وضاحت

①عَمَّا دراصل عَنۡ+مَا مجموعہ ہے۔②اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا اور اگر زیر ہو تو کرنے والے مفہوم ہوتا ہے۔③مَا کے بعد اسی جملے میں بِ ہو تو تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔④هُوَ واحد مذکر کی اور هِيَ واحد مؤنث کی علامت ہے۔⑤صَالِ اصل میں فَاعِلٌ کے وزن میں صَالِيٌ تھا گرامر کے اصول کے مطابق يْ کو گرا گیا ہے۔⑥ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔⑦اِنَّا دراصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے۔⑧لَ تاکید کی علامت ہے۔

وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ﴿167﴾	اور بے شک وہ (کفار) یقیناً کہا کرتے تھے۔ ﴿167﴾
لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا	اگر بے شک ہمارے پاس ہوتی
ذِكْرًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿168﴾	پہلے لوگوں کی کوئی نصیحت (کتاب)۔ ﴿168﴾
لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿169﴾	(تو) ضرور ہم ہوتے اللہ کے چنے ہوئے بندے۔ ﴿169﴾
فَكَفَرُوْا بِهٖ	تو (اب) انہوں نے انکار کر دیا اس کا
فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿170﴾	سو جلد ہی وہ جان لیں گے۔ ﴿170﴾
وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا	اور بلاشبہ یقیناً پہلے طے ہو چکی ہماری بات
لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿171﴾	ہمارے بھیجے ہوئے بندوں (یعنی رسولوں) کے لیے۔ ﴿171﴾
اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿172﴾	(کہ) بلاشبہ یقیناً وہی مدد کیے جانے والے ہیں ﴿172﴾
وَاِنَّ جُنْدَنَا	اور بے شک ہمارا لشکر
لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿173﴾	یقیناً وہی غالب ہونے والا ہے۔ ﴿173﴾
فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿174﴾	سو آپ منہ موڑ لیجیے ان سے ایک وقت تک۔ ﴿174﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَيَقُوْلُوْنَ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔

عِنْدَنَا : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔

ذِكْرًا : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔

الْاَوَّلِيْنَ : اوّل درجہ، اوّل انعام یافتہ۔

عِبَادَ : عبد، عابد، عبادالرحمن۔

الْمُخْلَصِيْنَ : خالص، خلوص، مخلص۔

فَكَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار، کفارمکہ۔

يَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔

سَبَقَتْ : سبقت، سابقہ، حسب سابق۔

كَلِمَتُنَا : کلمہ طیبہ، کلام، مکالمہ۔

لِعِبَادِنَا : لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس۔

لِعِبَادِنَا : عبد، عابد، عبادالرحمن۔

الْمُرْسَلِيْنَ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔

الْمَنْصُوْرُوْنَ : نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔

الْغٰلِبُوْنَ : غالب، غلبہ، مغلوب، ظن غالب۔

حَتّٰى : حتیٰ کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔

وَاِنْ①	كَانُوْا	لَيَقُوْلُوْنَ ﴿167﴾	لَوْ②	اَنَّ
اور بے شک	وہ سب (کفار) تھے	یقیناً وہ سب کہا کرتے	اگر	بے شک

عِنْدَنَا	ذِكْرًا③	مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿168﴾	لَكُنَّا
ہمارے پاس (ہوتی)	کوئی نصیحت (کتاب)	پہلے لوگوں کی	(تو) ضرور ہم ہوتے

عِبَادَ اللّٰهِ	الْمُخْلَصِيْنَ④ ﴿169﴾	فَكَفَرُوْا	بِهٖ
اللہ کے بندے	سب چنے ہوئے	تو (اب) انہوں نے انکار کردیا	اس کا

فَسَوْفَ⑤	يَعْلَمُوْنَ ﴿170﴾	وَلَقَدْ	سَبَقَتْ⑥
سو جلد ہی	وہ سب جان لیں گے	اور بلاشبہ یقیناً	پہلے طے ہوچکی

كَلِمَتُنَا⑦	لِعِبَادِنَا⑦	الْمُرْسَلِيْنَ④ ﴿171﴾	اِنَّهُمْ	لَهُمُ
ہماری بات	ہمارے بندوں کے لیے	بھیجے ہوئے	(کہ) بلاشبہ وہ	یقیناً وہی

الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿172﴾	وَ	اِنَّ	جُنْدَنَا⑦	لَهُمُ
سب مدد کیے جانے والے (ہیں)	اور	بے شک	ہمارا لشکر	یقیناً وہی

الْغٰلِبُوْنَ ﴿173﴾	فَتَوَلَّ⑧	عَنْهُمْ	حَتّٰى حِيْنٍ③ ﴿174﴾
غالب ہونے والا ہے	سو آپ منہ موڑ لیجیے	ان سے	ایک وقت تک

ضروری وضاحت

①یہ دراصل اِنَّ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے اِنْ استعمال ہوا ہے۔②لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔③ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔④شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا گیا ہوا یا کیا جانے والے کا مفہوم ہے۔⑤سَوْفَ کا ترجمہ عنقریب یا جلدی کیا جاتا ہے یہ عموماً مستقبل بعید کے لیے استعمال ہوتا ہے۔⑥تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے۔⑦نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا یا اپنا کیا جاتا ہے۔⑧تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

وَّ اَبۡصِرۡهُمۡ	اور آپ دیکھیے انہیں
فَسَوۡفَ يُبۡصِرُوۡنَ ﴿175﴾	پس عنقریب وہ بھی دیکھ لیں گے۔ ﴿175﴾
اَفَبِعَذَابِنَا يَسۡتَعۡجِلُوۡنَ ﴿176﴾	تو (بھلا) کیا ہمارا عذاب وہ جلدی مانگتے ہیں۔ ﴿176﴾
فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمۡ	پھر جب وہ نازل ہوگا ان کے صحن میں
فَسَآءَ صَبَاحُ الۡمُنۡذَرِيۡنَ ﴿177﴾	تو بری ہوگی ڈرائے جانے والوں کی صبح۔ ﴿177﴾
وَتَوَلَّ عَنۡهُمۡ حَتّٰى حِيۡنٍ ﴿178﴾	اور آپ منہ موڑ لیں ان سے ایک وقت تک۔ ﴿178﴾
وَّاَبۡصِرۡ فَسَوۡفَ يُبۡصِرُوۡنَ ﴿179﴾	اور دیکھیں پس عنقریب وہ (بھی) دیکھ لیں گے۔ ﴿179﴾
سُبۡحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الۡعِزَّةِ	پاک ہے آپ کا رب عزت کا رب (مالک)
عَمَّا يَصِفُوۡنَ ﴿180﴾	(ان باتوں) سے جو وہ (مشرک) بیان کرتے ہیں۔ ﴿180﴾
وَسَلٰمٌ عَلَى الۡمُرۡسَلِيۡنَ ﴿181﴾	اور سلام ہے (تمام) رسولوں پر۔ ﴿181﴾
وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ	اور سب تعریف اللہ کے لیے ہے
رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿182﴾	(جو) تمام جہانوں کا رب ہے۔ ﴿182﴾

ع 5 44 9

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	شان وشوکت، سحر وافطار، لوح وقلم۔	حَتّٰى	حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔
اَبۡصِرۡهُمۡ	سمع وبصر، بصارت، علی وجہ البصیرت۔	سُبۡحٰنَ	تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔
فَبِعَذَابِنَا	عذاب، عذابِ الیم، عذابِ آخرت۔	عَمَّا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
يَسۡتَعۡجِلُوۡنَ	عجلت، مہر معجّل۔	يَصِفُوۡنَ	وصف، موصوف، توصیف، اوصاف۔
نَزَلَ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	عَلَى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
فَسَآءَ	علمائے سوء، اعمال سیئہ، سوء ظن۔	الۡمُرۡسَلِيۡنَ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
صَبَاحُ	صبح، علی الصبح، صبح صادق۔	الۡحَمۡدُ	حمد وثناء، حامد، محمود، حماد، حمید۔
الۡمُنۡذَرِيۡنَ	بشارت وانذار، نذیر۔	الۡعٰلَمِيۡنَ	الہ العالمین، رحمۃ للعلمین، اقوام عالم۔

وَ ①	اَبۡصِرۡهُمۡ	فَسَوۡفَ ②	يُبۡصِرُوۡنَ ﴿175﴾
اور	دیکھیے انہیں	پس عنقریب	وہ سب دیکھ لیں گے

اَفَبِعَذَابِنَا ②	يَسۡتَعۡجِلُوۡنَ ③ ﴿176﴾	فَاِذَا ②	نَزَلَ
تو (بھلا) کیا ہمارا عذاب	وہ سب جلدی مانگتے ہیں	پھر جب	وہ نازل ہوگا

بِسَاحَتِهِمۡ ④	فَسَآءَ ②	صَبَاحُ	الۡمُنۡذَرِيۡنَ ﴿177﴾
ان کے صحن میں	تو بری ہوگی	صبح	سب ڈرائے جانے والوں کی

وَ ①	تَوَلَّ ⑤	عَنۡهُمۡ	حَتّٰى حِيۡنٍ ⑥ ﴿178﴾ لا	وَ ①	اَبۡصِرۡ
اور	آپ منہ موڑ لیں	ان سے	ایک وقت تک	اور	آپ دیکھیں

فَسَوۡفَ	يُبۡصِرُوۡنَ ﴿179﴾	سُبۡحٰنَ	رَبِّكَ	رَبِّ الۡعِزَّةِ ⑦
پس عنقریب	وہ سب دیکھ لیں گے	پاک (ہے)	آپ کا رب	عزت کا رب

عَمَّا ⑧	يَصِفُوۡنَ ﴿180﴾ ج	وَسَلٰمٌ ①	عَلَى الۡمُرۡسَلِيۡنَ ﴿181﴾ ج
(اُن باتوں) سے جو	وہ سب بیان کرتے ہیں	اور سلام (ہے)	تمام رسولوں پر

ع 5 44 9

وَ ①	الۡحَمۡدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿182﴾ ع
اور	(سب) تعریف	اللہ کے لیے	(جو) تمام جہانوں کا رب (ہے)۔

ضروری وضاحت

① وَ کا ترجمہ عموماً اور ہے، کبھی حالانکہ، جبکہ یا قسم بھی ہوتا ہے۔② فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔③ فعل کے شروع میں اِسۡتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہوتا ہے اگر اس کے شروع میں یہ تَ وغیرہ ہو تو أ گر جاتا ہے۔④ یہاں بِ کا ترجمہ میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔⑤ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑧ عَمَّا دراصل عَنۡ + مَا مجموعہ ہے۔

اٰیَاتُھَا 88 | 38 سُوْرَةُ صٓ مَکِّیَّةٌ 38 | رُکُوْعَاتُھَا 5

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّكْرِ ﴿1﴾	صٓ، قسم ہے نصیحت والے قرآن کی۔ ﴿1﴾
بَلِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا	بلکہ (وہ لوگ) جنہوں نے کفر کیا
فِیْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ﴿2﴾	(وہ) تکبر اور مخالفت میں (پڑے ہوئے) ہیں۔ ﴿2﴾
كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ	کتنی ہی قوموں کو ہم نے ہلاک کر دیا ان سے پہلے
فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِیْنَ مَنَاصٍ ﴿3﴾	تو انہوں نے پکارا اور نہیں تھا وہ وقت بچ نکلنے کا۔ ﴿3﴾
وَعَجِبُوْۤا اَنْ جَآءَهُمْ	اور انہوں نے تعجب کیا (اس پر) کہ آیا ان کے پاس
مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ ؗ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ	ایک ڈرانے والا انہیں میں سے اور کافروں نے کہا
هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ﴿4﴾ ۚۖ	یہ انتہائی جھوٹا جادوگر ہے۔ ﴿4﴾
اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚۖ	کیا اس نے بنا دیا کئی معبودوں کو ایک معبود
اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ ﴿5﴾	بے شک یہ یقیناً بڑی عجیب چیز ہے۔ ﴿5﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ذِی : ذیشان، ذی وقار، ذی الحجہ۔	عَجِبُوْۤا : عجب، عجیب، تعجب، عجائب گھر۔
الذِّكْرِ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	مُّنْذِرٌ : بشارت و انذار، نذیر۔
بَلِ : بلکہ۔	الْكٰفِرُوْنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	هٰذَا : لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس۔
اَهْلَكْنَا : ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔	سٰحِرٌ : سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔
قَبْلِهِمْ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	كَذَّابٌ : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
قَرْنٍ : قرون اولیٰ۔	الْاٰلِهَةَ : الٰہ العالمین، توحید الوہیت۔
فَنَادَوْا : نداء، منادی، ندائے ملت۔	وَّاحِدًا : وحدت، جسد واحد، واحدانیت۔

اٰیاتُھَا 88 | 38 سُوْرَۃُ صٓ مَکِّیَّۃٌ 38 | رُکُوْعَاتُھَا 5

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

صٓ	وَ ①	الۡقُرۡاٰنِ	ذِی الذِّکۡرِ ② ۝1	بَلِ	الَّذِیۡنَ
ص	قسم ہے	قرآن (کی)	نصیحت والے	بلکہ	(وہ لوگ) جن

کَفَرُوۡا	فِیۡ عِزَّۃٍ ③	وَّ شِقَاقٍ ۝2	کَمۡ	اَھۡلَکۡنَا ④
سب نے کفر کیا	تکبر میں	اور مخالفت (میں)	کتنے	ہم نے ہلاک کر دیے

مِنۡ قَبۡلِھِمۡ	مِّنۡ قَرۡنٍ	فَنَادَوۡا	وَّلَاتَ ⑤	حِیۡنَ
ان سے پہلے	قوموں سے	تو انہوں نے پکارا	اور نہیں (تھا)	وہ وقت

مَنَاصٍ ۝3	وَ عَجِبُوۡۤا	اَنۡ جَآءَھُمۡ	مُّنۡذِرٌ ⑥	مِّنۡھُمۡ
بچ نکلنے کا	اور اُن سب نے تعجب کیا	کہ آیا انکے پاس	ایک ڈرانے والا	انہی میں سے

وَ قَالَ	الۡکٰفِرُوۡنَ	ھٰذَا سٰحِرٌ	کَذَّابٌ ⑦ ۝4	اَ	جَعَلَ
اور کہا	کافروں نے	یہ جادوگر ہے	انتہائی جھوٹا	کیا	اس نے بنا دیا

الۡاٰلِھَۃَ ⑧	اِلٰھًا وَّاحِدًا	اِنَّ ھٰذَا	لَشَیۡءٌ	عُجَابٌ ۝5
کئی معبودوں کو	ایک معبود	بے شک یہ	یقیناً چیز (ہے)	بڑی عجیب

ضروری وضاحت

① وَ کا ترجمہ عموماً اور ہے، کبھی حالانکہ، قسم یا جبکہ بھی ہوتا ہے۔ ② ذِیۡ اور ذُوۡ واحد مذکر کی علامتیں ہیں اور ترجمہ والا کیا جاتا ہے۔
③ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ نَا سے پہلے اگر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ⑤ لَاتَ اصل میں لَا ہے یہاں تَ کا اضافہ کیا گیا ہے۔ ⑥ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔
⑦ فَعَّالٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑧ یہاں ۃ واحد مؤنث نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔

وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ	اور چل کھڑے ہوئے ان کے سردار (یہ کہتے ہوئے)
اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓی اٰلِهَتِكُمْ ۚ	کہ تم چلو اور ڈٹے رہو اپنے معبودوں پر
اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ	بے شک یہ یقیناً (ایسی) چیز ہے
یُّرَادُ ۚ 6	(کہ جس میں کسی غرض کا) ارادہ کیا جاتا ہے۔ 6
مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِی الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ	ہم نے نہیں سنا اس (بات) کو پچھلے دین میں
اِنْ هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۚ 7	نہیں ہے یہ مگر گھڑی ہوئی بات۔ 7
ءَ اُنْزِلَ عَلَیْهِ الذِّكْرُ	کیا اسی پر نصیحت نازل کی گئی ہے
مِنْۢ بَیْنِنَا ؕ	ہمارے درمیان میں سے
بَلْ هُمْ فِیْ شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِیْ ۚ	بلکہ وہ (تو) میری نصیحت سے شک میں ہیں
بَلْ لَّمَّا یَذُوْقُوْا عَذَابِ ؕ 8	بلکہ انہوں نے ابھی تک نہیں چکھا (میرا) عذاب۔ 8
اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ	کیا اسکے پاس خزانے ہیں آپکے رب کی رحمت کے
الْعَزِیْزِ الْوَهَّابِ ۚ 9	(جو) نہایت غالب بہت عطا کرنے والا ہے۔ 9

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اصْبِرُوْا	: صبرِ جمیل، صبر و تحمل، صابر۔	الذِّكْرُ	: ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
یُّرَادُ	: ارادہ، مرید، مراد۔	بَیْنِنَا	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
سَمِعْنَا	: سمع و بصر، آلۂ سماعت، محفلِ سماع، سامع۔	شَكٍّ	: شک، بے شک، مشکوک، شک وشبہ۔
الْمِلَّةِ	: ملت ابراہیم، ملت اسلامیہ۔	یَذُوْقُوْا	: ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ، ذوق۔
الْاٰخِرَةِ	: اُخروی زندگی، اول و آخر، آخرت۔	عِنْدَهُمْ	: عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔
هٰذَآ	: لہٰذا، علٰی ہذا القیاس۔	خَزَآئِنُ	: خزانہ، خزانے، خزائن۔
اِلَّا	: اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا قلیل، اِلّا یہ کہ۔	رَحْمَةِ	: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔
اُنْزِلَ	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	الْوَهَّابِ	: ہبہ کرنا، کسبی اور وہبی۔

وَانۡطَلَقَ	الۡمَلَاُ	مِنۡهُمۡ	اَنِ ①	امۡشُوۡا ②	وَاصۡبِرُوۡا ②
اور چل کھڑے ہوئے	سردار	ان میں سے	کہ	تم سب چلو	اور تم سب ڈٹے رہو

عَلٰۤى اٰلِهَتِكُمۡ ۖۚ	اِنَّ	هٰذَا	لَشَیۡءٌ	یُّرَادُ ③ ۖۚ ﴿6﴾
اپنے معبودوں پر	بے شک	یہ	یقیناً (ایسی) چیز (ہے)	ارادہ کیا جاتا ہے

مَا سَمِعۡنَا	بِهٰذَا ④	فِی الۡمِلَّةِ الۡاٰخِرَةِ ۖۚ	اِنۡ ⑤	هٰذَاۤ
نہیں ہم نے سنا	اس (بات) کو	پچھلے دین میں	نہیں ہے	یہ

اِلَّا اخۡتِلَاقٌ ۖۚ ﴿7﴾	ءَ	اُنۡزِلَ ⑥	عَلَیۡهِ	الذِّكۡرُ	مِنۡۢ بَیۡنِنَا ؕ
مگر گھڑی ہوئی بات	کیا	نازل کی گئی ہے	اسی پر	نصیحت	ہمارے درمیان میں سے

بَلۡ	هُمۡ	فِیۡ شَكٍّ	مِّنۡ ذِكۡرِیۡ ۚ	بَلۡ
بلکہ	وہ	(تو) شک میں (ہیں)	میری نصیحت سے	بلکہ

لَّمَّا ⑦	یَذُوۡقُوۡا	عَذَابِ ؕ ﴿8﴾	اَمۡ	عِنۡدَهُمۡ
ابھی تک نہیں	اُن سب نے چکھا	میرا عذاب	کیا	اس کے پاس

خَزَآئِنُ	رَحۡمَةِ رَبِّكَ	الۡعَزِیۡزِ	الۡوَهَّابِ ۚ ﴿9﴾
خزانے ہیں	آپ کے رب کی رحمت کے	(جو) نہایت غالب	بہت عطا کرنے والا ہے

ضروری وضاحت

①یہ دراصل اَنۡ تھا اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔②فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔③یہاں یُ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔
⑤اِنۡ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اِنۡ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑥فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ لَمَّا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی ابھی تک نہیں کیا جاتا ہے اسکے بعد علامت یہ کا ترجمہ اس یا ان کیا جاتا ہے۔

اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	یا انہی کے لیے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی
وَمَا بَيْنَهُمَا قف	اور (اسکی) جو ان دونوں کے درمیان ہے
فَلْيَرْتَقُوْا فِى الْاَسْبَابِ ﴿10﴾	تو چاہیے کہ وہ اُوپر چڑھ جائیں سیڑھیوں میں ﴿10﴾
جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ	(وہ) ایک حقیر سا لشکر ہے (جو) اس جگہ
مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ ﴿11﴾	شکست کھایا ہوا ہے لشکروں میں سے۔ ﴿11﴾
كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ	ان سے پہلے قوم نوح اور عاد نے جھٹلایا
وَّفِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ﴿12﴾ لا	اور میخوں والے فرعون نے۔ ﴿12﴾
وَثَمُوْدُ وَقَوْمُ لُوْطٍ	اور ثمود اور قوم لوط
وَّاَصْحٰبُ لْئَيْكَةِ ط	اور اَیکہ (جنگل) والوں نے (بھی جھٹلایا)
اُولٰٓئِكَ الْاَحْزَابُ ﴿13﴾ اِنْ	یہی لوگ (بڑے) گروہ (لشکر) ہیں۔ ﴿13﴾ نہیں ہے (ان میں سے)
كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ	کوئی مگر اس نے جھٹلایا رسولوں کو
فَحَقَّ عِقَابِ ﴿14﴾ ع	تو واقع ہو گیا (ان پر میرا) عذاب۔ ﴿14﴾

ع 1 14 10

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مُّلْكُ	: مالک الملک، مُلک وملت، ملوکیت۔	قَوْمُ	: قوم، اقوام، قومیت۔
السَّمٰوٰتِ	: کتب سماویہ، ارض وسماء۔	ذُو	: ذوالجلال، ذومعنی، ذومال، ذوالحجہ۔
الْاَرْضِ	: ارض وسماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔	اَصْحٰبُ	: اصحابِ صفہ، اصحاب بدر، اصحاب کہف۔
فَلْيَرْتَقُوْا	: ارتقا، ارتقائی عمل۔	كُلٌّ	: کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
مِّنَ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اِلَّا	: اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا قلیل، اِلّا یہ کہ۔
الْاَحْزَابِ	: حزب اللہ، حزب الشیطان، حزب اختلاف۔	الرُّسُلَ	: رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
كَذَّبَتْ	: کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	فَحَقَّ	: حق وباطل، حقیقت، حق گوئی۔
قَبْلَهُمْ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	عِقَابِ	: عالم عقبیٰ، عاقبت نااندیش۔

اَمْ ①	لَهُمْ ②	مُّلْكُ	السَّمٰوٰتِ ③	وَ	الْاَرْضِ	وَمَا ④
یا	انہی کے لیے (ہے)	بادشاہی	آسمانوں	اور	زمین (کی)	اور جو

بَيْنَهُمَا قف	فَلْيَرْتَقُوْا ⑤	فِي الْاَسْبَابِ ⑩
ان دونوں کے درمیان (ہے)	تو چاہیے کہ وہ سب اُوپر چڑھ جائیں	سیڑھیوں میں

جُنْدٌ مَّا ⑥⑦	هُنَالِكَ	مَهْزُوْمٌ	مِّنَ الْاَحْزَابِ ⑪
(وہ) ایک لشکر ہے حقیر سا	اس جگہ	شکست دیا ہوا	لشکروں میں سے

كَذَّبَتْ ③	قَبْلَهُمْ	قَوْمُ نُوْحٍ	وَّ	عَادٌ	وَّ
جھٹلایا	ان سے پہلے	قوم نوح	اور	عاد (نے)	اور

فِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ⑫ لا	وَ	ثَمُوْدُ	وَ	قَوْمُ لُوْطٍ	وَّ
میخوں والے فرعون نے	اور	ثمود	اور	قوم لوط	اور

اَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ ط ③⑧	اُولٰٓئِكَ	الْاَحْزَابُ ⑬	اِنْ ⑨
اَیکہ (جنگل) والوں نے	یہی لوگ	(بڑے) گروہ (لشکر ہیں)	نہیں ہے (ان میں سے)

ع 1 14 10

كُلٌّ	اِلَّا	كَذَّبَ	الرُّسُلَ	فَحَقَّ	عِقَابِ ع ⑭
کوئی بھی	مگر	اس نے جھٹلایا	رسولوں (کو)	تو واقع ہو گیا (ان پر)	(میرا) عذاب

ضروری وضاحت

①اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔②لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔③ات، تْ اور ۃ اسم کیساتھ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔⑤فَ کے بعد لْ کا ترجمہ چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔⑥ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦یہاں مَا زائد ہے تحقیر کے لیے استعمال ہوا ہے۔⑧اصحاب الایکہ سے مراد سیدنا شعیب علیہ السلام کی قوم ہے۔⑨اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

وَمَا يَنْظُرُ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً	اور نہیں انتظار کر رہے یہ لوگ مگر ایک سخت چیخ کا
مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ﴿15﴾	نہیں ہوگا اس کے لیے (درمیان میں) کوئی وقفہ۔ ﴿15﴾
وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا	اور انہوں نے کہا اے ہمارے رب تو جلدی دے ہمیں
قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ﴿16﴾	ہمارا حصہ یومِ حساب سے پہلے۔ ﴿16﴾
اِصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ	آپ صبر کریں اس پر جو وہ کہتے ہیں
وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَيْدِ ۚ	اور یاد کیجیے ہمارے بندے صاحب قوت داؤد کو
اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿17﴾	بے شک وہ بہت رجوع کرنے والا (تھا)۔ ﴿17﴾
اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ	بیشک ہم نے تابع کر دیا پہاڑوں کو اس کے ساتھ
يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ۙ﴿18﴾	وہ تسبیح کرتے تھے شام اور صبح۔ ﴿18﴾
وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً ۭ	اور پرندوں کو (بھی تابع کر دیا) جبکہ وہ اکٹھے کیے ہوئے تھے
كُلٌّ لَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿19﴾	سب اسی کے لیے رجوع کرنے والے تھے۔ ﴿19﴾
وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ	اور ہم نے مضبوط کر دی اس کی بادشاہی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَنْظُرُ	انتظار، منتظر، انتظار گاہ۔	مَعَهٗ	مع اہل وعیال، معیت، مع دوست واحباب۔
قَالُوْا	قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	يُسَبِّحْنَ	تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔
عَجِّلْ	عجلت، مہرِ معجّل۔	بِالْعَشِيِّ	نماز عشاء، عشائیہ۔
اذْكُرْ	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	الْاِشْرَاقِ	اشراق، نماز اشراق، وقت اشراق۔
ذَا	ذوالجلال، ذومعنی، ذومال ذی شان۔	الطَّيْرَ	طائر، طیور، طیارہ، اے طائر لاہوتی۔
الْاَيْدِ	ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔	مَحْشُوْرَةً	حشر، روزِ محشر، حشر ونشر۔
سَخَّرْنَا	مسخر، تسخیر۔	شَدَدْنَا	شدید، شدت، مشدد، تشدد۔
الْجِبَالَ	جبلِ اُحد، جبلِ رحمت، جبالِ ہمالیہ۔	مُلْكَهٗ	مالک الملک، مُلک وملت، ملوکیت۔

وَ	مَا	يَنْظُرُ	هٰٓؤُلَآءِ	اِلَّا	صَيْحَةً وَّاحِدَةً	مَّا
اور	نہیں	وہ انتظار کررہے	یہ لوگ	مگر	ایک سخت چیخ کا	نہیں

لَهَا	مِنْ فَوَاقٍ ① (15)	وَقَالُوْا	رَبَّنَا ②	عَجِّلْ
اسکے لیے (درمیان میں)	کوئی وقفہ	اور انہوں نے کہا	(اے) ہمارے رب	تو جلدی دے

لَّنَا	قِطَّنَا	قَبْلَ	يَوْمِ الْحِسَابِ (16)	اِصْبِرْ ③	عَلٰى مَا
ہم کو	ہمارا حصہ	پہلے	یومِ حساب سے	آپ صبر کریں	(اس) پر جو

يَقُوْلُوْنَ	وَاذْكُرْ	عَبْدَنَا	دَاوٗدَ	ذَا الْاَيْدِ ④ ج
وہ سب کہتے ہیں	اور آپ یاد کیجیے	ہمارے بندے	داود	صاحب قوت (کو)

اِنَّهٗٓ	اَوَّابٌ ⑤ (17)	اِنَّا ⑥	سَخَّرْنَا ⑦	الْجِبَالَ	مَعَهٗ
بیشک وہ	بہت رجوع کرنیوالا (تھا)	بیشک ہم نے	ہم نے تابع کر دیا	پہاڑوں کو	اسکے ساتھ

يُسَبِّحْنَ ⑧	بِالْعَشِيِّ	وَالْاِشْرَاقِ (18) لا	وَالطَّيْرَ	مَحْشُوْرَةً ط
وہ (پہاڑ) تسبیح کرتے تھے	شام کو	اور صبح کو	اور پرندوں (کو)	وہ اکٹھے کیے ہوئے (تھے)

كُلٌّ	لَّهٗٓ	اَوَّابٌ ⑤ (19)	وَشَدَدْنَا ⑦	مُلْكَهٗ
سب	اسی کے لیے	رجوع کرنے والے (تھے)	اور ہم نے مضبوط کردی	اسکی بادشاہی

ضروری وضاحت

① ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔② رَبَّنَا دراصل یَا رَبَّنَا تھا، شروع سے یَا تخفیف کے لیے گرا ہوا ہے۔③ فعل کے شروع میں اِ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔④ یہ یَدٌ (ہاتھ) کی جمع نہیں اَلْاَيْدِ سے مراد دینی قوت ہے۔⑤ فَعَّالٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔⑦ نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔⑧ ـْنَ فعل کے آخر میں جمع مؤنث کی علامت ہے۔

وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ	اور ہم نے دی اسے حکمت
وَفَصْلَ الْخِطَابِ ﴿20﴾	اور فیصلہ کن گفتگو (کی صلاحیت)۔
وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ	اور کیا آئی آپکے پاس جھگڑا کرنے والوں کی خبر
اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ﴿21﴾ لا	جب وہ دیوار پھاند کر عبادت خانہ میں آگئے۔ ﴿21﴾
اِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ	جب وہ داخل ہوئے داؤد پر
فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۚ	تو وہ گھبرا گئے اُن سے، انہوں نے کہا آپ نہ ڈریں
خَصْمٰنِ بَغٰى	(ہم) دو جھگڑنے والے ہیں زیادتی کی ہے
بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ	ہمارے بعض نے بعض پر (یعنی ایک نے دوسرے پر)
فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ	تو آپ فیصلہ فرمائیں ہمارے درمیان حق کیساتھ
وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ	اور بے انصافی نہ کیجیے اور ہدایت دے ہمیں
اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿22﴾	سیدھے راستے کی طرف۔ ﴿22﴾
اِنَّ هٰذَآ اَخِيْ ۗ قف	بے شک یہ میرا بھائی ہے

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْحِكْمَةَ	: حکیم، حکمت، حکماء، حکیم الامت۔	تَخَفْ	: خوف، خائف، خوف وہراس۔
فَصْلَ	: فیصلہ، فیصل۔	بَغٰى	: باغی، بغاوت، باغیانہ رویہ۔
الْخِطَابِ	: خطاب، خطبہ، خطیب، مخاطب۔	فَاحْكُمْ	: حکم، احکام، حاکم، محکوم، حکومت۔
نَبَؤُا	: نبی، نبوت، انبیاء۔	اهْدِنَآ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
الْخَصْمِ	: مخاصمت۔	سَوَآءِ	: مساوی، مساوات، خط استواء۔
الْمِحْرَابَ	: منبر و محراب، محرابِ مسجد۔	الصِّرَاطِ	: صراط مستقیم، پل صراط۔
دَخَلُوْا	: دخل، داخل، دخول، مداخلت۔	هٰذَآ	: لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس۔
قَالُوْا	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	اَخِيْ	: اخوت، مؤاخات، اخوان۔

وقف لازم

وَ	اٰتَیْنٰهُ ①②	الْحِكْمَةَ ③	وَ	فَصْلَ الْخِطَابِ ﴿20﴾
اور	ہم نے دی اسے	حکمت	اور	فیصلہ کن گفتگو

وَ	هَلْ	اَتٰىكَ	نَبَؤُا	الْخَصْمِ	اِذْ
اور	کیا	آئی آپکے پاس	خبر	جھگڑا کرنے والوں کی	جب

تَسَوَّرُوا ④	الْمِحْرَابَ ⑤ ﴿21﴾ لا	اِذْ	دَخَلُوْا	عَلٰى دَاوٗدَ
وہ دیوار پھاند کر آگئے	عبادت خانہ (میں)	جب	وہ سب داخل ہوئے	داؤد پر

فَفَزِعَ	مِنْهُمْ	قَالُوْا	لَا تَخَفْ ⑥ ج	خَصْمٰنِ ⑦
تو وہ گھبرا گیا	ان سے	انہوں نے کہا	آپ نہ ڈریں	دو جھگڑنے والے ہیں

بَغٰى	بَعْضُنَا	عَلٰى بَعْضٍ	فَاحْكُمْ	بَیْنَنَا
زیادتی کی ہے	ہمارے بعض نے	بعض پر	تو آپ فیصلہ فرمائیں	ہمارے درمیان

بِالْحَقِّ ⑧	وَ	لَا تُشْطِطْ ⑥	وَ	اهْدِنَا
حق کیساتھ	اور	آپ بے انصافی نہ کیجیے	اور	ہدایت دے ہمیں

اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿22﴾	اِنَّ	هٰذَآ	اَخِیْ قف
سیدھے راستے کی طرف	بے شک	یہ	میرا بھائی

ضروری وضاحت

① نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔② ہٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا اور فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔
③ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ فعل کے بعد
ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسکا مفعول ہوتا ہے۔⑥ لَا کے بعد فعل کے آخر میں جزم ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑦ علامت
اِنِ تعداد میں دو ہونے کو ظاہر کرتی ہے۔⑧ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔

لَهٗ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً	اس کے پاس ننانوے دنبیاں ہیں
وَّلِيَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ قف	اور میرے پاس ایک ہی دنبی ہے
فَقَالَ اَكْفِلْنِيْهَا	تو یہ کہتا ہے اسے (بھی) میرے سپرد کر دے
وَعَزَّنِيْ فِي الْخِطَابِ ﴿23﴾	اور یہ غالب آگیا ہے مجھ پر گفتگو میں۔ ﴿23﴾
قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ	آپ نے فرمایا بلاشبہ یقیناً اس نے ظلم کیا تجھ پر
بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ ط	تیری دنبی کو اپنی دنبیوں کیساتھ ملانے کا مطالبہ کر کے
وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْخُلَطَآءِ لَيَبْغِيْ	اور بیشک بہت سے شرکاء واقعی زیادتی کرتا ہے
بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ	ان کا بعض بعض پر (یعنی ایک دوسرے پر)
اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	سوائے (ان لوگوں کے) جو ایمان لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	اور انہوں نے نیک اعمال کیے
وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ ط وَظَنَّ دَاوٗدُ	اور بہت کم ہیں وہ (لوگ) اور داؤد سمجھ گئے
اَنَّمَا فَتَنّٰهُ	کہ بے شک ہم نے آزمایا ہے اسے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَّ	عفو و درگزر، شان و شوکت۔	لَيَبْغِيْ	بغاوت، باغی۔
وَّاحِدَةٌ	واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔	اِلَّا	اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
فَقَالَ	قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	اٰمَنُوْا	ایمان، مومن، امن۔
اَكْفِلْنِيْهَا	کفیل، کفالت۔	عَمِلُوْا	عمل، اعمال، اعمال صالحہ۔
فِيْ	فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔	الصّٰلِحٰتِ	اصلاح، اعمال صالحہ، صلح۔
الْخِطَابِ	خطبہ، خطیب، مخاطب، طرزِ تخاطب۔	قَلِيْلٌ	قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔
ظَلَمَكَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	ظَنَّ	سوءظن، بدظن، ظن غالب، حسنِ ظن۔
بِسُؤَالِ	سوال، سائل، مسئول۔	فَتَنّٰهُ	فتنہ و فساد، فتنہ پرور، فتنہ برپا ہونا۔

لَهٗ ①	تِسۡعٌ وَّتِسۡعُوۡنَ	نَعۡجَةً ②	وَّلِيَ ③	نَعۡجَةٌ وَّاحِدَةٌ ② قف
اس کے پاس	ننانوے	دنبی	اور میرے پاس	ایک دنبی

فَقَالَ	اَكۡفِلۡنِيۡهَا ④	وَ	عَزَّنِيۡ	فِي الۡخِطَابِ ﴿23﴾
تو یہ کہتا ہے	میرے سپرد کردے اسے	اور	وہ غالب آگیا ہے مجھ پر	گفتگو میں

قَالَ	لَقَدۡ ⑤	ظَلَمَكَ	بِسُؤَالِ نَعۡجَتِكَ
آپ نے فرمایا	بلاشبہ یقیناً	اس نے ظلم کیا تجھ پر	تیری دنبی کا مطالبہ کرکے

اِلٰى نِعَاجِهٖ ؕ	وَ	اِنَّ ⑥	كَثِيۡرًا	مِّنَ الۡخُلَطَآءِ
اپنی دنبیوں کیساتھ	اور	بیشک	بہت (سے)	شرکاء میں سے

لَيَبۡغِيۡ	بَعۡضُهُمۡ	عَلٰى بَعۡضٍ	اِلَّا	الَّذِيۡنَ
واقعی وہ زیادتی کرتا ہے	ان کا بعض	بعض پر	سوائے	(ان لوگوں کے) جو

اٰمَنُوۡا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	وَ	قَلِيۡلٌ مَّا ⑦
سب ایمان لائے	اور انہوں نے اعمال کیے	نیک	اور	بہت کم

هُمۡ ؕ	وَظَنَّ	دَاوٗدُ	اَنَّمَا	فَتَنّٰهُ
وہ	اور سمجھ گئے	داؤد	کہ بیشک صرف	ہم نے آزمایا ہے اسے

ضروری وضاحت

① یہاں لَہٗ دراصل لِہٖ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَہٗ کیا گیا ہے۔② ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
③ لِیَ کا اصل ترجمہ میرے لیے ہے بات کو واضح کرنے کے لیے ترجمہ میرے پاس کیا گیا ہے۔④ یہ دراصل اَکۡفِلۡنِیۡ + مَا
ہے فعل کے ساتھ یْ آئے تو درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔⑤ علامت لَ اور قَدۡ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔⑥ اِنَّ اسم
کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔⑦ یہاں مَا زائد ہے جس کا مقصد قلیل ہونے میں تاکید کا مفہوم شامل کرنا ہے۔

فَاسۡتَغۡفَرَ رَبَّهٗ	تو اس نے بخشش مانگی اپنے رب سے
وَخَرَّ رَاكِعًا	اور رکوع میں گر پڑے
وَّاَنَابَ ۩ ﴿24﴾	اور (اللہ کی طرف) رجوع کیا۔ ﴿24﴾
فَغَفَرۡنَا لَهٗ ذٰلِكَ ؕ	تو ہم نے بخش دی اس کو یہ (غلطی)
وَاِنَّ لَهٗ عِنۡدَنَا	اور بے شک اس کے لیے ہمارے پاس
لَزُلۡفٰى وَحُسۡنَ مَاٰبٍ ﴿25﴾	یقیناً بڑا قرب اور اچھا ٹھکانا ہے۔ ﴿25﴾
يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلۡنٰكَ	اے داؤد بے شک ہم نے بنایا ہے تجھے
خَلِيۡفَةً فِى الۡاَرۡضِ فَاحۡكُمۡ	زمین میں خلیفہ تو تو فیصلہ کر
بَيۡنَ النَّاسِ بِالۡحَقِّ	لوگوں کے درمیان حق کے ساتھ
وَلَا تَتَّبِعِ الۡهَوٰى	اور نہ پیروی کر خواہشِ (نفس) کی
فَيُضِلَّكَ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ؕ	ورنہ وہ گمراہ کردے گا تجھے اللہ کی راہ سے
اِنَّ الَّذِيۡنَ يَضِلُّوۡنَ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ	بیشک (وہ لوگ) جو گمراہ ہوتے ہیں اللہ کی راہ سے

السجدة 10

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَاسۡتَغۡفَرَ	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	فَاحۡكُمۡ	حکم، احکام، حاکم، محکوم، حکومت۔
رَاكِعًا	رکوع، رکوع وسجود۔	بَيۡنَ	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
اَنَابَ	انابت الی اللہ۔	النَّاسِ	عوام الناس، بعض الناس۔
عِنۡدَنَا	عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں۔	لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
حُسۡنَ	احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔	تَتَّبِعِ	اتباع، تابع، متبع سنت۔
خَلِيۡفَةً	خلیفہ، خلافت، خلف۔	الۡهَوٰى	ہوائے نفس۔
فِى	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	فَيُضِلَّكَ	ضلالت وگمراہی۔
الۡاَرۡضِ	ارض وسماء، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔	سَبِيۡلِ	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔

السجدة 10

فَاسْتَغْفَرَ ①②	رَبَّهٗ	وَ	خَرَّ	رَاكِعًا
تو اس نے بخشش مانگی	اپنے رب (سے)	اور	گر پڑے	رکوع (میں)

وَ	اَنَابَ ﴿24﴾ السجدة	فَغَفَرْنَا ③	لَهٗ	ذٰلِكَ ④ ط
اور	اس نے رجوع کیا	تو ہم نے بخش دی	اس کو	یہ (غلطی)

وَ	اِنَّ	لَهٗ	عِنْدَنَا	لَزُلْفٰى
اور	بیشک	اس کے لیے	ہمارے پاس	یقیناً بڑا اقرب

وَحُسْنَ	مَاٰبٍ ﴿25﴾	يٰدَاوٗدُ	اِنَّا ⑤	جَعَلْنٰكَ ③	خَلِيْفَةً ⑥
اور اچھا	ٹھکانا (ہے)	اے داؤد	بیشک ہم	ہم نے بنایا ہے تجھے	خلیفہ

فِي الْاَرْضِ	فَاحْكُمْ ①	بَيْنَ النَّاسِ	بِالْحَقِّ ⑦
زمین میں	تو تو فیصلہ کر	لوگوں کے درمیان	حق کے ساتھ

وَ	لَا تَتَّبِعِ	الْهَوٰى	فَيُضِلَّكَ ①	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ط
اور	نہ تو پیروی کر	خواہشِ (نفس کی)	ورنہ وہ گمراہ کردے گا تجھے	اللہ کی راہ سے

اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَضِلُّوْنَ	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
بیشک	(وہ لوگ) جو	وہ سب گمراہ ہوتے ہیں	اللہ کی راہ سے

ضروری وضاحت

① فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو کبھی پھر اور کبھی ورنہ کیا جاتا ہے۔② فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔
③ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔④ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً
ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔⑤ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔⑥ خَلِيْفَةً کے آخر میں ۃ واحد مؤنث کی علامت کے طور پر
نہیں ہے۔⑦ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔

لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ	ان کے لیے سخت عذاب ہے
بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ﴿26﴾	اس وجہ سے جوانھوں نے بھلا دیا یوم حساب کو۔﴿26﴾
وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ	اور نہیں ہم نے پیدا کیا آسمان اور زمین کو
وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ؕ	اور جو کچھ ان کے درمیان ہے بے کار
ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ	یہ گمان ہے (ان لوگوں کا) جنھوں نے کفر کیا
فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ	سو ہلاکت ہے ان (لوگوں) کے لیے جنھوں نے
كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ﴿27﴾ اَمْ نَجْعَلُ	کفر کیا آگ سے۔﴿27﴾ کیا ہم کردیں گے
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	(انکو) جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک اعمال کیے
كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۫	زمین میں فساد کرنے والوں کی طرح
اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ كَالْفُجَّارِ ﴿28﴾	یا ہم کردیں گے پرہیزگاروں کو بدکاروں کی طرح ﴿28﴾
كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ	(یہ) ایک کتاب ہے ہم نے نازل کیا ہے اسے
اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ	آپ کی طرف بابرکت ہے

ع 2/12 11

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَضِلُّوْنَ : ضلالت وگمراہی۔	ظَنُّ : سوءظن، بدظن، ظن غالب، حسنِ ظن۔
شَدِيْدٌ : شدید، شدت، مشدد، تشدد۔	النَّارِ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
بِمَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	الصّٰلِحٰتِ : اصلاح، اعمال صالحہ، صلح۔
نَسُوْا : نسیان، نسیاً منسیاً۔	كَالْمُفْسِدِيْنَ : فساد، فسادی، مفسد، فاسد مادہ۔
خَلَقْنَا : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	الْمُتَّقِيْنَ : تقویٰ، متقی۔
السَّمَآءَ : کتب سماویہ، ارض وسماء۔	كَالْفُجَّارِ : کالعدم، کماحقہ/فاجر، فاسق وفاجر۔
بَيْنَهُمَا : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	اَنْزَلْنٰهُ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
بَاطِلًا : حق وباطل، ادیان باطلہ، زعم باطل۔	مُبٰرَكٌ : برکت، برکات، مبارک، تبرک۔

ع 2 12 11

لَهُمْ ①	شَدِيْدٌۢ	بِمَا ②③	نَسُوْا	يَوْمَ الْحِسَابِ ﴿26﴾ ع
ان کے لیے	سخت عذاب	اس وجہ سے جو	انہوں نے بھلادیا	یوم حساب کو

وَمَا	خَلَقْنَا	السَّمَآءَ ④	وَالْاَرْضَ	وَمَا ③	بَيْنَهُمَا
اور نہیں	ہم نے پیدا کیا	آسمان	اور زمین (کو)	اور جو (کچھ)	ان دونوں کے درمیان

بَاطِلًا ط	ذٰلِكَ ⑤	ظَنُّ	الَّذِيْنَ ⑥	كَفَرُوْا ج
بے کار	یہ	گمان (ہے)	(ان لوگوں کا) جن	سب نے کفر کیا

فَوَيْلٌ	لِّلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنَ النَّارِ ﴿27﴾ ط	اَمْ نَجْعَلُ ⑦
سو ہلاکت	(ان لوگوں) کے لیے جن	سب نے کفر کیا	آگ سے	کیا ہم کر دیں گے

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	كَالْمُفْسِدِيْنَ ⑧
(اُنکو) جو	سب ایمان لائے	اور انہوں نے اعمال کیے	نیک	فساد کرنے والوں کی طرح

فِي الْاَرْضِ ز	اَمْ ⑦	نَجْعَلُ	الْمُتَّقِيْنَ	كَالْفُجَّارِ ﴿28﴾
زمین میں	یا	ہم کر دیں گے	پرہیز گاروں کو	بدکاروں کی طرح

كِتٰبٌ	اَنْزَلْنٰهُ	اِلَيْكَ	مُبٰرَكٌ
ایک کتاب	ہم نے نازل کیا ہے اسے	آپ کی طرف	با برکت

ضروری وضاحت

① لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہوجاتا ہے۔② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر، بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔③ مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسکا مفعول ہوتا ہے۔⑤ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، ضرورتاً یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔⑥ الَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔⑦ اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔⑧ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ	تاکہ وہ غوروفکر کریں اس کی آیات میں
وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿29﴾	اور تاکہ نصیحت پکڑیں عقل والے۔ ﴿29﴾
وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ۭ نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ	اور ہم نے عطا کیا داؤد کو سلیمان (جو) اچھا بندہ تھا
اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿30﴾ ۭ	بیشک وہ (اللہ کی طرف) بہت رجوع کرنے والا تھا۔ ﴿30﴾
اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ	جب پیش کیے گئے اس پر شام کو
الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ﴿31﴾ ۙ	اصیل تیز رفتار عمدہ (گھوڑے)۔ ﴿31﴾
فَقَالَ اِنِّيْٓ اَحْبَبْتُ	تو اس نے کہا بے شک میں نے محبوب رکھا ہے
حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ	مال (گھوڑوں) کی محبت کو اپنے رب کی یاد کی وجہ سے
حَتّٰى تَوَارَتْ	(پھر انہیں دوڑایا) یہاں تک کہ وہ (گھوڑے) چھپ گئے
بِالْحِجَابِ ﴿32﴾ وقفة رُدُّوْهَا	اوٹ میں۔ ﴿32﴾ (اس نے کہا) اُن کو واپس لاؤ
عَلَيَّ ۭ فَطَفِقَ مَسْحًۢا	میرے پاس پھر وہ ہاتھ پھیرنے لگے
بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ﴿33﴾	(انکی) پنڈلیوں اور گردنوں پر۔ ﴿33﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِّيَدَّبَّرُوْٓا : مدبر، تدبر، مدبر کائنات۔	بِالْعَشِيِّ : نمازِ عشاء، عشائیہ۔
لِيَتَذَكَّرَ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	فَقَالَ : قول، قائل، مقولہ، اقوالِ زرّیں۔
اُولُوا : اولوا العزم، اولوا العلم۔	اَحْبَبْتُ : حب، حبیب، محب، محبت۔
وَهَبْنَا : ہبہ کرنا، کسبی اور وہبی۔	حَتّٰى : حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔
نِعْمَ : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔	بِالْحِجَابِ : حجاب، بے حجابی۔
الْعَبْدُ : عبد، عابد، عباد الرحمن۔	رُدُّوْهَا : رد، مردود، تردید، مرتد۔
عُرِضَ : عرض، معروضات، عرضی نویس۔	مَسْحًا : مسح کرنا۔
عَلَيْهِ، عَلَيَّ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	

لِّيَدَّبَّرُوْٓا ①	اٰيٰتِهٖ	وَلِيَتَذَكَّرَ ①	اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿29﴾
تاکہ وہ سب غور وفکر کریں	اسکی آیات (میں)	اور تاکہ وہ نصیحت پکڑیں	عقل والے

وَ	وَهَبْنَا	لِدَاوٗدَ ②	سُلَيْمٰنَ ؕ	نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ
اور	ہم نے عطا کیا	داؤد کو	سلیمان	اچھا بندہ (تھا)

اِنَّهٗٓ	اَوَّابٌ ③ ﴿30﴾ ؕ	اِذْ	عُرِضَ ④	عَلَيْهِ
بیشک وہ (اللہ کی طرف)	بہت رجوع کرنے والا (تھا)	جب	پیش کیے گئے	اس پر

بِالْعَشِيِّ ⑤	الصّٰفِنٰتُ ⑥	الْجِيَادُ ﴿31﴾ لا	فَقَالَ
شام کو	اصیل تیز رفتار	عمدہ (گھوڑے)	تو اس نے کہا

اِنِّيْٓ اَحْبَبْتُ ⑦	حُبَّ الْخَيْرِ	عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ج	حَتّٰى
بیشک میں نے محبوب رکھا ہے	مال کی محبت (کو)	اپنے رب کی یاد (کی وجہ) سے	یہاں تک کہ

تَوَارَتْ ⑥	بِالْحِجَابِ ⑧ ﴿32﴾ وقفة	رُدُّوْهَا	عَلَيَّ ؕ
وہ (گھوڑے) چھپ گئے	اوٹ میں	(اس نے کہا) تم سب واپس لاؤ ان کو	مجھ پر

فَطَفِقَ	مَسْحًۢا	بِالسُّوْقِ ⑤	وَالْاَعْنَاقِ ﴿33﴾
پھر وہ لگے	ہاتھ پھیرنے	(انکی) پنڈلیوں پر	اور گردنوں (پر)

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ② لِ کا ترجمہ کبھی لیے اور کبھی کو بھی کیا جاتا ہے۔ ③ فَعَّالٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہے۔ ⑤ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر، بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ⑥ ات اور تُ مونث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑦ یْ اور تُ دونوں کا ملا کر ترجمہ میں کیا گیا ہے۔ ⑧ یہاں بِ کا ترجمہ میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے آزمایا سلیمان کو
وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا	اور ہم نے ڈالا اس کی کرسی (تخت) پر ایک دھڑ
ثُمَّ اَنَابَ ﴿34﴾	پھر اس نے (اللہ کی طرف) رجوع کیا۔ ﴿34﴾
قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ	کہا اے میرے رب تو بخش دے مجھے
وَهَبْ لِيْ مُلْكًا	اور تو عطا کر مجھے (ایسی) بادشاہی
لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ ۚ	(کہ) نہ لائق ہو کسی ایک کے لیے میرے بعد
اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿35﴾	بے شک تو ہی بہت عطا کرنے والا ہے۔ ﴿35﴾
فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيْحَ	پس ہم نے تابع کر دیا اس کے لیے ہوا کو
تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ	وہ چلتی تھی اس کے حکم سے
رُخَآءً حَيْثُ اَصَابَ ﴿36﴾ لا	نرمی سے جہاں وہ پہنچانا چاہتا۔ ﴿36﴾
وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ	اور شیطانوں (جنات) کو (جو) ہر طرح کے عمارت بنانے والے
وَّغَوَّاصٍ ﴿37﴾ لا وَّاٰخَرِيْنَ	اور غوطہ لگانے والے (تھے)۔ ﴿37﴾ اور کچھ دوسروں کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَتَنَّا	: فتنہ وفساد، فتنہ پرور، فتنہ برپا ہونا۔	لِاَحَدٍ	: لہٰذا، الحمدللہ/ واحد، احد، توحید۔
اَلْقَيْنَا	: القاء کرنا۔	فَسَخَّرْنَا	: مسخر، تسخیر۔
جَسَدًا	: جسد، اجساد، جسد خاکی۔	الرِّيْحَ	: ریح، ریح المسک، ریح بادی۔
اَنَابَ	: انابت الی اللہ۔	تَجْرِيْ	: جاری، اجرا۔
قَالَ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	بِاَمْرِهٖ	: امر، آمر، مامور، امور۔
اغْفِرْ	: مغفرت، استغفار، استغفراللہ۔	حَيْثُ	: حیثیت، من حیث القوم۔
هَبْ	: ہبہ کرنا، کسبی اور وہبی۔	كُلَّ	: کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
مُلْكًا	: مالک الملک، مُلک وملت، ملوکیت۔	اٰخَرِيْنَ	: آخرت، یوم آخرت، آخری۔

وَ	لَقَدْ	فَتَنَّا	سُلَيْمٰنَ	وَ اَلْقَيْنَا	عَلٰى كُرْسِيِّهٖ
اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے آزمایا	سلیمان (کو)	اور ہم نے ڈالا	اس کی کرسی (تخت) پر

جَسَدًا ①	ثُمَّ اَنَابَ ﴿34﴾	قَالَ	رَبِّ ②	اغْفِرْ ③	لِيْ
ایک دھڑ	پھر اس نے رجوع کیا	کہا	(اے میرے) رب	تو بخش دے	مجھ کو

وَ	هَبْ	لِيْ	مُلْكًا ①	لَّا يَنْۢبَغِيْ
اور	تو عطا کر	مجھ کو	ایک (ایسی) بادشاہی	نہ وہ لائق ہو

لِاَحَدٍ ①	مِّنْۢ بَعْدِيْ ④ ج	اِنَّكَ	اَنْتَ الْوَهَّابُ ⑤ ﴿35﴾
کسی ایک کے لیے	میرے بعد	بے شک تو	تو ہی بہت عطا کرنے والا (ہے)

فَسَخَّرْنَا	لَهُ	الرِّيْحَ	تَجْرِيْ ⑥	بِاَمْرِهٖ
پس ہم نے تابع کر دیا	اس کے لیے	ہوا (کو)	وہ چلتی تھی	اس کے حکم سے

رُخَآءً	حَيْثُ	اَصَابَ ﴿36﴾ لا	وَ	الشَّيٰطِيْنَ
نرمی (سے)	جہاں	وہ پہنچانا چاہتا	اور	شیطانوں (کو)

كُلَّ	بَنَّآءٍ ⑦	وَّ غَوَّاصٍ ⑦ ﴿37﴾ لا	وَّ اٰخَرِيْنَ
ہر (طرح کے)	عمارت بنانے والے	اور غوطہ لگانے والے	اور (کچھ) دوسروں (کو)

ضروری وضاحت

① ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک یا کسی گیا ہے۔ ② یہ دراصل یَارَبِّیْ تھا، شروع سے یا اور آخر سے یٖ تخفیف کے لیے گرے ہوئے ہیں۔ ③ فعل کے شروع میں اْ اور آخر میں سکون ہو تو اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ④ لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ⑤ اَنْتَ کے بعد اَلْ والا اسم ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ تـ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑦ فَعَّالٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿38﴾	(جو) جکڑے ہوئے تھے زنجیروں میں۔ ﴿38﴾
هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ	(ہم نے کہا) یہ ہماری عطا ہے پس (چاہو تو) احسان کرو
اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿39﴾	یا (چاہو تو) روکے رکھو کسی حساب کے بغیر۔ ﴿39﴾
وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا	اور بے شک اس کے لیے ہمارے ہاں
لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿40﴾ ع	یقیناً بڑا قرب اور اچھا ٹھکانا ہے۔ ﴿40﴾
وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ	اور یاد کیجئے ہمارے بندے ایوب کو
اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ	جب اس نے پکارا اپنے رب کو
اَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ	کہ بے شک مجھے پہنچایا ہے شیطان نے
بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ﴿41﴾ اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ	دکھ اور تکلیف۔ ﴿41﴾ (تو اللہ نے فرمایا) تو اپنا پاؤں مار
هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ﴿42﴾	یہ (پانی) ہے نہانے کو ٹھنڈا اور پینے کو (شیریں)۔ ﴿42﴾
وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ	اور ہم نے عطا کر دیے اسے اس کے گھر والے
وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ	اور ان جیسے ان کے ساتھ (اور بھی)

ع 14 12 وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِيْ	: فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔	اذْكُرْ	: ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
هٰذَا	: لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس۔	عَبْدَنَآ	: عبد، عابد، عبادالرحمن۔
عَطَآؤُنَا	: عطیہ، عطاء، عطیات۔	نَادٰى	: ندا، منادی، ندائے ملت۔
فَامْنُنْ	: ممنون، عبدالمنان۔	مَسَّنِيَ	: مس، مساس۔
اَمْسِكْ	: امساک۔	مُغْتَسَلٌ	: غسل، غسیل الملائکہ، غسل خانہ۔
حِسَابٍ	: حساب، بغیر حساب، حساب وکتاب۔	شَرَابٌ	: شراب، شربت، مشروب، اکل وشرب۔
عِنْدَنَا	: عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔	وَهَبْنَا	: ہبہ کرنا، کسبی اور وہبی۔
حُسْنَ	: احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔	مَّعَهُمْ	: مع اہل وعیال، معیت، مع دوست واحباب۔

مُقَرَّنِيْنَ ①	فِي الْاَصْفَادِ (38)	هٰذَا	عَطَآؤُنَا
(جو) سب جکڑے ہوئے	زنجیروں میں	یہ	ہماری عطا (بخشش)

فَامْنُنْ ②	اَوْ	اَمْسِكْ ②	بِغَيْرِ حِسَابٍ ③ (39)	وَاِنَّ
پس (چاہوتو) احسان کرو	یا	روک رکھو	کسی حساب کے بغیر	اور بیشک

لَهٗ	عِنْدَنَا	لَزُلْفٰی ④	وَحُسْنَ	مَاٰبٍ (40) ع	وَ
اس کے لیے	ہمارے ہاں	یقیناً بڑا قرب	اور اچھا	ٹھکانا	اور

ع 14 3 12

اذْكُرْ ②	عَبْدَنَآ	اَيُّوْبَ	اِذْ	نَادٰی	رَبَّهٗٓ
آپ یاد کیجیے	ہمارے بندے	ایوب (کو)	جب	اس نے پکارا	اپنے رب کو

وقف لازم

اَنِّيْ	مَسَّنِيَ ⑤	الشَّيْطٰنُ ⑥	بِنُصْبٍ ⑦	وَّ	عَذَابٍ (41) ط
کہ بیشک میں	چھوا (پہنچایا) ہے مجھے	شیطان (نے)	دکھ سے	اور	تکلیف (سے)

اُرْكُضْ ②	بِرِجْلِكَ ⑦ ج	هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ	بَارِدٌ	وَّشَرَابٌ (42)
(تو اللہ نے فرمایا) تو مار	اپنے پاؤں کو	یہ نہانے (کو)	ٹھنڈا	اور پینے کو

وَ	وَهَبْنَا ⑧	لَهٗٓ	اَهْلَهٗ	وَمِثْلَهُمْ	مَّعَهُمْ
اور	ہم نے عطا کردیے	اس کو	اس کے گھر والے	اور ان جیسے	ان کے ساتھ

ضروری وضاحت

① اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون ہو تو اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ لَ لفظ کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ⑤ فعل کے آخر میں یْ آئے تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ ⑥ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ⑦ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔ ⑧ نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

رَحۡمَةً مِّنَّا	اپنی طرف سے (خاص) رحمت سے
وَذِكۡرٰى لِاُولِى الۡاَلۡبَابِ ﴿43﴾	اور عقل والوں کی نصیحت کے لیے۔ ﴿43﴾
وَخُذۡ بِيَدِكَ ضِغۡثًا	اور پکڑ اپنے ہاتھ میں ایک مٹھا تنکوں کا (یعنی جھاڑو)
فَاضۡرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحۡنَثۡ ؕ	پس مار اس کے ساتھ (اپنی بیوی کو) اور نہ قسم توڑ
اِنَّا وَجَدۡنٰهُ صَابِرًا ؕ	بے شک ہم نے پایا ہے اسے صبر کرنے والا
نِعۡمَ الۡعَبۡدُ ؕ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿44﴾	(وہ) اچھا بندہ تھا یقیناً وہ بہت رجوع کرنے والا تھا۔ ﴿44﴾
وَاذۡكُرۡ عِبٰدَنَاۤ اِبۡرٰهِيۡمَ	اور یاد کیجیے ہمارے بندوں ابراہیم
وَاِسۡحٰقَ وَيَعۡقُوۡبَ اُولِى الۡاَيۡدِىۡ	اور اسحاق اور یعقوب کو (وہ) ہاتھوں (طاقت) والے
وَالۡاَبۡصَارِ ﴿45﴾	اور آنکھوں (بصیرت) والے تھے۔ ﴿45﴾
اِنَّاۤ اَخۡلَصۡنٰهُمۡ	بے شک ہم نے چن لیا انہیں
بِخَالِصَةٍ	ایک خاص صفت کے ساتھ (وہ ہے آخرت کے)
ذِكۡرَى الدَّارِ ﴿46﴾ۚ وَ اِنَّهُمۡ عِنۡدَنَا	گھر کی یاد۔ ﴿46﴾ اور بے شک وہ ہمارے نزدیک

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رَحۡمَةً	: رحمت، رحیم، رحمٰن۔	صَابِرًا	: صبر، صابر وشاکر، صبر وتحمل۔
مِّنَّا	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	نِعۡمَ	: نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
ذِكۡرٰى	: ذکر، اذکار، تذکرہ۔	عِبٰدَنَاۤ	: عبد، عابد، عباد الرحمن۔
لِاُولِى	: اولوا العزم، اولوا العلم۔	الۡاَيۡدِىۡ	: ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
خُذۡ	: اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔	الۡاَبۡصَارِ	: سمع وبصر، بصارت، علیٰ وجہ البصیرت۔
بِيَدِكَ	: ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔	اَخۡلَصۡنٰهُمۡ	: خالص، خلوص، مخلص، اخلاص۔
فَاضۡرِبْ	: ضربِ کاری، مضروب۔	الدَّارِ	: دار فانی، دار الکتب، دیار غیر۔
وَجَدۡنٰهُ	: وجود، موجود، ایجاد۔	عِنۡدَنَا	: عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں، عندیہ۔

رَحْمَةً ①	مِّنَّا	وَ	ذِكْرٰى	لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿43﴾
رحمت سے	اپنی طرف سے	اور	نصیحت	عقل والوں کے لیے

وَخُذْ	بِيَدِكَ ②	ضِغْثًا ③	فَاضْرِبْ	بِّهٖ
اور تو پکڑ	اپنے ہاتھ میں	ایک مٹھا تنکوں کا (یعنی جھاڑو)	پس تو مار	اسکے ساتھ

وَ	لَا تَحْنَثْ ④ ط	اِنَّا	وَجَدْنٰهُ ⑤	صَابِرًا ط
اور	نہ تو قسم توڑ	بے شک ہم	ہم نے پایا ہے اُسے	صبر کرنے والا

نِعْمَ الْعَبْدُ ط	اِنَّهٗٓ	اَوَّابٌ ⑥ ﴿44﴾	وَاذْكُرْ
(وہ) اچھا بندہ (تھا)	یقیناً وہ	بہت رجوع کرنے والا (تھا)	اور آپ یاد کیجیے

عِبٰدَنَآ	اِبْرٰهِيْمَ	وَ	اِسْحٰقَ	وَ	يَعْقُوْبَ
ہمارے بندوں (میں سے)	ابراہیم	اور	اسحاق	اور	یعقوب کو

اُولِي الْاَيْدِيْ ⑦	وَالْاَبْصَارِ ﴿45﴾	اِنَّآ	اَخْلَصْنٰهُمْ ⑧
ہاتھوں (طاقت) والے	اور آنکھوں (والے)	بے شک ہم	ہم نے چن لیا انہیں

بِخَالِصَةٍ ①	ذِكْرَى الدَّارِ ﴿46﴾ ج	وَ	اِنَّهُمْ	عِنْدَنَا
ایک خاص صفت کے ساتھ	(آخرت کے) گھر کی یاد	اور	بے شک وہ	ہمارے نزدیک

ضروری وضاحت

① ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔② یہاں بِ کا ترجمہ میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ لَا کے بعد فعل کے آخر میں جزم ہو تو اس فعل میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑤ ہٗ سے پہلے اگر الف ہو تو یہ اُلٹا پیش کی بجائے صرف پیش ہُ ہو جاتا ہے۔⑥ فَعَّالٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ یعنی اللہ تعالیٰ کی عبادت میں بہت قوی تھے۔⑧ ھُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔

لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ﴿47﴾	یقیناً چنے ہوئے بہترین لوگوں میں سے تھے۔ ﴿47﴾
وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ	اور یاد کیجیے اسماعیل
وَالْيَسَعَ وَ ذَا الْكِفْلِ ؕ	اور یسع اور ذوالکفل کو
وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿48﴾	اور (یہ) سب بہترین لوگوں میں سے تھے۔ ﴿48﴾
هٰذَا ذِكْرٌ ؕ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ	یہ ایک نصیحت ہے، اور بیشک متقی لوگوں کے لیے
لَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿49﴾	یقیناً بہترین ٹھکانا ہے۔ ﴿49﴾
جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً	ہمیشہ رہنے کے باغات ہیں، کھلے ہونگے
لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ﴿50﴾	ان کے لیے (ان کے) دروازے۔ ﴿50﴾
مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ	ان میں تکیہ لگائے ہوئے ہونگے وہ منگوا رہے ہوں گے
فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ﴿51﴾	ان میں بہت سے پھل اور مشروبات۔ ﴿51﴾
وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ﴿52﴾	اور انکے پاس نیچی نگاہ رکھنے والی ہم عمر عورتیں ہونگی ﴿52﴾
هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ	یہ ہے جنکا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْمُصْطَفَيْنَ	مصطفیٰ، نظامِ مصطفوی۔	مُّفَتَّحَةً	: افتتاح، فتح، فاتح، مفتوح۔
الْاَخْيَارِ	: خیر خواہی، صبح بخیر، خیر و شر، شب بخیر۔	الْاَبْوَابُ	: باب، ابواب، باب خیبر۔
اذْكُرْ	: ذکر، اذکار۔ تذکرہ، مذکورہ۔	مُتَّكِـِٕيْنَ	: تکیہ۔
ذَا	: ذوالجلال، ذومعنی، ذومال، ذوالحجہ۔	يَدْعُوْنَ	: دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
كُلٌّ	: کل نمبر، کل تعداد، کلی طور پر۔	شَرَابٍ	: شراب، شربت، مشروب، اکل و شرب۔
هٰذَا	: لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس، ہذا من فضل ربی۔	عِنْدَهُمْ	: عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔
لِلْمُتَّقِيْنَ	: الحمدللہ، لہٰذا/ تقویٰ، متقی۔	مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
لَحُسْنَ	: حسنِ اخلاق، حسنِ معاملہ، احسان۔	تُوْعَدُوْنَ	: وعدہ، وعید، مسیح موعود۔

لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ	الْاَخْيَارِ ﴿47﴾	وَ	اذْكُرْ ①	اِسْمٰعِيْلَ
یقیناً چنے ہوئے لوگوں میں سے	بہترین لوگ	اور	آپ یاد کیجیے	اسماعیل

وَالْيَسَعَ	وَ	ذَا الْكِفْلِ ؕ	وَكُلٌّ	مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿48﴾
اور یسع	اور	ذوالکفل (کو)	اور (یہ) سب	بہترین لوگوں میں سے (تھے)

هٰذَا	ذِكْرٌ ؕ	وَاِنَّ ②	لِلْمُتَّقِيْنَ ③	لَحُسْنَ ④	مَاٰبٍ ﴿49﴾ لا
یہ	ایک نصیحت ہے	اور بیشک	متقی لوگوں کے لیے	یقیناً بہترین	ٹھکانا (ہے)

جَنّٰتِ عَدْنٍ ⑤	مُّفَتَّحَةً ⑤	لَّهُمُ	الْاَبْوَابُ ﴿50﴾ ج
ہمیشہ رہنے کے باغات	کھلے ہونگے	ان کے لیے	دروازے

مُتَّكِـِٕيْنَ	فِيْهَا ⑥	يَدْعُوْنَ	فِيْهَا ⑥	بِفَاكِهَةٍ ⑦⑤
سب تکیہ لگائے ہوئے (ہونگے)	ان میں	وہ سب منگوا رہے ہوں گے	ان میں	پھل

كَثِيْرَةٍ ⑤	وَّ	شَرَابٍ ﴿51﴾	وَ	عِنْدَهُمْ	قٰصِرٰتُ ⑤
بہت سے	اور	مشروبات	اور	ان کے پاس	نیچی رکھنے والی

الطَّرْفِ	اَتْرَابٌ ﴿52﴾	هٰذَا	مَا	تُوْعَدُوْنَ ⑧
نگاہ	ہم عمر (بیویاں)	یہ ہے	جن کا	تم سب سے وعدہ کیا جاتا تھا

ضروری وضاحت

①فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون ہو تو اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔② اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔③ لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔④لفظ کے شروع میں لَ تاکید کی علامت ہے۔⑤ ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ ھَا واحد مؤنث کی علامت ہے لیکن کبھی جمع کے لیے بھی استعمال ہو جاتی ہے۔⑦یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔

لِيَوۡمِ الۡحِسَابِ ﴿53﴾	یوم حساب کے لیے۔ ﴿53﴾
اِنَّ هٰذَا لَرِزۡقُنَا	بے شک یہ یقیناً ہمارا رزق ہے
مَا لَهٗ مِنۡ نَّفَادٍ ﴿54﴾	نہیں ہے اس کے لیے کبھی ختم ہونا۔ ﴿54﴾
هٰذَا ؕ وَاِنَّ	یہ (نعمتیں تو فرمانبرداروں کے لیے ہیں) اور بے شک
لِلطّٰغِيۡنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ﴿55﴾	سرکشوں کے لیے یقیناً بہت بُرا ٹھکانا ہے۔
جَهَنَّمَ ۚ يَصۡلَوۡنَهَا ۚ	(یعنی) جہنم، وہ داخل ہونگے اس میں
فَبِئۡسَ الۡمِهَادُ ﴿56﴾ هٰذَا ۙ	پس وہ بُری آرام گاہ ہے۔ ﴿56﴾ یہ ہے (سزا)
فَلۡيَذُوۡقُوۡهُ حَمِيۡمٌ وَّغَسَّاقٌ ﴿57﴾	تو وہ چکھیں اس کو کھولتا ہوا پانی اور پیپ۔ ﴿57﴾
وَّاٰخَرُ مِنۡ شَكۡلِهٖۤ اَزۡوَاجٌ ﴿58﴾	اور دوسرے (عذاب) اس کی مثل کئی قسم کے۔ ﴿58﴾
هٰذَا فَوۡجٌ مُّقۡتَحِمٌ	یہ ایک گروہ ہے (جو) داخل ہونے والا ہے
مَّعَكُمۡ ۚ لَا مَرۡحَبًۢا بِهِمۡ ؕ	تمہارے ساتھ ان کو کوئی خوش آمدید نہیں
اِنَّهُمۡ صَالُوا النَّارِ ﴿59﴾	بیشک وہ داخل ہونے والے ہیں آگ میں۔ ﴿59﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِيَوۡمِ	یوم، ایام، یوم آخرت۔	مِنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
الۡحِسَابِ	حساب وکتاب، محتسب، احتساب۔	شَكۡلِهٖۤ	شکل وصورت، بیضوی شکل، خوش شکل۔
لِلطّٰغِيۡنَ	الحمدللہ، لہٰذا/ طغیانی۔	اَزۡوَاجٌ	زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔
لَشَرَّ	خیروشر، شریر، شرارت۔	فَوۡجٌ	فوج، افواج، فوج درفوج۔
هٰذَا	لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس۔	مَّعَكُمۡ	مع اہل وعیال، معیت۔
وَ	شان وشوکت، سحر وافطار، لیل ونہار۔	لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
فَلۡيَذُوۡقُوۡهُ	ذائقہ، خوش ذائقہ، بد ذائقہ۔	مَرۡحَبًۢا	مرحبا، اہلاً وسہلاً ومرحبا۔
اٰخَرُ	اُخروی زندگی، اول وآخر۔	النَّارِ	یہ خاک کی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔

لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿53﴾	اِنَّ	هٰذَا	لَرِزْقُنَا ①	مَا
یوم حساب کے لیے	بے شک	یہ	یقیناً ہمارا رزق (ہے)	نہیں (ہے)

لَهٗ	مِنْ نَّفَادٍ ﴿54﴾ ②	هٰذَا ؕ	وَ	اِنَّ	لِلطّٰغِيْنَ
اس کے لیے	(کبھی) ختم ہونا	یہ	اور	بے شک	سرکشوں کے لیے

لَشَرَّ	مَاٰبٍ ﴿55﴾ لا	جَهَنَّمَ ج	يَصْلَوْنَهَا ج	فَبِئْسَ ③
یقیناً بہت بُرا	ٹھکانا (ہے)	جہنم	وہ سب داخل ہونگے اس میں	پس وہ بری ہے

الْمِهَادُ ﴿56﴾	هٰذَا لا	فَلْيَذُوْقُوْهُ ③④⑤	حَمِيْمٌ	وَّغَسَّاقٌ ﴿57﴾ لا
آرام گاہ	یہ ہے (سزا)	تو چاہیے کہ وہ سب چکھیں اس کو	کھولتا ہوا پانی	اور پیپ

وَّ	اٰخَرُ	مِنْ شَكْلِهٖٓ ②	اَزْوَاجٌ ﴿58﴾ ط	هٰذَا
اور	دوسرے (عذاب)	اس کی مثل	کئی قسم کے	یہ

فَوْجٌ ⑥	مُّقْتَحِمٌ ⑦	مَّعَكُمْ ج	لَا مَرْحَبًا ⑥
ایک گروہ	داخل ہونے والے	تمہارے ساتھ	کوئی خوش آمدید نہیں

بِهِمْ ط	اِنَّهُمْ	صَالُوا	النَّارِ ﴿59﴾
ان کو	بیشک وہ	وہ سب داخل ہونے والے (ہیں)	آگ (میں)

ضروری وضاحت

① لَ اسم، فعل اور حرف کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ② یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ③ علامت فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو، پھر اور کبھی ورنہ کیا جاتا ہے۔ ④ علامت وَ یا فَ کے بعد "لْ" کا ترجمہ چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ⑤ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا الف گر جاتا ہے۔ ⑥ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک یا کوئی کیا گیا ہے۔ ⑦ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ قف	وہ کہیں گے بلکہ تم ہو (ایسے کہ)
لَا مَرْحَبًا بِكُمْ ط	تمہارے لیے کوئی خوش آمدید نہیں
اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ج	تم ہی ہمارے آگے لائے ہو اس (عذاب) کو
فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿60﴾ قَالُوْا	پس (یہ) برا ٹھکانہ ہے۔﴿60﴾ وہ کہیں گے
رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا	اے ہمارے رب جو اسکو ہمارے آگے لایا ہے
فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿61﴾	پس زیادہ کر اسکے لیے آگ میں دگنا عذاب۔﴿61﴾
وَقَالُوْا مَا لَنَا لَا نَرٰى	اور وہ کہیں گے کیا ہوا ہمیں (کہ) ہم نہیں دیکھ رہے
رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ	ان آدمیوں کو (کہ) ہم شمار کرتے تھے انہیں
مِّنَ الْاَشْرَارِ ط ﴿62﴾	برے لوگوں میں سے۔﴿62﴾
اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا	کیا ہم نے بنائے رکھا انہیں مذاق (غلط طور پر)
اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿63﴾	یا پھر گئیں ہیں ان سے (ہماری) نگاہیں۔﴿63﴾
اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ	بے شک یہ یقیناً حق ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالُوْا	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	نَرٰى	: رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
بَلْ	: بلکہ۔	رِجَالًا	: رجال کار، قحط الرجال۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	نَعُدُّهُمْ	: عدد، معدود، متعدد، تعداد، اعداد وشمار۔
مَرْحَبًا	: مرحبا، اہلاً وّ سہلاً وّ مرحبا۔	الْاَشْرَارِ	: خیر وشر، شریر، شرارت۔
قَدَّمْتُمُوْهُ	: مقدّم، مقدّمہ، اقدام، قدم۔	اَتَّخَذْنٰهُمْ	: اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
الْقَرَارُ	: جائے قرار، استقرار۔	سِخْرِيًّا	: تمسخر، مسخرہ پن۔
فَزِدْهُ	: زیادہ، مزید، زائد۔	الْاَبْصَارُ	: سمع وبصر، بصارت، علٰی وجہ البصیرت۔
ضِعْفًا	: ذو اضعاف اقل۔	لَحَقٌّ	: حق گوئی، حقانیت دین اسلام۔

قَالُوْا ①	بَلْ	اَنْتُمْ قف	لَا مَرْحَبًا	بِكُمْ ط
وہ سب کہیں گے	بلکہ	تم (ہوا یسے کہ)	کوئی خوش آمدید نہیں	تم کو

اَنْتُمْ	قَدَّمْتُمُوْهُ ②	لَنَا ③ ج	فَبِئْسَ	الْقَرَارُ ﴿60﴾
تم	تم سب آگے لائے ہو اس کو	ہمارے لیے	پس برا ہے	ٹھکانہ

قَالُوْا ①	رَبَّنَا ④	مَنْ	قَدَّمَ	لَنَا ③	هٰذَا
وہ سب کہیں گے	(اے) ہمارے رب	جو	آگے لایا ہے	ہمارے	یہ

فَزِدْهُ ⑤	عَذَابًا	ضِعْفًا	فِي النَّارِ ﴿61﴾	وَ	قَالُوْا ①
پس زیادہ کر اسکے لیے	عذاب	دُگنا	آگ میں	اور	وہ سب کہیں گے

مَا	لَنَا ③	لَا نَرٰى	رِجَالًا	كُنَّا نَعُدُّهُمْ ⑥
کیا (ہوا)	ہم کو	(کہ) ہم نہیں دیکھ رہے	(ان) آدمیوں (کو)	ہم تھے شمار کرتے انہیں

مِّنَ الْاَشْرَارِ ط ﴿62﴾	اَتَّخَذْنٰهُمْ	سِخْرِيًّا	اَمْ	زَاغَتْ ⑦
برے لوگوں میں سے	کیا ہم نے بنائے رکھا اُنہیں	مذاق	یا	پھر گئیں ہیں

عَنْهُمُ	الْاَبْصَارُ ﴿63﴾	اِنَّ	ذٰلِكَ ⑧	لَحَقٌّ
ان سے	(ہماری) نگاہیں	بے شک	یہ	یقیناً حق (ہے)

ضروری وضاحت

① قَالُوْا فعل ماضی ہے ضرورتاً مستقبل میں ترجمہ کیا گیا ہے۔② تُمْ کے بعد کوئی اور علامت لگانی ہو تو تُمُ اور اس علامت کے درمیان وْ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔③ لَنَا میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔④ یہ دراصل یَا رَبَّنَا تھا، شروع سے یَا تخفیف کے لیے گرا ہوا ہے۔⑤ ہٗ سے پہلے اگر جزم ہو تو یہ ہُ ہو جاتا ہے۔⑥ نَا اور نَ دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔⑦ تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے۔⑧ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔

ع 4 24 13

تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿64﴾	اہل دوزخ کا باہم جھگڑنا۔ ﴿64﴾
قُلْ اِنَّمَآ اَنَا	آپ کہہ دیجیے بے شک میں تو صرف
مُنْذِرٌ ۖ وَّ مَا مِنْ اِلٰهٍ	ایک ڈرانے والا ہوں اور نہیں کوئی سچا معبود
اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿65﴾	مگر اللہ (جو) اکیلا ہے غالب ہے۔ ﴿65﴾
رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	رب ہے آسمانوں اور زمین کا
وَمَا بَيْنَهُمَا	اور جو ان دونوں کے درمیان ہے (اس کا بھی)
الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ﴿66﴾	بہت غالب بہت بخشنے والا ہے۔
قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ﴿67﴾	آپ کہہ دیجیے وہ ایک عظیم خبر ہے۔ ﴿66﴾
اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ﴿68﴾	تم اس سے اعراض کرنے والے ہو۔ ﴿68﴾
مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰٓى	نہیں تھا مجھے کچھ علم مجلسِ بالا کا
اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿69﴾	جب وہ آپس میں جھگڑ رہے تھے۔ ﴿69﴾
اِنْ يُّوْحٰٓى اِلَيَّ اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا	نہیں وحی کی جاتی میری طرف مگر صرف (یہ کہ) میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَخَاصُمُ، يَخْتَصِمُوْنَ : مخاصمت۔

اَهْلِ	اہل وعیال، اہل خانہ، اہلِ بیت۔	بَيْنَهُمَا	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
مُنْذِرٌ	بشارت وانذار، نذیر۔	الْغَفَّارُ	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
اِلٰهٍ	الہ العالمین، توحید الوہیت، یا الٰہی۔	قُلْ	قول، اقوال، قائل، مقولہ۔
الْقَهَّارُ	قہر، قاہر، قہار۔	نَبَؤٌا	نبی، نبوت، انبیاء۔
السَّمٰوٰتِ	کتب سماویہ، ارض وسماء۔	عَظِيْمٌ	اجر عظیم، معظم، تعظیم۔
الْاَرْضِ	ارض وسما، قطعہ ارض، ارض مقدس۔	مُعْرِضُوْنَ	اعراض کرنا۔
مَا	ماحول، ماتحت، ماتحت۔	الْاَعْلٰى	اعلیٰ وارفع، وزیر اعلیٰ، عالی شان۔
		يُوْحٰى	وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔

ع 4 24 13

تَخَاصُمُ ①	اَهْلِ النَّارِ ﴿64﴾ ع	قُلْ	اِنَّمَآ	اَنَا
باہم جھگڑنا	اہل دوزخ (کا)	آپ کہہ دیجیے	بے شک صرف	میں (تو)

مُنْذِرٌ ②③ صلے	وَّ	مَا	مِنْ اِلٰهٍ ③④	اِلَّا اللّٰهُ	الْوَاحِدُ
ایک ڈرانے والا (ہوں)	اور	نہیں	کوئی سچا معبود	مگر اللہ (جو)	ایک (ہے)

الْقَهَّارُ ﴿65﴾ ج	رَبُّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا
بہت غالب (ہے)	رب (ہے)	آسمانوں	اور زمین (کا)	اور جو	ان دونوں کے درمیان

الْعَزِيْزُ	الْغَفَّارُ ﴿66﴾	قُلْ	هُوَ	نَبَؤٌا	عَظِيْمٌ ﴿67﴾ لا
بہت غالب	بہت بخشنے والا (ہے)	آپ کہہ دیجیے	وہ	ایک خبر	عظیم

اَنْتُمْ	عَنْهُ ⑤	مُعْرِضُوْنَ ② ﴿68﴾	مَا	كَانَ	لِیَ
تم	اس سے	سب اعراض کرنے والے ہو	نہیں	تھا	مجھ کو

مِنْ عِلْمٍ ③④	بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰٓى	اِذْ	يَخْتَصِمُوْنَ ﴿69﴾
کوئی علم	مجلسِ بالا کا	جب	وہ سب آپس میں جھگڑ رہے تھے

اِنْ ⑥	يُّوْحٰٓى ⑦	اِلَیَّ ⑧	اِلَّآ	اَنَّمَآ	اَنَا
نہیں	وحی کی جاتی	میری طرف	مگر	صرف (یہ کہ)	میں

ضروری وضاحت

①اس فعل میں موجود تَ اور ا میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔②اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔③ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④یہاں علامت مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ہٗ سے پہلے اگر جزم ہو تو یہ ہٗ ہو جاتا ہے۔⑥اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اسکا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑦یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں اور یَ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧اِلَیَّ دراصل اِلٰی + یْ کا مجموعہ ہے۔

نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿70﴾	کھول کر ڈرانے والا ہوں۔ ﴿70﴾
اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ	جب کہا آپ کے رب نے فرشتوں سے
اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا	بے شک میں پیدا کرنے والا ہوں ایک انسان
مِّنْ طِيْنٍ ﴿71﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ	مٹی سے۔ ﴿71﴾ تو جب میں درست کرلوں اسے
وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ	اور میں پھونک دوں اس میں اپنی روح سے
فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿72﴾	تو تم گر جاؤ اس کے لیے سجدہ کرتے ہوئے۔ ﴿72﴾
فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿73﴾	تو سجدہ کیا اُن سب فرشتوں نے اکٹھے۔ ﴿73﴾
اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اِسْتَكْبَرَ	سوائے ابلیس کے، اس نے تکبر کیا
وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿74﴾	اور وہ ہوگیا کافروں میں سے۔ ﴿74﴾
قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ	(اللہ نے) فرمایا اے ابلیس کس (چیز) نے تجھے منع کیا
اَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ	کہ تو سجدہ کرے (اس) کو جسے میں نے پیدا کیا
بِيَدَيَّ ؕ اَسْتَكْبَرْتَ	اپنے ہاتھوں سے کیا تو نے تکبر کیا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مُّبِيْنٌ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
لِلْمَلٰٓئِكَةِ : ملائکہ، ملک الموت۔
خَالِقٌۢ : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
بَشَرًا : بشر، بشری تقاضا، نور و بشر، خیر البشر۔
سَوَّيْتُهٗ : مساوی، مساوات، خط استواء۔
نَفَخْتُ : نفخہ اولیٰ، نفّاخ، نفخ۔
فِيْهِ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
سٰجِدِيْنَ، فَسَجَدَ : سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد۔
الْمَلٰٓئِكَةُ : ملائکہ، ملک الموت، سید الملائکہ۔
اَجْمَعُوْنَ : جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
اِبْلِيْسَ : ابلیس، ذریت ابلیس، تلبیس ابلیس۔
اِسْتَكْبَرَ : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
مَنَعَكَ : منع، مانع، ممنوع، ممانعت۔
خَلَقْتُ : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
لِمَا : ماحول، ماتحت، ماجرا۔

نَذِيۡرٌ	مُّبِيۡنٌ ﴿70﴾	اِذۡ قَالَ	رَبُّكَ	لِلۡمَلٰٓئِكَةِ ①	اِنِّىۡ
ڈرانے والا	کھول کر	جب کہا	آپ کے رب نے	فرشتوں سے	بیشک میں

خَالِقٌۢ ②	بَشَرًا	مِّنۡ طِيۡنٍ ﴿71﴾	فَاِذَا	سَوَّيۡتُهٗ
پیدا کرنے والا (ہوں)	ایک انسان	مٹی سے	تو جب	میں درست کرلوں اسے

وَنَفَخۡتُ	فِيۡهِ	مِنۡ رُّوۡحِىۡ ③	فَقَعُوۡا	لَهٗ
اور میں پھونک دوں	اس میں	اپنی روح سے	تو تم سب گر جاؤ	اس کے لیے

سٰجِدِيۡنَ ﴿72﴾	فَسَجَدَ	الۡمَلٰٓئِكَةُ ④	كُلُّهُمۡ	اَجۡمَعُوۡنَ ﴿73﴾ لا
سب سجدہ کرتے ہوئے	تو سجدہ کیا	فرشتوں (نے)	ان سب نے	سب اکٹھے

اِلَّاۤ	اِبۡلِيۡسَ ط	اِسۡتَكۡبَرَ	وَكَانَ ⑤	مِنَ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿74﴾
سوائے	ابلیس (کے)	اس نے تکبر کیا	اور وہ ہوگیا	کافروں میں سے

قَالَ	يٰۤاِبۡلِيۡسُ	مَا ⑥	مَنَعَكَ	اَنۡ	تَسۡجُدَ
(اللہ نے) فرمایا	اے ابلیس	کس (چیز) نے	تجھے منع کیا	کہ	تو سجدہ کرے

لِمَا	خَلَقۡتُ	بِيَدَىَّ ط ⑦	اَ	سۡتَكۡبَرۡتَ ⑧
(اس) کو جسے	میں نے پیدا کیا	اپنے ہاتھوں سے	کیا	تو نے تکبر کیا

ضروری وضاحت

① قَالَ وغیرہ کے بعد لِ کا ترجمہ سے کیا جاتا ہے۔② فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔③ ىْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ میرا یا اپنا کیا جاتا ہے۔④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اسکا فاعل ہوتا ہے۔⑤ كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا کبھی ہوگیا بھی کیا جاتا ہے۔⑥ مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔⑦ بِيَدَىَّ اصل میں بِيَدَىْ + ىَ تھا دونوں ى کو ملا کر شدّ دی گئی ہے۔⑧ اصل میں اَاِسۡتَكۡبَرۡتَ تھا تخفیف کے لیے دوسرا "اِ" گرایا گیا ہے۔

اَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِيْنَ ﴿75﴾	یا تو تھا اونچے لوگوں میں سے۔ ﴿75﴾
قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ؕ	اس نے کہا میں بہتر ہوں اس سے
خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ	(کیونکہ) تو نے پیدا کیا ہے مجھے آگ سے
وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ﴿76﴾	اور تو نے پیدا کیا اسے مٹی سے۔ ﴿76﴾
قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا	(اللہ نے) فرمایا پھر تو نکل جا اس سے (یعنی اس مقام سے)
فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ۚ﴿77﴾ وَّاِنَّ	پس بے شک تو مردود ہے۔ ﴿77﴾ اور بے شک
عَلَيْكَ لَعْنَتِيْٓ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿78﴾	تجھ پر میری لعنت ہے یوم جزا تک۔ ﴿78﴾
قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ	اس نے کہا اے میرے رب پھر تو مہلت دے مجھے
اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿79﴾	اس دن تک (جس میں) یہ سب اٹھائے جائیں گے۔ ﴿79﴾
قَالَ فَاِنَّكَ	(اللہ نے) فرمایا تو بے شک تو
مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ۙ﴿80﴾	مہلت دیے جانے والوں میں سے ہے۔ ﴿80﴾
اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿81﴾	مقرر وقت کے دن تک۔ ﴿81﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِيَدَيَّ	: ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔	رَجِيْمٌ	: رجم، رجیم، حدرجم۔
الْعَالِيْنَ	: عالی شان، جناب عالی، اللہ تعالیٰ۔	عَلَيْكَ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
قَالَ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	لَعْنَتِيْ	: لعن طعن، لعنت، لعین، ملعون۔
خَيْرٌ	: جزائے خیر، خیریت، خیر وشر۔	اِلٰى	: مرسل الیہ، رجوع الی اللہ، الداعی الی الخیر۔
مِّنْهُ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	يَوْمِ	: یوم، ایام، یوم آخرت۔
خَلَقْتَنِيْ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	يُبْعَثُوْنَ	: بعث بعد الموت، بعثت، مبعوث۔
نَّارٍ	: یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔	الْوَقْتِ	: میقات حج، وقت، اوقات۔
فَاخْرُجْ	: خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	الْمَعْلُوْمِ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔

اَمْ كُنْتَ ①	مِنَ الْعَالِيْنَ ﴿75﴾	قَالَ	اَنَا	خَيْرٌ	مِّنْهُ ط
یا تو تھا	اُونچے لوگوں میں سے	اس نے کہا	میں	بہتر (ہوں)	اس سے

خَلَقْتَنِيْ ②	مِنْ نَّارٍ	وَّخَلَقْتَهٗ	مِنْ طِيْنٍ ﴿76﴾
تو نے پیدا کیا ہے مجھے	آگ سے	اور تو نے پیدا کیا اسے	مٹی سے

قَالَ	فَاخْرُجْ ③	مِنْهَا	فَاِنَّكَ	رَجِيْمٌ ﴿77﴾ صلے
(اللہ نے) فرمایا	پھر تو نکل جا	اس سے	پس بے شک تو	مردود

وَّاِنَّ	عَلَيْكَ	لَعْنَتِيْ	اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿78﴾
اور بے شک	تجھ پر	میری لعنت (ہے)	یوم جزا تک

قَالَ	رَبِّ ④	فَاَنْظِرْنِيْ ②③	اِلٰى يَوْمِ
اس نے کہا	(اے) میرے رب	پھر تو مہلت دے مجھے	اس دن تک

يُبْعَثُوْنَ ⑤ ﴿79﴾	قَالَ	فَاِنَّكَ ③
(جس میں) وہ سب اٹھائے جائیں گے	(اللہ نے) فرمایا	تو بے شک تو

مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ⑥ ﴿80﴾ لا	اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿81﴾
مہلت دیے جانے والوں میں سے	مقرر وقت کے دن تک

ضروری وضاحت

①علامت اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔②فعل کے ساتھ علامت یِ آئے تو فعل اور اس یِ کے درمیان نِ کا اضافہ ضرور کیا جاتا ہے۔③ علامت فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو کبھی پھر اور کبھی ورنہ کیا جاتا ہے۔④ رَبِّ اصل میں یَا رَبِّیْ تھا شروع سے یا اور آخر سے یِ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہیں۔⑤ علامت یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جانے والا کا مفہوم ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

قَالَ فَبِعِزَّتِكَ	اس نے کہا پس تیری عزت کی قسم
لَاُغْوِيَنَّهُمْ	میں ضرور بالضرور گمراہ کروں گا انہیں
اَجْمَعِيْنَ ﴿82﴾	سب کے سب کو۔ ﴿82﴾
اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ	سوائے ان میں سے تیرے (اُن) بندوں کے (جو)
الْمُخْلَصِيْنَ ﴿83﴾ قَالَ	خالص کیے (چنے) ہوئے ہیں۔ ﴿83﴾ (اللہ نے) فرمایا
فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ﴿84﴾	تو حق (یہ) ہے اور میں حق بات ہی کہتا ہوں۔ ﴿84﴾
لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ	(کہ) بلاشبہ ضرور میں بھر دونگا جہنم کو تجھ سے
وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ	اور ان سے جنہوں نے ان میں سے تیری پیروی کی
اَجْمَعِيْنَ ﴿85﴾	سب کے سب سے۔ ﴿85﴾
قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ	آپ کہہ دیجیے میں تم سے نہیں مانگتا اس پر کوئی اجرت
وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿86﴾	اور نہ میں تکلّف کرنے والوں میں سے ہوں۔ ﴿86﴾
اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ	نہیں ہے وہ (قرآن) مگر ایک نصیحت

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالَ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	تَبِعَكَ : اتباع، تابع، متبع سنت۔
فَبِعِزَّتِكَ : عزت، باعزت، معزز۔	قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
لَاُغْوِيَنَّهُمْ : مغوی، اغواء کار، اغواء برائے تاوان۔	اَسْـَٔلُكُمْ : سوال، سائل، مسئول۔
اَجْمَعِيْنَ : جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔	عَلَيْهِ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
اِلَّا : اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔	اَجْرٍ : اجر و ثواب، اجر عظیم، اجرت۔
عِبَادَكَ : عبد، عابد، عباد الرحمن۔	الْمُتَكَلِّفِيْنَ : تکلّف، تکلیف، مکلّف۔
مِنْهُمْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اِلَّا : اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
الْمُخْلَصِيْنَ : خالص، خلوص، مخلص۔	ذِكْرٌ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔

قَالَ	فَبِعِزَّتِكَ ①	لَاُغْوِيَنَّهُمْ ②③
اس نے کہا	پس تیری عزت کی قسم	میں ضرور بالضرور گمراہ کروں گا انہیں

اَجْمَعِيْنَ ﴿82﴾ ④ لا	اِلَّا	عِبَادَكَ	مِنْهُمُ
سب کے سب (کو)	سوائے	تیرے ان بندوں کے (جو)	ان میں سے

الْمُخْلَصِيْنَ ﴿83﴾ ⑤	قَالَ	فَالْحَقُّ ① ز	وَ	الْحَقَّ
سب خالص کیے (چنے) ہوئے	فرمایا	تو حق (یہ ہے)	اور	حق بات (ہی)

اَقُوْلُ ﴿84﴾ ج	لَاَمْلَئَنَّ	جَهَنَّمَ	مِنْكَ	وَمِمَّنْ ⑥
میں کہتا ہوں	(کہ) بلاشبہ ضرور میں بھر دوں گا	جہنم (کو)	تجھ سے	اور ان سے جنہوں نے

تَبِعَكَ	مِنْهُمْ	اَجْمَعِيْنَ ﴿85﴾	قُلْ	مَآ
تیری پیروی کی	ان میں سے	سب کے سب (سے)	آپ کہہ دیجیے	نہیں

اَسْئَلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ ⑦⑧	وَّمَآ	اَنَا
میں تم سے مانگتا	اس پر	کوئی اُجرت	اور نہ	میں

مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿86﴾	اِنْ ⑨	هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٌ ⑧
تکلّف کرنے والوں میں سے ہوں	نہیں	وہ (قرآن)	مگر	ایک نصیحت

ضروری وضاحت

① فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو، پھر اور کبھی ورنہ کیا جاتا ہے۔② فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔③ هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔④ اَجْمَعِيْنَ لفظی تاکید کے لیے استعمال ہوتا ہے۔⑤ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جانے والا کا مفہوم ہے۔⑥ مِمَّنْ دراصل مِنْ + مَنْ کا مجموعہ ہے۔⑦ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑨ اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿87﴾ وَ لَتَعْلَمُنَّ — تمام جہانوں کے لیے ﴿87﴾ اور بلاشبہ ضرور تم جان لوگے

نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ﴿88﴾ ع — اس کی خبر کچھ وقت کے بعد۔ ﴿88﴾

ع 5 24 14

اٰیَاتُھَا 75 — 39 سُوْرَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ 59 — رُكُوْعَاتُھَا 8

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ — (یہ) نازل کردہ کتاب ہے اللہ کی طرف سے

الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿1﴾ — (جو) بہت غالب بڑا حکمت والا ہے۔ ﴿1﴾

اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ — بلاشبہ ہم نے نازل کی ہے آپ کی طرف

الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ — (یہ) کتاب حق کے ساتھ پس عبادت کیجیے اللہ کی

مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ﴿2﴾ ط — خالص کرتے ہوئے اسکے لیے دین (بندگی) کو۔ ﴿2﴾

اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ط — خبردار اللہ کے لیے ہے خالص عبادت

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ م — اور جنہوں نے بنا رکھے ہیں اسکے سوا (اور) کارساز

وقف لازم

مَا نَعْبُدُهُمْ — (اور کہتے ہیں کہ) نہیں ہم عبادت کرتے ان کی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِلْعٰلَمِيْنَ	: الحمد للہ، لہٰذا/ اقوام عالم، رحمۃ للعلمین۔	الْحَكِيْمِ	: حکیم، حکمت، حکماء، حکیم الامت۔
